اگر کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور لڑکی والے بلا وجہ انکار کر رہے ہوں حالانکہ جوڑ بھی صحیح، لڑکا شکل وصورت اور ملازمت کاروبار میں ٹھیک ہو تو اس کیلئے یہ عمل کرے اور اللہ سے دعا کرے یا اللہ اگر یہ رشتہ میرے حق میں بہتر ہے تو اس کو میرے لیے آسان کردیں۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد جب سب لوگ سو جائیں تو دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور تشہد کی صورت میں خوب توجہ کے ساتھ قبلہ کی طرف رخ کرکے بیٹھے اور (450) مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب کا تصور کرتے ہوئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ آل عمران: ۱۷۳) پڑھے اور اس کے بعد 7 مرتبہ حزب البحر (دعائے جزب البحر) پڑھے۔ اسی طرح روزانہ کرتا رہے، انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

کڑوی بیوی کو اپنی محبت میں دیوانہ کردینے والا عمل

اگر کسی شخص کی بیوی یا بچے نافرمانی کرتے ہوں یا بیوی بہت ہی کڑوی ہو بات بات میں کاٹ کھانے کو دوڑتی ہو، بچوں اور بیوی کے دلوں میں محبت پیدا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو بسم اللہ کے ساتھ لکھ کر ایک ڈبہ میں یا بوتل میں بند کرکے اس کے چاروں طرف اور بوتل کے منہ پر موم لگائے اور موم اس کے اوپر لگائے اس پر نام طالب اور مطلوب بمعہ نام والدہ کے لکھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کردو پتھروں کے درمیان ایسی اندھیری جگہ دبائے جہاں پر سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ روٹھ کر گھر سے جانے والی عورت واپس آجائے گی اور اس کی محبت میں دیوانی ہوگی ایک پل بھی اس کے بغیر نہ رہ سکے گی، اولاد بھی فرمانبرداری کرے گی وہ آیتیں یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ۔ (سورۃ النور: ۴۰)

نوٹ: لکھتے ہوئے اعراب ڈالنے کی ضرورت نہیں۔

پتھر دل بیوی کو موم کی طرح پگھلانے والا عمل

یہ ایک ایسا عمل ہے جو پتھر سے پتھر دل مطلوب و محبوب کو اپنی محبت میں دیوانہ وار کرنے کا مجرب المجرب اور تاثیر میں ڈوبا ہوا عمل ہے۔ مگر جائز جگہ استعمال کریں۔ اس عمل کے اثرات اتنے قوی الاثر ہیں کہ ایک ہفتہ میں مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ عمل میں جو سورہ فیل با موکل تلاوت کی جاتی ہے وہ یہ ہے۔


آگ شفاء

قیمت
80.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

جلے ہوئے زخم کیلئے بہترین مرہم

جلے زخم کا نشان تک ختم

پر لگانے سے ٹھنڈک کا احساس

کٹ، چوٹ لگنے، پھوڑے پھنسی کا بھی شافی علاج ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ اَلَمْ تَرَ كَيْف ۔ وَيَا حَرْوَزَائِيْلُ بِحَقِّ فَعَلَ ۔ وَيَا اَمْوَاكِيْلُ بِحَقِّ رَبُّكَ ۔ وَيَا جِبْرَائِيْلُ بِحَقِّ بِاَصْحَابِ الْفِيْل ۔ وَيَا طَاطَائِيْلُ بِحَقِّ اَلَمْ يَجْعَلْ ۔ وَيَا دَرْدَائِيْلُ بِحَقِّ كَيْدَهُمْ ۔ وَيَا سَرْحَمَائِيْلُ بِحَقِّ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۔ وَيَا رَفْتَمَائِيْلُ بِحَقِّ وَاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ ۔ وَيَا يَا اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۔ وَيَا عِزْرَائِيْلُ بِحَقِّ تَرْمِيْهِمْ ۔ وَيَا يَاتَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ بِحِجَارَةٍ ۔ وَيَا رَوْيَائِيْلُ بِحَقِّ كَعَصْفٍ مَّاكُوْل ۔ اَلْقُوْ اَلْمُحَبَّتَ وَالْمُوَدَّةَ فِيْ قَلْبِ فلاں بن فلاں وَعَقْدُوْنَوْمَهَا ۔ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةَ اَلْوَاحَا ۔

طریقہ (1) نوچندی شب اتوار سے شروع کریں۔ بخور گوگل و کندر کا روشن کریں۔ خلوت کی شرط کے ساتھ عمل کی مدت صرف ایک ہفتہ ہے۔ شہد کی مکھی کے چھتے کا موم لے کر اس سے ایک ہاتھی بنا کر اسے سیاہ روشنائی سے کالا کر دیں۔ اور ہاتھی کا منہ خانہ مطلوب و محبوب کی طرف کریں۔ اعداد اسم مطلوب کے مطابق مندرجہ بالا سورۂ فیل باموکل روزانہ پڑھ کر سندور چٹکی پر دم کر کے ہاتھی پر ڈال دیں اور ہاتھی پر بھی دم کریں۔ پھر آخر میں اکتالیس بار یہ کہیں: ”آج رات فلاں بنت فلاں کے پاس جا اور اسے میری محبت میں سونے نہ دے“۔

روزانہ بعد از نماز عشاء اسی طریقہ سے عمل کریں۔ خلوت خانہ میں کوئی اور نہ جائے اور نہ ہی ہاتھی کی جگہ تبدیل کریں۔ انشاء اللہ پہلی رات سے ہی ہاتھی مطلوب کو سونے نہ دے گا اور ایک ہفتہ کے اندر اندر سخت گیر حاکم کو بھی مسخر کیا جا سکتا ہے۔ حُب کے سخت ترین اعمال میں سے ہے۔ جہاں نرمی سے کام نہ نکل سکے وہاں پر یہ عمل کام دیتا ہے اور مطلوب کے دل میں طالب کی ایسی ہیبت طاری ہوتی ہے کہ مطلوب ہمیشہ کے لیے مغلوب ہو جاتا ہے اور کبھی نافرمانی نہیں کرتا۔

طریقہ نمبر (2): ماش سیاہ کے آٹے سے لمبے دانتوں والا ہاتھی بنائیں اور اس پر فیل بان بھی بنا کر بٹھائیں۔ دونوں پر سیاہ رنگ کر دیں۔ مطلوب کا پتلا بھی ماش کے آٹے سے بنائیں۔ فیل بان کی پیشانی پر اسم طالب مع والدہ لکھیں۔ اگر خود اپنے لیے عمل کریں تو فیل بان کی پیشانی پر اپنا نام مع والدہ تحریر کریں۔ اور پتلے کی پیشانی پر نام مطلوب مع والدہ تحریر کریں۔

ہاتھی کا رُخ جنوب کو ہو، اور دانت مطلوب کے سینے میں لگے ہوں اور مطلوب ہاتھی کے سامنے گرا ہوا ہو۔ روزانہ خلوت میں صرف تہبند باندھ کر داخل ہوں۔ بخور مذکورہ روشن کریں اور روزانہ نماز عشاء کے بعد مذکورہ سورہ ایک سو انچاس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور آخر میں کہیں ”جب تک میری فرماں برداری نہ کرو گے اسی حالت میں رہو گے“

عمل کی مدت ایک ہفتہ یعنی آٹھ یوم ہے۔ انشاء اللہ مطلوب ایک ہفتہ کے اندر طالب کے قدموں میں آ کر گرے گا۔ اس عمل سے پہلی ہی رات میں مطلوب طالب کو ہاتھی پر سوار خود پر حملہ آور دیکھتا ہے اور خواب و خیال میں مطلوب کو طالب اسی طرح دکھائی دیتا ہے۔ باموکل عمل ہے، ناجائز استعمال سے نقصان ہو سکتا ہے۔

***

ناکام الجھی زندگی کو کامیاب بنانے والا چلہ

(استاد بشیر خاکوانی، کوٹ ادو)

حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ قادریہ چشتیہ کے مستجاب الدعوات ولی تھے یہ عمل آپؒ سے منسوب ہے۔ آپؒ نے اس عمل کا فیض بھی پوری طرح اٹھایا تھا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس عمل کا پابند رہے گا، بڑے بڑے حکمران اور افسران اس کے سامنے گردن جھکانے پر مجبور ہوں گے۔

مہمات وفتوحات میں اس کو کامیابی ملے گی اور جس کے لیے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ اس عمل کی پابندی سے انسان درجہ ولایت کو پہنچتا ہے اور اس پر روحانی دولتوں کی موسلا دھار بارش برستی ہیں۔

سورۂ مزمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو، بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو، نصف شب میں غسل کریں نیا لباس پہنیں اور عطر سے معطر کر کے اس عمل کی شروع کریں اور یہ لباس جو پہلی رات پہنیں گے، اسی عمل کے لیے مخصوص کر دیں۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد تنہائی میں اس عمل کی شروعات کریں۔ اوّل گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحَكَمِ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں۔ جب آیت **رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَ كِيْلًا** تک پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ **يَارَبُّ يَاوَ كِيْلُ** پڑھیں اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں **يَارَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔**

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا فِيْ جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ وَ كِيْلًا ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ بِهَا بِقَضَآءِ وَحَوَائِجِنَا كَفِيْلًا ۔

اس کے بعد گیارہ مرتبہ **يَارَبُّ يَاوَ كِيْلُ يَارَبُّ يَا كَفِيْلُ**۔ باقی سورۂ کی تلاوت مکمل کریں۔ اس کے بعد پھر اسی طرح سورۂ مزمل کو دوبارہ پڑھیں اور اس طرح گیارہ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ پہلے والا درود شریف پڑھیں۔ عمل کے اختتام پر اللہ سے دعا کریں اور اسی جگہ سو جائیں۔ لیکن عمل والا لباس اتار دیں۔ اس لباس کو صرف عمل کے وقت پہنیں۔ اگر اس عمل کو مسجد میں کریں تو ٹوپی یا پگڑی ضرور سر پر رکھیں۔ اگر اس عمل کو گھر میں کریں تو ننگے سر کریں۔ جس دن یہ عمل کریں، اس دن کھڑے ہو کر عمل کریں۔ اگلے دن سے بیٹھ کر عمل کریں لیکن چلّے کے دوران جب بھی وہ دن آئے جس دن عمل شروع کیا تھا اس دن کھڑے ہو کر ہی عمل کریں۔ مثلاً جمعہ کی شب میں عمل شروع کیا تھا تو ہر جمعہ کی شب میں عمل کھڑے ہو کر کرنا ہے۔ باقی راتوں میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ آخری دن جو بھی دن ہو، اس دن بھی کھڑے ہو کر یہ عمل کرنا ہے۔

چالیس (۴۰) دن گزرنے کے بعد روزانہ اس عمل کو صرف تین (۳) مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دعائیں قبول ہوں گی اور عامل جس کے لیے بھی اور جس مقصد سے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ دوران چلہ اگر پرہیز جلالی کرلیں تو ایسے مشاہدات عامل کو ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی۔ مبشرات کے ذریعہ بشارتیں ہوں گی اور بزرگان دین کی روحانی توجہ سے عامل مسلسل بہرہ ور ہوگا۔

دعوت سورۂ مزمل کا یہ عمل اکثر اولیاء کے معمولات میں شامل رہا اور اس عمل کے ذریعہ انہوں نے اللہ کے بندوں کی زبردست روحانی خدمت کی ہے۔ اس عمل کے بعد اگر عامل کسی مریض کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا


عامل کامل بننے کے راز
عامل ہر کوئی، کامل کوئی کوئی...! کیا آپ واقعی عامل کامل بننا چاہتے ہیں...؟
اگر ہاں... تو اس کتاب سے محبت اور اس کی قدر کریں۔
مصنف: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
(پی ایچ ڈی امریکہ)
عامل ہر کوئی، کامل کوئی کوئی! کیا آپ واقعی عامل کامل بننا چاہتے ہیں؟ اگر ہاں تو اس کتاب سے محبت اور اس کی قدر دانی کریں۔ آج ہی اپنی کاپی بک کروائیں۔

کرے گا تو مریض شفایاب ہو جائے گا۔ مریض کیسا بھی ہو، عامل کی دعا کی برکت سے مریض کو شفاء اور صحت نصیب ہوگی۔ اس عمل کے بعد عامل جس مقصد کے لیے بھی اپنے ہاتھ اٹھائے گا، پروردگار عالم اس کی دعا کو قبول کریں گے اور اس کو مستجاب الدعوات ہونے کا شرف حاصل ہو جائے گا۔ عامل کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ رزق حلال کا خود کو پابند بنائے اور اپنی زبان کو جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے محفوظ رکھے تا کہ عمل کی تاثیر میں رخنہ پیدا نہ ہو۔ دعوت سورۂ مزمل ایک عظیم دولت ہے اور اس دولت سے ہر صاحب ایمان کو مستفیض ہونا چاہیے۔

شاہ جنات کو قابو کرنے کا چلّہ

(انتخاب شہیر احمد چیچہ وطنی)

عملیات کی دنیا میں آج کل ہر شخص موہنی منتر، سندونی کی تسخیر، جادو کا آئینہ، سلیمانی ٹوپی، غائب ہونے والی انگشتری، تسخیر ہمزاد، تسخیر موکل یا تسخیر ارواح کی خواہش رکھتا ہے۔ یہ نہیں کہ ایسے اعمال دنیا میں موجود نہیں ہیں۔ یہ سب ممکن ہے اور ایسے کئی اعمال موجود بھی ہیں لیکن اس کام میں محنت، کوشش، مستقل مزاجی اور زر کثیر کی ضرورت کے علاوہ اگر مدت کی ریاضت کے بعد کامیابی ہاتھ آ جائے تو غنیمت ہے۔

یاد رہے کہ تسخیر ارواح ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں۔ نیز ہر شخص میں یہ قوت نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ تسخیر ارواح کے اعمال ہونے کے باوجود اس کے عامل ملک بھر میں چند ہیں۔ ویسے نام نہاد عامل موکلات و جنات بے شمار ملیں گے۔ موجودہ دور میں ہر انسان وہ پرہیز قائم نہیں رکھ سکتا جو ان اعمال کے بعد بھی عامل کے لیے بے حد ضروری ہوتے ہیں۔ لوگوں نے تسخیر ارواح کو بچوں کا کھیل سمجھ رکھا ہے مگر عوام اسی قسم کے عملیات کے طالب ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں ذرا دنیا دار قسم کا آدمی ہوں، پرہیز وغیرہ کوئی نہ ہو اور ایک آدھ دن میں ہی جن یا موکل تسخیر ہو جائے، کوئی ایسا عمل عطا کریں۔ بعض ایسے باہمت بھی ملتے ہیں کہ جناب آپ ہی کوئی تسخیر کردہ جن یا موکل عطا کر دیں، آپ کی نیکی و احسان ہوگا۔

وہ نہیں دیکھتے کہ ایم اے کرنے والا ایک بچہ اپنی عمر عزیز کے تیئس (۲۳) سال صرف کرتا ہے وہ بھی ایسی صورت میں کہ جب وہ سات (۷) برس کا جماعت اوّل میں داخلہ لے اور کسی جماعت میں فیل نہ ہو اور یہ لوگ تیئس برس کا ثمرہ ایک آدھ دن میں آسانی کے ساتھ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں۔ یعنی برسوں کی ریاضت سے حاصل ہونے والی قوت کو ایک آدھ دن میں حاصل کرنا چاہتے ہیں اور وہ بھی آسانی کے ساتھ جبکہ یہ قوتیں حاصل ہو سکتی ہیں لیکن اس صورت میں کہ آپ واقعی اس سلسلہ میں مستقل مزاج ہوں، محنت کا شوق و ضرورت اور اتنی پونجی رکھتے ہیں کہ خود تو عمل میں بیٹھیں اور اہل خانہ آپ کی عدم موجودگی میں فاقہ کشی کا شکار نہ ہوں۔ عمل کرنے سے پہلے اپنی قوت کا اندازہ کر لیں کہ آپ عمل کر بھی سکتے ہیں یا نہیں۔ یونہی اناپ شناپ عمل کر کے درمیان میں چھوڑ دینے سے ماسوائے وقت کے ضیاع اور اپنے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

میں آپ پر یہ واضح کر دوں کہ یہ کام بغیر استاد کی رہنمائی کے کبھی نہ کریں وہ اس لیے کہ رجعت ہونے کی صورت میں استاد یا پیر و مرشد طالب شاگرد، مرید کا علاج کر سکے۔ جو لوگ عملیاتی اصولوں کو مدنظر نہیں رکھتے ان کی مثال ایسی ہے جیسے راکھ میں پھونک مارنے والا۔ کوئی عمل ان کا درست نہ ہوگا۔ اسی وجہ سے آج کل لوگوں کے اکثر اعمال تسخیرات ارواح باطل ہوتے ہیں۔

قرآن مجید فرقان حمید کے پارہ بائیس (۲۲) میں سورۃ سبا میں ایسی آیات مبارکہ ہیں جن سے شاہِ جنات کی تسخیر کی جاسکتی ہے سورۃ سبا کی آیات یہ ہیں: ''وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۔ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ''

شفائے حیرت

ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا، مسلسل ریشہ بلغم، موجودہ دور کی آلودہ زندگی، آلودہ فضا اور آلودہ غذائیں ان امراض کی وجہ ہیں۔ سانس کا دوسرا نام زندگی ہے اور پھیپھڑے (Lungs) سانس کے نہایت اہم اور مخصوص آلات ہیں۔ پھیپھڑوں کی ذرا سی خرابی سانس کے سارے نظام کو درہم برہم کر ڈالتی ہے۔ پھیپھڑے کھانسی سے متاثر ہونا شروع ہوتے ہیں کیونکہ کھانسی نئی ہو یا پرانی جان لیوا ہوتی ہے۔ کھانسی کا جب دورہ پڑتا ہے تو کھانستے کھانستے مریض کا سانس الٹ جاتا ہے۔ مریض نے اگر کچھ کھایا ہو تو قے کے ذریعے نکل جاتا ہے اگر مریض لیٹا ہوا ہو تو اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے، چہرہ سرخ ہو جاتا ہے، آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں۔ مرض بڑھتے بڑھتے دمہ یا ٹی بی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ شفاء حیرت سیرپ کھانسی کی ہر قسم مثلاً خشک کھانسی، دورے والی کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، موسم سرما و گرما کی کھانسی، زبان اور حلق میں خشکی، سوجن اور کانٹے چبھنا، گلے کی خراش، گلے کا بیٹھ جانا کیلئے اکسیر ہے۔ ماہنامہ ''عبقری'' کا بااعتماد سیرپ ہے۔ شفاء حیرت سیرپ پھیپھڑوں کی کمزوری، پھیپھڑوں کے زخم، نظام تنفس کی تمام خرابیوں، سانس کی خشکی، ہوائی نالیوں کی خشکی اور خشونت، نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے جو پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔ پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے، نظام تنفس کے جملہ امراض کا شافی علاج ہے۔ دوران کلینک ایک بچہ لایا گیا جس کے بارے میں فیصلہ ہو چکا تھا کہ اسے ٹی بی ہوگئی ہے وہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا تھا۔ رنگ سیاہ اور جسم کمزور، رات بھر کھانستا اور تھوڑا سا بلغم نکلتا، مایوس ہو کر آٹھ ماہ کا ٹی بی کا کورس کرایا گیا لیکن فائدہ نہ ہوا۔ بچہ کے والدین سے گزارش کی کہ شفاء حیرت اس بچہ کو اعتماد، یقین کے ساتھ کچھ عرصہ پلائیں، ایک چمچ آدھے کپ گرم پانی میں گھول کر دن میں 4 بار چند ہفتے استعمال کرایا گیا چند ہفتے کے استعمال سے ہی بچہ تندرست ہوگیا۔ دمہ دم کے ساتھ جائے گا: اس بات کو شفاء حیرت سیرپ نے جھوٹا کر دیا۔ پاکستان میں موسمی تغیرات اور محل وقوع کی بناء پر کھانسی کا مرض عام ہے، موسم کے بدلتے ہی امراض سینہ اور کھانسی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ مریض کے پھیپھڑوں کے اندر ہوا کی نالیاں تنگ ہو جاتی ہیں، دل کی تکلیف اور دمہ کی شکایت ہو جاتی ہے، سانس کی نالی میں سوزش، چھاتی میں دم گھٹنے یا تشنجی کیفیت اس وقت شروع ہوتی ہے جب ہوا میں معلق گرد و غبار، پھپھوندی، پودوں کے ریشے، پرندوں کے پر اور اسی طرح کی سینکڑوں چیزیں سانس کے ذریعہ جسم میں داخل ہو جاتی ہیں اور الرجی والے دمہ کا باعث بنتی ہیں۔ شفاء حیرت ایسے سینکڑوں مریضوں کیلئے مفید اور اکسیر ثابت ہوا ہے ایسے کئی مریض اللہ نے ٹھیک کر دیئے ہیں۔ شفاء حیرت، چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے اس کے استعمال سے دورے والا دمہ ختم ہوتا ہے۔ بیماری کے جراثیم ختم ہوتے ہیں۔ گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ شفاء حیرت میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو جراثیمی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں۔ ایک مریض تو چند قدم نہیں اٹھا سکتا تھا، قدم اٹھاتے ہی سانس پھول جاتا تھا نہ جانے کتنی دوائیں استعمال کر چکا، حتیٰ کہ (Inhaler) بھی استعمال ہوتا تھا اب تو وہ بھی کام کرنا چھوڑ گیا۔ مریض ادویات سے الرجک ہوگیا تھا اسے شفاء حیرت کے ساتھ بنفشی قہوہ استعمال کرایا، تھوڑے عرصہ میں ہی تندرست ہوگیا۔

قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بنفشی قہوہ

دائمی ریشہ، بلغم، کیرا نزلہ زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

یوں تو نزلہ زکام پوری دنیا کا عالمگیر مرض ہے لیکن پاکستان میں خصوصاً یہ مرض عام ہے اس مرض کیلئے آزمودہ یہ قہوہ اپنے افعال کے لحاظ سے بہت مؤثر ثابت ہوا ہے۔ نزلہ، الرجی، کھانسی، بلغم، ناک بہنا، ناک بند ہونا اور ناک ابھری ہوئی رہتی ہے۔ ساتھ ساتھ ناک کی ہڈی یا تو ٹیڑھی ہو جاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے۔ ناک کے اوپر پیشانی پر بوجھ اور دباؤ رہتا ہے۔ چھینکیں بھی آتی ہیں۔ سارے جسم میں درد اور ٹوٹن کا احساس رہتا ہے۔ کبھی ناک سے بدبو آتی ہے اور بدبودار مادہ کا اخراج بھی ہوتا ہے، بعض اوقات موسم کی تبدیلی کے ساتھ مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ پھر انسان دائمی نزلہ اور زکام کا مریض بن جاتا ہے۔ اسی مرض کی بناء پر دوسرے امراض جنم لیتے ہیں۔ جیسے ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض، جسم کا کمزور اور لاغر ہونا، نظر کی کمزوری، سستی اور کاہلی پیدا ہونا، جسم ٹوٹنا، خون کا نہ بننا، خناق، ٹی بی، تنفس کی تنگی، بے خوابی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا، چہرے کی شادابی کا ختم ہونا یہ سب امراض نزلہ و زکام کی بدولت ہی جسم پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ بنفشی قہوہ ہی ان تمام امراض کا آزمودہ شافی علاج ہے۔ ایک معالج نے بنفشی قہوہ کے بارے میں اپنے تجربات بیان کئے کہ اب تک بے شمار ایسے مریضوں کو استعمال کرایا جو ہر وقت مسلسل چھینکوں میں مبتلا رہتے تھے۔ چھینکوں کی بوچھاڑ جسم کو نڈھال اور کھوکھلا کر دیتی تھی اور اینٹی بایوٹک کھا کھا کر تھکے ہارے میرے پاس پہنچے میں نے جب بھی ایسے مریضوں کو یہ قہوہ استعمال کرایا سو فیصد فائدہ ہوا۔ ایک مریض کی آنکھوں سے مسلسل پانی بہتا تھا جس کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جاتیں۔ ڈراپز، گولیاں، ویکسین استعمال کرتے کرتے تھک گئے۔ ایک ریڈیو مکینک جو طب کا شوق رکھتے ہیں نے لکھا ہے کہ بے خوابی، ٹینشن اور ڈپریشن کے مریضوں پر خوب آزمایا۔ ایسے مریض جو بے شمار گولیاں کھاتے ہیں اور سکون کی نیند نہیں آتی یا اینٹی ڈپریشن گولیاں کھا کھا کر تھک گئے تھے کچھ عرصہ کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گئے اور پرسکون زندگی ملی۔ وہ لوگ جنہیں الرجی یعنی پورا جسم سوج جاتا ہو، دھپڑ پڑ جاتے ہوں، خارش، جلن سے برا حال ہوتا ہو ایسے مریضوں کیلئے بنفشی قہوہ لاجواب اور بے مثال ہے۔ نزلہ کی ایک قسم جس کو ''شقیقہ'' کہتے ہیں اس مرض میں آدھے سر میں درد ہوتا ہے۔ درد صبح سورج طلوع ہونے سے شروع ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا ہے۔ مریض تڑپتا ہے، اندھیرے میں ہی کچھ سکون پاتا ہے۔ بارہ بجے کے بعد جب سورج ڈھلنا شروع ہوتا ہے تو درد میں تخفیف ہونے لگتی ہے۔ جب سورج غروب ہوتا ہے تو مریض بالکل ٹھیک ہوتا ہے۔ یہ بہت خطرناک قسم کا درد ہوتا ہے۔ مریض کچھ کام نہیں کر سکتا۔ ایسے بے شمار مریضوں کو بنفشی قہوہ کے استعمال نے بالکل تندرست کر دیا۔ ہر موسم میں ہر عمر میں استعمال کر سکتے ہیں، شفاء حیرت کا استعمال اس کے ساتھ سونے پر سہاگہ ہے قیمت فی ڈبی: **120** روپیہ علاوہ ڈاک خرچ

عمل کا طریقہ کار

اول مندرجہ بالا آیات کو زبانی یاد کریں پھر تنہائی میں ایک جگہ ریاضت کے لیے مخصوص کریں۔ عروج ماہ میں اتوار یا جمعہ کے دن نماز فجر سے ابتداء کریں۔ نماز کی پابندی شرط اوّل ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد تنہائی میں مندرجہ بالا آیات کی ایک سو (۱۰۰) مرتبہ تلاوت کریں۔ ایک ہی جگہ نماز پڑھیں تو افضل ہے۔ دوران ریاضت لوبان کا بخور روشن کریں۔ جب ریاضت کرتے ہوئے چالیس روز پورے ہوں گے تو حجابات دور ہوں گے اور نظروں سے پردہ اُٹھ جائے گا۔ نظر وسیع ہو جائے گی۔ آپ کو خلوت میں ایک خوبصورت شہر نظر آئے گا جس کے گرد دو نہریں ہوں گی اور باغ بھی ہوگا، جس میں مونگا و مرجان کے درخت ہوں گے۔ اس باغ کے اندر ایک سفید ریشم کا خیمہ ہوگا جس کے اندر ایک کرسی یاقوت اور قیمتی موتیوں سے سجی ہوئی ہوگی۔ جب آپ کو یہ نظر آئے تو اللہ تعالیٰ جل شانہ پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے کسی سے بات کرنے سے قبل اس کرسی پر بیٹھ جائیں۔

باغ میں خیمہ کے اردگرد خوبصورت سفید لباس میں لوگ بھی موجود ہوں گے۔ ان کی طرف توجہ نہ کریں۔ جب تسلی سے کرسی پر بیٹھ جائیں تو بلند آواز سے ’’اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا‘‘ پڑھیں۔ جب آپ چند مرتبہ پڑھیں گے تو ایک گروہ جنات کا جس میں جنات کے بادشاہ ہوں گے، گزرے گا اور وہ سلام کرے گا۔ آپ پر لازم ہے کہ دل میں کسی طرح کا خوف نہ لائیں اور نہ اپنی جگہ یعنی کرسی سے اٹھیں اور کرسی پر بیٹھے ہی ان کے سلام کا جواب دیں اور مندرجہ بالا آیت کی تلاوت کرتے رہیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک لشکر عظیم نظر آئے گا اور اس لشکر کے ہمراہ شاہِ جنات ہوگا جس کے سفید ریشمی کپڑے ہوں گے اور اس کے ہاتھ میں ایک نیزہ ہوگا اور نیزے پر سفید ریشم کا پرچم ہوگا جس پر تین سطریں سبز، زرد اور سرخ ریشم سے یہ آیت ’’اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا‘‘ تحریر ہوگی۔ اس وقت آپ کے لیے لازم ہے کہ جنات کے بادشاہ کو سلام کریں وہ آپ کے سلام کا جواب دے گا۔ شاہِ جنات آپ سے گفتگو شروع کرے گا جو اکثر سریانی زبان میں ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی اس زبان سے آگاہ کر دے گا یا جو بھی زبان بولے گا عامل اسی زبان میں اس سے گفتگو کرے گا۔ اللہ تعالیٰ زبان کی قدرت بخشے گا۔

اس وقت اپنی حاجت پیش کریں یا وہ اگر کہے کہ کیوں عمل کر رہے ہو تو آپ کہیں کہ مجھے آپ کی ملاقات کا شوق تھا اور میں کوئی نشانی چاہتا ہوں تاکہ وقت ضرورت آپ کی مدد حاصل کر سکوں۔ اس کے بعد شاہِ جنات ایک انگشتری بعض شرائط کے ماتحت دے گا اور وہ انگشتری خالص چاندی کی ہوگی جس پر ’’حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ‘‘ تحریر ہوگا۔ آپ شاہِ جنات کا شکریہ ادا کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور سجدۂ شکر بجا لائیں کہ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک عظیم روحانی قوت سے سرفراز فرمایا۔

شاہِ جنات سے شرائط مختلف ہوتی ہیں۔ اس لیے ان کا لکھنا یہاں آپ کے لیے بے کار ہے۔ جب بھی شاہِ جنات کی مدد کی ضرورت ہو تو انگشتری کو انگلی میں گھمائیں اور کہیں ’’حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ‘‘ پھر مذکورہ عمل کی آیات تلاوت کریں اور ’’اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا‘‘ کی تین مرتبہ تکرار کریں۔ پس انگشتری کا خادم شاہِ جنات حاضر ہوگا جو صرف عامل کو نظر آئے گا اور کسی دوسرے کو نظر نہ آئے گا۔ ہر جائز حاجت میں عامل کی مدد کرے گا۔

اس عمل سے کمالات و کرامات لوگوں پر ظاہر کی جا سکتی ہیں۔ مگر اس قسم کے ارادے اور فعل سے بچنا چاہیے۔ یہ اسرار لاہوتی ہیں۔ پوشیدہ چیزوں کا ظاہر ہونا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ اس قوت کو جسم اور آنکھ کے اندر پیدا ہوتے ہوئے کتنا عرصہ لگے گا، میں یقین نہیں دلا سکتا۔ ہر آدمی کی روحانی طاقت الگ الگ ہوتی ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ یہ عمل نئے عملیات کرنے والے حضرات کیلئے نہیں ہے۔ صرف وہی لوگ اس عمل کی ریاضت کریں جنہوں نے پہلے بھی ریاضت کے چند مراحل طے کئے ہوں، اپنے نفس پر جن کو مکمل کنٹرول ہو اور تسخیرات کے اعمال کے جملہ قواعد سے بخوبی آگاہ ہوں اور خلوت میں اس عمل کی ریاضت سے قبل اصرافِ عامر کا عمل کر چکے ہوں۔ یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے اثرات انتہائی قوی ہیں مگر یہ عمل اتنا عام نہیں کہ ہر آدمی اس کی ریاضیت کر سکے۔ بغیر استاد یا مرشد کامل کی اجازت کے اس عمل کا خیال تک لانا منع ہے۔

بیرون ملک جانے والے حضرات کیلئے خاص تحفہ

(مزمل حیات، نوشہرہ)

آج آپ کی خدمت میں ''لوح بیرون ملک'' لے کر حاضر خدمت ہوں۔ جن لوگوں کو بیرون ملک جانے کا شوق ہے اور ویزہ نہیں مل رہا اور وہ چاہتے ہیں کہ وہاں ملازمت بھی مل جائے تو یہ لوح ان کے لیے خوشی کا پیغام ہے۔ اس لوح میں ہم قرآن مجید کی آیت ''اِنَّ اللہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ'' کی روحانیت سے مدد لیں گے۔ اس آیت مبارکہ کے اعداد دو ہزار دوسو اکتالیس (۲۲۴۱) ہیں۔ موکل امر غفائیل ہے اس لوح کو ہم ذوالکتابت کے طریقے سے تیار کریں گے کیونکہ عام لوح کے طریقے سے ذوالکتابت زیادہ موثر ہوتا ہے۔

کسی بھی نوچندی شب جمعرات کو غسل کر کے صاف لباس پہن کر صاف جگہ کا انتخاب کریں۔ رجال الغیب کو پشت پر یا بائیں جانب رکھ کر پورے بھروسے اور اعتقاد سے لوح مبارک تیار کریں۔ شک اور ناامیدی کفرانِ نعمت ہے۔ لوح تیار کر کے روزانہ لوح پر پڑھائی کر کے دم کریں۔ کم از کم ۲۲۴۱ مرتبہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ ۹۰ دنوں کے اندر اندر کام ہوجائے گا۔ لوح تیار کر کے سوا کلو مٹھائی نابالغ بچوں میں بانٹ دیں اور لوح پہن لیں۔ اس سے پہلے ایک تسبیح استغفار پڑھ کر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ پھر ایک تسبیح درود پاک (کوئی بھی) پڑھ کر آقائے نامدار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تحفہ پیش کریں۔



ہر قسم کے سفلی عمل اور کالے جادو کی کاٹ

ہر قسم کے سحر و جادو سے نجات (پہلا عمل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

٢٥٥۴	٢٥٦٨	٢٥٦۴	٢٥٦١
٢٥٦٥	٢٥٦٠	٢٥٥٥	٢٥٦۷
٢٥٥٩	٢٥٦٢	٢٥۷٠	٢٥٥٦
٢٥٦٩	٢٥٥۷	٢٥٥٨	٢٥٦٣

بِحَقِّ شَرَنْطَخِ اَلْحَیُّ الْبَاقِیُ

مذکورہ نقش تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈال دیں اور یہی نقش تحریر کر کے مریض کو پینے کو دیں۔ بہتر ہوگا کہ عرق گلاب کی ایک بڑی بوتل میں نقش ڈال دیا جائے تا کہ مریض مسحور صبح وشام اس سے پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ہفتوں میں تمام تر اثرات ختم ہوجائیں گے۔ اگر یہی نقش فتیلہ بنا کر چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر رات کو مریض کے سامنے روشن کریں تو مریض مسحور کو چراغ کی لُو میں سیاہ وسفید رنگ کے بادل کے ٹکڑے نظر آئیں گے۔ اگر مسحور پر آسیبی اثرات ہوں گے تو بدن مریض پر آسیب ظاہر ہوجائے گا۔ یہ عمل بڑا مفید اور قوی الاثر ہے۔ اس سے سحر وآسیب دونوں کا علاج کیا جاسکتا ہے۔

ہر کالے عمل سے نجات کیلئے (دوسرا عمل)

ایسا سحر زدہ مریض جس کے علاج سے عامل حضرات عاجز آجائیں تو ایسے لاعلاج مریض کے لئے منزل ہقعہ میں گربہ دشتی کے پتہ کے پانی یا زعفران کے پانی سے کلمات ذیل ایک سفید کاغذ پر تحریر کریں اور اسے ایک بالٹی پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کروائیں اور ایک کاغذ پر تحریر کر کے مسحور کے گلے میں بعد از غسل ڈال دیں۔ تمام تر سحر جادو کے بداثرات ختم ہوجائیں گے اور مریض فوراً شفایاب ہوجائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔

اَلْغَاخَ اَلْجَاخَ دَاخَ يَدُوْخَ يَاخَاخَرَ اَلْغَقَا خَاخَوْ خَيَا
طَاخَا اَخَاوَيْلَ مَرَجَ اَهَاوَيْلَ وَلَا خَيْرَا خَهَا خَاخَيْرَا
حَافِظًا وَهَازِشَا سِنْ خَادِهٖ وَكَادِهٖ بِسِحْرٍ وَلَا خَاهِشَتْ
خَسُوْعَا فَكُنْ لَنَا سَدَا فِعًا اَنَّمَّهَا
يَاخَخَا خَوْدًا بِحَقِّ اَلْخَاءِ وَاَلْوَخَاءِ اَلْخَاءِ خَاخَا

سحر وجادو کا مجرب عمل (تیسرا عمل)

تین نقوش تحریر کریں ایک نقش پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کرادیں دوسرا عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تا کہ مریض صبح وشام اس سے عرق پیتا رہے۔ تیسرا گلے میں ڈالے۔ غسل کے لئے ضروری ہے کہ مریض ایسی جگہ غسل کرے کہ غسل کا پانی ناپاک جگہ نہ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر وجادو کے تمام اثرات ختم ہوجائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۱۸	۲۳۲	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۹	۲۳۱
۲۲۳	۲۲۶	۲۳۴	۲۲۰
۲۳۳	۲۲۱	۲۲۲	۲۲۷

یاقابض اقبض جمیع اثرات سحر جادو
آسیب نظر بد بحق یاقابض العجل العجل
العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

ردّ سحر کا لاجواب عمل (چوتھا عمل)

مندرجہ ذیل نقش سحر وجادو کی تمام کیفیات کے لئے موثر ترین ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دس نقوش زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ نو (۹) نقوش

مسحور کو اس طرح پلائیں کہ ایک نقش کا پانی لگاتار تین یوم تک روزانہ تین مرتبہ پیتا رہے۔ جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک بوتل عرق گلاب میں ایک نقش ڈال کر مسحور اس سے تین دن تک پیتا رہے۔ پھر ہر تین دن کے بعد نیا نقش بوتل میں ڈال دیا کرے۔ اس طرح ستائیس یوم تک مسلسل عرق پیتا رہے اور ایک نقش پہلے روز سے ہی گلے میں ڈال دیا جائے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱	۲۵۹۷	۲۵۹۴	۸
۲۵۹۵	۷	۲	۲۵۹۶
۶	۲۵۹۲	۲۵۹۹	۳
۲۵۹۸	۴	۵	۲۵۹۳

اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَمِنْ شَرِّ فِتْنَۃِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقاً یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَارَحْمٰنُ

جادو اُتارنے کا مجرب عمل

اگر کسی مریض پر جادو ٹونہ، ٹوٹکا، بندش، گڈا، مسان، سفلی گندے علم یا کالے جادو کے اثرات ہوں، اُسے بے بس کر دیا گیا ہو اور مریض علاج کروا کر عاجز آ چکا ہو۔ ایسے مریض مسحور کے لئے یہ عمل آب حیات اور امرت کا حکم رکھتا ہے۔ عمل کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ مریض مسحور کو زمین پر چت لٹائیں۔ جس جگہ لٹائیں وہ جگہ پاک اور صاف ہونی چاہیے۔ اب عامل ایک نیا چاقو یا چھری لے جس میں لکڑی یا کسی اور چیز کا دستہ نہ ہو بلکہ وہ پوری لوہے کی ہونی چاہیے۔ اس چھری پر سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مسحور کے سر سے پاؤں کی طرف چُھری اُتار کر کے بائیں سے دائیں طرف لکیر کھینچ دیں اور لکیر کھینچتے وقت بھی معوذتین پڑھتے رہیں اور چُھری کو مسحور کے پاؤں کی طرف زمین پر جھاڑ دیں اور تین مرتبہ ''وَاِذَا الْاَسْحَارُ بُطِّلَتْ'' پڑھیں۔ سات لکیریں کھنچ جانے کے بعد مسحور مریض کو اُلٹا لٹا دیں اور اس کے بعد عمل مذکورہ کر کے ان ہی لکیروں کے اوپر، اوپر سے نیچے کی طرف لکیر کھینچیں اور کُل تین لکیریں کھینچیں۔ بائیں سے دائیں سات لکیریں کھینچی ہیں اور اوپر سے نیچے تین لکیریں کھینچنی ہیں اور ہر لکیر کھینچنے سے پہلے چاقو یا چھری پر سات سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کرنا ہے اور لکیر کھینچتے وقت بھی پڑھنا ہے۔ آخر میں جھاڑ کرتے وقت تین مرتبہ ''وَاِذَا الْاَسْحَارُ بُطِّلَتْ'' پڑھنا ہے۔ یہ ایک دن کی کاٹ ہوئی۔

اکسیر البدن
پچکے گال
بے رونق چہرہ
دماغی کمزوری
مایوس زندگی
دھنسی آنکھیں
قیمت
300.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
ایسے میں اکسیر البدن صحت کا انمول خزانہ ہے

اکثر ایک ہی مرتبہ عمل کرنے سے مریض ایک دن کے عمل سے ہی صحت یاب ہو جاتا ہے مگر سات یوم

مسلسل اسی طرح کاٹ کرنی چاہیے۔ انشاء اللہ اس کاٹ سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، سفلی علم اور کالا علم سب کٹ جاتا ہے اور مریض ایک ہفتہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے کُلّی طور پر صحت یاب ہوجاتا ہے۔



علاج کرنے والے احباب کے لئے ضروری ہے کہ پہلے معوذتین کی زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ نماز عشاء کے بعد صرف ایک تسبیح معوذتین کی پڑھا کریں۔ عمل کی مدت ریاضت 21 یوم ہے۔ تعویذ دونوں قوی الاثر ہوں گے کہ عامل خود حیران ہوگا۔ یہ عمل قرآن مجید فرقانِ حمید کا زندہ معجزہ ہے۔ میرے شب وروز کے معمولات میں یہ عمل شامل ہے۔

***

بار بار ٹوٹنے والے رشتے کیلئے لاجواب عمل

(لبیب کامران، تربت)

ٹوٹتے رشتے کیلئے بہترین عمل

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا بار بار منگنی ہوکر ٹوٹ جاتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نہایت نافع ہے۔ جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ دو رکعت نماز نفل بہ نیت لڑکی کی شادی کے لیے پڑھے۔ پھر سجدے میں جاکر ۲۱ بار درود غوثیہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ چند جمعے اس طرح عمل کرنے سے انشاء اللہ عزوجل لڑکی کی شادی حسب منشاء ہوجائے گی۔ درود غوثیہ یہ ہے ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ''

40دن میں کنواری بچی کیلئے بہترین رشتے کا عمل

اگر کسی کی بیٹی کنواری ہو اور وہ شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیٹی کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ پر شادی ہوجائے اور اس کے لیے وہ بہت کوشش کرتا ہو مگر کسی بھی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ پھر اللہ کا اسم مبارک ''یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ'' پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود خضری پڑھے۔ اس کے بعد اللہ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ عزوجل چالیس (۴۰) یوم کے اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی، دعا قبول ہوگی اور وہ شخص انشاء اللہ عزوجل بیٹی کے فرض سے اچھے طریقے سے سبکدوش ہو جائے گا۔ درود خضری یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

مایوس لوگوں کیلئے من پسند شادی کا عمل

اگر کسی کی کوشش کرنے کے باوجود بھی شادی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ نمازِ عشاء کے بعد رات کو سونے سے پہلے درود خضری تین سو تیرہ (۳۱۳) بار اور (۴۱) بار سورۂ اخلاص پڑھے اور صرف شادی کے لیے دعا کرے۔ (۴۱) دن تک اسی طرح وظیفہ کرے۔ اس عرصہ میں اگر منگنی یا شادی ہو بھی جائے تو بھی (۴۱) دن پورے کرنے ضروری ہیں۔

ڈھلتی عمر لڑکیوں کیلئے انمول تحفہ

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا شادی کا پیغام نہ آئے اور عمر گزرتی جائے، تمام اسباب ہونے کے باوجود والدین کو اپنی بیٹیوں کے لیے پریشانی رہتی ہو، جب کہیں سے بھی نکاح کا پیغام نہ آئے اور پریشانیاں ہی پریشانیاں ہوں تو انشاء اللہ عزوجل، اس عمل کی برکت سے مقررہ مدت کے دوران ہی پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے اور کسی اچھی اور نیک جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کا نام الگ الگ حروف میں لکھیں۔ دیکھیں ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس میں درود ہزارہ کے اعداد جمع کر کے عنصر کے مطابق دو نقش لکھیں۔ ایک نقش گھر میں کسی پاک جگہ میں رکھ دیں اور دوسرا لڑکی اپنے گلے میں ڈال لے اور اکیس روز تک درود ہزارہ نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔ انشاء اللہ عزوجل اس کی شادی نیک لڑکے سے ہو جائے گی اور زندگی خوش و خرم گزرے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔ اس نقش کو جب شرف قمر یا شرف زہرہ ہو تو پُر کریں تو پھر کیا بات ہے، فوراً اثر ہوگا۔ اور ۲۱ تا ۴۱ روز تک درود ہزارہ کا ورد کریں۔ انشاء اللہ عزوجل بطفیل رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلد شادی ہو جائے گی۔

باکمال رشتے کے حصول کیلئے

جو شخص یہ چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے تو اللہ عزوجل اس کی جائز دلی مراد پوری فرما دے گا اور رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اس عمل کو اکتالیس (۴۱) دن تک جاری رکھے۔

بسم الله الرحمن الرحيم، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِي الْعِزَّةِ وَالْكِبْرِيَآءِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ

ترجمہ ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے جو عزت و کبریائی کا مالک ہے اور اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر''

***


اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا (القرآن)
اہلبیت رضوان اللہ علیہم اجمعین
سے جینا سیکھیں
تدوین
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
عبقری (امریکہ)

اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کا وہ عظیم خانوادہ جنہوں نے نبوت کی آغوش میں تربیت پائی اور نور نبوت سے جن کی گھٹی میں محبت، پیار، وجاہت، وقار، الفت، سخاوت، شجاعت، دریا دلی علم کے سمندر رچ بس گئے اس مقدس گھرانے جن کی زندگی کا ہر ہر انداز قابل رشک اور قابل تقلید بن گیا اور جن کا حرف حرف ہیرے موتی سے زیادہ آبدار نظر آنے لگا۔ آیئے ان مبارک ہستیوں سے جینا سیکھیں۔

تسبیح کے دانوں میں چھپا برکت کا پیغام

(قاری محمد نواز، جڑانوالہ)

ایک مرتبہ ایک صاحب جلال بادشاہ کا دربار سجا ہوا تھا۔ وزراء، مشیر اور مصاحبین سبھی بڑے آداب سے سہمے سہمے بیٹھے تھے کہ اتنے میں ایک بزرگ وہاں تشریف لے آئے۔ ہاتھ میں تسبیح تھی جس پر وہ کچھ پڑھتے آرہے تھے۔ سادہ مگر پُروقار لباس پہنا ہوا تھا۔ جونہی ان پر بادشاہ کی نظر پڑی تو بادشاہ نے سوال کیا: ہمیں بتایا جائے کہ تسبیح کا دانہ اندر گرایا جاتا ہے یا باہر؟

وہ بادشاہوں کا مزاج خوب جانتے تھے کہ بسا اوقات معمولی سی بات، باعث گردن زدنی ہوجایا کرتی ہے اور بعض مرتبہ چھوٹی سی بات پر بڑے اعزاز واکرام سے نواز دیا جاتا ہے۔ تسبیح بھی درحقیقت صرف گننے کے لیے ہوتی ہے۔ انگلیوں پر پڑھنا سنت ہے اور اس پر پڑھنا جائز ہے۔ صحابہؓ بھی کھجور کی گٹھلیوں پر پڑھا کرتے تھے۔ وہی گٹھلیاں پھر ایک دھاگے میں پروائی جانے لگیں اور رفتہ رفتہ یہ سلسلہ آگے بڑھنے لگا۔ لیکن جو بات بادشاہ نے پوچھی تھی اس کا کوئی شرعی جواب تو متعین نہیں تھا۔ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن اللہ والے صاحب بصیرت ہوتے ہیں، فرمایا:

''اگر پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے کوئی آیت یا وظیفہ پڑھا جائے تو شمار کرتے ہوئے تسبیح کا دانہ باہر کو گرایا جائے گا۔ اور اگر حصول برکت کے لیے کوئی چیز پڑھی جائے تو دانہ اندر کی جانب سے گرایا جائے گا''۔ سبحان اللہ کیا خوب بات ارشاد فرمائی۔ بادشاہ آپ کے بات سن کر بہت خوش ہوا۔

***

سورۂ یٰسین کے خدام کی تسخیر کیلئے باموکل عمل

(قاری عبدالرحمٰن، چترالی)

سورۂ یاسین کے خدام کی تسخیر کا عمل پیش کیا جاتا ہے جو کہ باخبر علماء کرام سے مستفاد ہے۔

شرائط: (۱) صدقہ دینا، (۲) جگہ کا پاک ہونا، (۳) بدن کا پاک ہونا، (۴) ظاہری طور پر ہر متعلقہ چیز پاک ہو، (۵) باطنی طور پر اللہ پر بھروسہ اور کامل یقین کا حامل ہو، (۶) مشک عنبر سے معطر ہو۔

طریقہ عمل:

سات مرتبہ سورۂ یاسین پڑھے پھر درج ذیل دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ الْمُنَفِّسُ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجُ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ خَزَائِنُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ اَللّٰهُمَّ يَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ فَرِّجْ عَنِّيْ وَ اقْضِ حَاجَتِيْ اَللّٰهُمَّ يَا مُجِيْرَ النَّبِيِّيْنَ وَ مُسَخِّرَ الْفِيْلَ وَ فَالِقَ الْبَحْرَ لِبَنِيْ اِسْرَائِيْلَ سَخِّرْلِيْ مَا اُرِيْدُ اَنَّكَ فَعَّالُ لِّمَا تُرِيْدُ وَبِحَقِّ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَعِنِّيْ عَلٰى كُلِّ مَا اُرِيْدُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ وَبِحَقِّ سُوْرَةِ يٰسٓ وَبِحَقِّ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ۔

يَاَللّٰهُ (۶۶ مرتبہ پڑھیں)

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الرُّوْحَانِيَّةِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ اَسْمَآءِ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَبِحَقِّ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمِ وَ بِحَقِّ اَلْمَلَكِ الْغَالِبُ اَمْرُهٗ اَبْجَدْ وَ بِحَقِّ الْجَلَاطِيْلِ وَ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا رَوْقَيَائِيْلُ وَ اَلْمَلَكِ الْمُعِيْدُ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسُ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصُ لِكُلِّ

مَشْحُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجُ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ اَجْرِی الْمَآءَ فِی الْبَحْرِ وَالْعُيُوْنِ سُبْحَانَ الْعَالِمُ بِكُلِّ مَكْنُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ خَزَائِنُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَ النُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ وَالْجَلَالِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِیَ الْمَلَكِ رُوْقَيَائِيْلَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ سَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ سَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَالْجِنَّ وَالْاِنْسَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامَ وَ سَخَّرْتَ الْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ وَ كُلَّ الْاَشْيَآءِ لِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَقْضِیْ حَاجَتِیْ بِحَقِّ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى

يَا اَللّٰهُ (۳ مرتبہ پڑھیں)

يَا سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا وَدُوْدُ يَا بَاسِطُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا مُبْدِءُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالُ لِّمَا تُرِيْدُ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِیْ مَلَا اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَ رَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَّ عِلْمًا

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِیْ (۳ مرتبہ پڑھیں)

يَا اَللّٰهُ (۳ مرتبہ پڑھیں)

اَغِثْنِیْ عَلٰى كُلِّ عَمَلِیْ هٰذَا فِیْ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِیْ (۳ مرتبہ پڑھیں)

يَا اَللّٰهُ (۳ مرتبہ پڑھیں)

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِیَ الْمَلَكِ رَوْقَيَائِيْلُ (قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا)، (يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ)، (كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَ اسْجُدْ وَ اقْتَرِبْ) صَلَاةً لَا تُحْصٰى عَدَدَ عَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلَى الْمَلَآئِكَةِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى جِبْرِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَ عِزْرَائِيْلَ وَ حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَ الرُّوْحَانِيِّيْنَ صَلَاةً زَاكِيَةً فَاضِلَةً طَاهِرَةً تَآمَّةً رَاضِيَةً آمِيْنَ۔ وَصَلِّ اَللّٰهُمَّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ النَّبِيِّيْنَ۔

طریقہ عمل

اس عمل کی ابتدا نوچندی شب جمعہ یا شب پیر سے کی جائے۔ ایک کمرہ الگ مخصوص کریں جہاں پورے عمل کے دوران کوئی نہ آئے۔ نہ ہی اس کمرے میں کسی طور پر کوئی گانے بجانے یا میوزک کی آواز آئے۔

کمرے میں داخل ہو کر عمل کے لیے مخصوص کردہ لباس پہن لیں۔ اس کو مشک و عنبر سے معطر کر لیں۔ کمرے کو بھی مشک و عنبر کا بخور یا اگر بتیاں جلا کر معطر کریں۔


الرجی کورس
قیمت
600.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
دائمی نزلہ الرجی
ناک کی ہڈی کا بڑھنا
ناک کا بند رہنا
ان تمام امراض کیلئے انتہائی

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ سلام کے بعد اللہ سے عمل کی کامیابی کی دعا مانگیں۔ پھر روزانہ کا عمل پڑھیں۔ جب عمل ختم ہو تو پھر دو رکعت نفل صلوٰۃ الشکر پڑھیں۔ سلام کے بعد اللہ کا شکر ادا کریں کہ اس دن کا عمل کامیابی سے ہوگیا۔

عمل پڑھ کر کمرے میں ہی سو جائیں یہ لازمی شرط ہے۔ صبح اٹھ کر لباس تبدیل کر کے باہر جاسکتے ہیں۔ عمل کے پہلے روز اور آخر روز روزہ رکھیں۔ کوشش کریں کہ بیچ میں بھی زیادہ سے زیادہ روزے رکھیں۔ کم از کم درجہ یہ ہے کہ ہر پیر اور جمعرات کو روزے رکھیں۔ عمل کے دوران پرہیز جمالی اور جلالی کی پابندی بہت ضروری ہے۔ یہ یاد رکھیں کہ تسخیر کا کوئی بھی عمل ہو اس میں اگر پرہیز کے بارے میں کچھ نہ لکھا ہو تو بھی جمالی و جلالی پرہیز لازمی کرنا ہوتا ہے۔ اگر کسی عمل میں خاص پرہیز لکھا ہو تو پھر وہی پرہیز کرلیا جائے جو لکھا ہے۔ اس عمل کا ذکر کسی صورت کسی سے نہ کیا جائے۔ جو کچھ خواب اور ظاہری طور پر نظر آئے، سوائے استاد یا مرشد کے، کسی کو نہ بتایا جائے۔ ایسے افراد جو سورۂ یٰسین کے عامل ہوں۔ ان کے لیے عمل میں بہت آسانیاں ہوں گی اور انشاء اللہ کامیابی ان کے قدم چومے گی۔ کسی عامل کامل کی نگرانی میں یہ عمل کیا جائے۔

***

ہر گھر میں سکھ چین کیلئے میرے آزمودہ اعمال

(ماسٹر کریم بخش، چیچہ وطنی)

تنگ کرنے والے شوہر کو راہ راست پر لانے کیلئے

جس عورت کا شوہر بدکردار ہو یا بیوی پر توجہ نہ دیتا ہو تو ایسی بیوی کو چاہیے کہ وہ عبارت لکھ کر گلے میں پہنے۔ اللہ کے چاہنے سے بہت جلد مراد پوری ہوجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ وَمِنۡ كُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَيۡنِ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ۔ اَللّٰهُمَّ بحق قولك هذا و بحرمة نبيك محمد صلى الله تعالىٰ عليه واله وسلم ان ترزق فلاں بنت فلاں زوجا موافقا غير مخالف بحق محمد واله اجمعين۔

ظالم کے ظلم سے نجات، دشمن مطیع ہو

اگر کوئی شخص اس پر کسی بھی قسم کا ظلم اور زیادتی کرتا ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ سورۂ احزاب کو سات بار پڑھے۔ اس کے ظلم سے نجات ملے گی اور دشمن اس کا مطیع ہوجائے گا۔

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کیلئے

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لیے آیات کریمہ ''يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيۡرًا۔ وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذۡنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيۡرًا۔ وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ بِاَنَّ لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَضۡلًا كَبِيۡرًا۔ وَلَا تُطِعِ الۡكٰفِرِيۡنَ وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ وَدَعۡ اَذٰىهُمۡ وَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًا'' (الاحزاب: ۴۵ تا ۴۸) ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دیں اور قدرت ربی کا کرشمہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں اللہ کے فضل سے اتنے رشتے آئیں گے کہ سب لوگ حیران و پریشان ہوجائیں گے کہ ان کے گھر میں اتنے رشتے کیوں آتے ہیں۔۔!

رشتے نہ ہونے والے پریشان کیوں ہیں۔۔!

بعض مرتبہ لڑکے لڑکی شادی سے رہ جاتے ہیں، ان کی عمریں ڈھل جاتی ہیں لیکن کوئی مناسب اور موزوں رشتہ نہیں ملتا۔ لڑکیوں کی بے بسی پر

رونا آتا ہے۔ اس کا آسان روحانی عمل یہ ہے۔ جس لڑکی یا لڑکے کا پیغام نہ آتا ہو اسے چاہئے کہ وہ خود پنج وقتہ نماز کی پابندی کرے اور بعد نماز عشاء باوضو سورۂ اخلاص اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں، اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ 90 دن تک کریں اور عمل کے اختتام پر اللہ تعالیٰ سے اپنے رشتہ کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ 90 دن کے اندر اندر غیب سے شادی کا انتظام ہوجائے گا۔

بچوں کے رشتے سے مایوس والدین کیلئے خوشخبری

بعض مرتبہ لڑکیاں اچھے رشتوں کی تلاش میں اپنی شادی کی عمر سے آگے بڑھ جاتی ہیں اور پھر رشتے نہیں آتے یا آتے ہیں تو اس قدر خراب ہوتے ہیں کہ اس ماحول میں لڑکی کا زندگی گزارنا جہنم سے کم نہیں ہوتا، ایسی صورت میں والدین کی پریشانی ان کو قبل از وقت بوڑھا اور بیمار بنا دیتی ہے۔ لڑکیوں کے جلد شادی اور اچھے رشتوں کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ عمل شرط ہے اگر اس عمل کی پابندی کی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ لڑکی کا اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے:

لڑکی خود یا اس کی والدہ یا بہن، بھائی، والد وغیرہ میں سے ہر بدھ کو باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد سورۂ یوسف مکمل تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شادی کی دعا کرے، اسی طرح ہر پیر کو باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ احزاب کی تلاوت کرے، آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے، یہ عمل مسلسل کرے ناغہ نہ کرے اور اس وقت تک کرے جب تک شادی نہ ہوجائے۔ شادی ہوجانے کے بعد چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اچھی اور مناسب جگہ رشتہ ہوجائے گا۔

* * *

سکھی زندگی کیلئے سورۂ یٰسین کے عملیات

(حبیب اللہ، جھنگ)

لفظ یٰسین کے عدد ستر (۷۰) ہیں اور یہ سورۃ مسلمانوں میں بہت زیادہ مشہور ہے کیونکہ بہت سے عامل اس سورۃ کے چلے کرتے ہیں اور عمل پڑھتے ہیں اور مرتے وقت بھی یہ سورۃ مرنے والے کو سنائی جاتی ہے۔ اس لئے جو لوگ مرنے سے ڈرتے ہیں وہ یہ سورۃ نہیں پڑھتے اور اس سورۃ کے نام لینے سے بھی بہت وہم کرتے ہیں۔ چنانچہ دہلی کے قلعے میں آخری زمانے کے شاہی خاندان والے سورہ یٰسین کا نام نہیں لیتے تھے اور اس کو ننانویں کہتے تھے یعنی نام نہ لینے کے قابل سورۃ۔ مرتے وقت یہ سورۃ اس لئے سنائی جاتی ہے کہ اس سورۃ کی تاثیرات مشکلات کی آسانی کے لیے بے حد کارگر ہیں۔ لہٰذا اس کو مرتے وقت سنایا جاتا ہے مرنے والے کو مرنا آسان ہو جائے اور سکرات موت کی مشکل باقی نہ رہے۔ ورنہ یہ

تیز رفتار، زود اثر، طاقتور اور پوری دنیا میں کہیں پر بھی موثر کرشاتی عمل
اَفَحَسِبۡتُمۡ
اور اذان کے کرشمات
تحقیق وتالیف:
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
پی ایچ۔ڈی (امریکہ)

میں پریشان ہوں......! ناامیدی میرا مقدر ہے......! میری خواہشات پوری کیوں نہیں ہوتیں، عرصہ دراز ہوا بیماریاں پیچھا نہیں چھوڑ رہیں، میرا ہنستا مسکراتا گھر کیوں اجڑ رہا ہے، جنات میرے دشمن کیوں ہوگئے ہیں میں نے تو ان کا کچھ نہیں بگاڑا تھا؟ دکھی کے ہر سوال کا جواب زیر نظر کتاب ہے۔

سورۃ ڈرنے کے قابل نہیں ہے اور اس کی تاثیر موت کا باعث بھی نہیں ہوتی بلکہ بہت سے قریب المرگ لوگوں کو جب یہ سورۃ سنائی جاتی ہے تو وہ موت سے بچ جاتے ہیں اور اللہ ان کے خاندان کو زندگی عطا فرما دیتا ہے۔ سورۂ یٰسین میں لفظ مُبِیْن سات جگہ آیا ہے۔ اور ہر مُبِیْن میں خاص تاثیر ہے۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ستر دن تک رات کو سونے سے پہلے ستر بار ''یاسین مبین'' دو لفظ پڑھے جائیں اور جب ستر دن پورے ہو جائیں تو دنیا کی ہر مشکل کے لئے عامل ستر بار ''یاسین مبین'' پڑھے اور خدا سے مشکل حل ہو جانے کی دعا مانگے۔

پانچ خانوں کا تعویذ۔۔۔ ہر بیماری کا حل

جن بیماریوں کی تندرستی مشکل معلوم ہوتی ہو یا مقدمات کی مشکل پیش آئے تو عامل پانچ خانوں کا تعویذ لکھ کر دیدے۔ یہ تعویذ سبز کپڑے میں سی کر سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھا جائے اور تعویذ اس طرح لکھا جائے گا۔

<table>
<tr><td colspan="2">یٰسِیْن مُبِیْن</td></tr>
<tr><td>یٰسِیْن مُبِیْن</td><td>یٰسِیْن مُبِیْن</td></tr>
<tr><td>یٰسِیْن مُبِیْن</td><td>یٰسِیْن مُبِیْن</td></tr>
</table>

سورۂ یٰسین کے عملیات کے بے شمار طریقے ہیں۔ مگر یہاں صرف ایک ہی طریقہ لکھا گیا ہے۔ یٰسِیْن مُبِیْن کا چلہ جن عاملوں نے کر لیا ہوگا وہ جس مشکل کی آسانی کے لئے ستر بار یہ عمل پڑھیں گے اور جس مشکل کی آسانی کے لئے دعا مانگیں گے وہ مشکل ضرور آسان ہو جائے گی۔ اسی طرح جس مشکل کے لئے یہ تعویذ باندھا جائے گا۔ اس میں بھی اثر ہوگا۔

ہر بیماری سے نجات کیلئے خاص چلہ

یہ عمل بھی چالیس دن پڑھا جائے گا۔ روزانہ سورج کے طلوع کے وقت احرام باندھ کر اور سورج کی طرف رخ کر کے بیٹھے اور آنکھیں بند کر کے ایک ہزار بار یہ عمل پڑھے یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ اور جب ایک ہزار کی تعداد ہو جائے تو دوبارہ شروع کرے اور سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے اور اپنے دونوں ہاتھ ایک بار ملے۔ اس طرح کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں آپس میں رگڑی جائیں اور اس کی تعداد پوری ہو جانے کے بعد اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر مل لے۔ اس طرح چالیس دن کا چلہ پورا کرنا ہوگا۔ کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ البتہ چالیس دن میں ایک دن بھی ناغہ نہ ہونا چاہئے۔

علاج کا طریقہ

یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کا عامل کسی کا علاج کرنا چاہے تو ایک دن یا پانچ دن یا نو دن یا بارہ دن عمل کرے۔ عمل کے وقت بیمار کا چہرہ مشرق کی طرف ہو اور عامل کا چہرہ مغرب کی طرف ہو اور عامل عمل کے وقت احرام باندھے ہوئے ہو۔ پہلے آنکھیں بند کر کے دل ہی دل میں بارہ دفعہ یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ پڑھے اور پھر اپنے دونوں ہاتھ بارہ دفعہ ملا کر رگڑے اور مریض کے سر پر ایک دفعہ دونوں ہاتھ مس کرے یعنی مل دے۔ اس کے بعد پھر دونوں ہاتھ بارہ دفعہ رگڑ کر مریض کے دل پر مس کرے۔ یعنی ملے، اس کے بعد پھر ہاتھ رگڑ کر مریض کی دونوں ہتھیلیوں پر مس کرے۔ پھر بارہ دفعہ دونوں ہاتھ رگڑے اور مریض کے دونوں پاؤں کے تلوؤں پر مس کرے۔ پھر مریض کے پاؤں کی طرف کھڑا ہو کر اپنے دونوں ہاتھ ملا کر کہے ''بیماری دور ہوئی یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کی برکت سے اور تندرستی واپس آگئی'' بیمار پہلے ہی دن اچھا ہو جائے گا ورنہ پانچ یا نو یا بارہ دن تک یہ عمل کرنا چاہے۔

یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کا عامل اگر اپنے دونوں ہاتھ تین دفعہ اچھی طرح دھو کر اور پاک کر کے بارہ دفعہ دل ہی دل میں یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ پڑھے اور ہاتھوں کو رگڑے اور پھر دونوں ہاتھ پانی سے بھرے ہوئے برتن میں کچھ دیر ڈبوئے رکھے تو وہ پانی جس بیمار کو پلایا جائے گا اس کی صحت اچھی ہو جائے گی۔

تمام امراض کو کھینچنے والا عمل

یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ ایسا پُرتاثیر عمل ہے کہ اس کا عامل ہر مرض کے بیمار کی بیماری اس عمل کے ذریعے سلب کرسکتا ہے۔ عاملین یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کے عمل میں اتنی بڑی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ جس کے عجائب وغرائب عقل میں بھی نہیں آسکتے۔ جنہوں نے یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کے عمل کی تکمیل کرلی ہوتو ان کے ہاتھوں میں غیر معمولی طاقتیں پیدا ہوجائیں گی اللہ کریم کے فضل سے وہ جس مریض کو تندرست کرنے کی نیت سے ہاتھ لگائیں گے وہ بیمار فوراً تندرست ہوجائے گا یا جلدی اس کی تندرستی بحال ہوجائے گی یا اگر وہ تین دفعہ اپنے ہاتھ پاک صاف کرنے کے بعد پانی میں ہاتھ ڈال کر کسی کو دیں گے تو وہ پانی ہر قسم کی بیماریوں کو دور کردے گا۔

یہاں تک کہ خود عامل یا اس کے متعلقین کسی بیماری میں مبتلا ہوجائیں تو ان کو بھی اس عمل کے پانی سے فائدہ ہوگا۔ مگر یہ تاثیر اس وقت تک ترقی کرتی رہے گی جب تک عامل اپنی روح کے جوہر کی ہر قسم کے ناجائز خرچ سے حفاظت کرتے رہیں گے ورنہ تاثیرات گم ہوجائے گی یا کم ہوجائے گی۔

نور معرفت کیلئے آسان تعویذ

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ۔ گلاب وزعفران سے اس طرح پانچ دفعہ لکھ کر روزانہ پینے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔ نورِ معرفت حاصل ہو اور عزیز خلائق ہو۔ بات چیت میں غالب رہے، رنج وغم دور ہو اور مال میں خیر وبرکت ہو۔

حصول معرفت اور حافظہ کیلئے دوسرا تعویذ

جو کوئی یٰسٓ۔۔۔۔ الحکیم تک لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ عزیز خلائق ہوگا اور سب لوگ اس کا احترام کریں گے اور اس کے مال میں بہت برکت ہوگی اور دشمن اس کے سامنے زیر رہے گا اور سب مشکلیں اس کی آسان ہوں گی۔ اگر مریض کے گلے میں ڈالا جائے تو وہ شفایاب ہوجائے گا۔ اگر کسی غم والم میں مبتلا ہے، خدائے تعالیٰ اسے غم والم سے نجات دے گا اور جو کوئی اس طرح سے لکھے یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ اور صبح کو نہار منہ گھول کر پیئے، حافظہ زیادہ ہوجائے اور قلب خیانت سے پاک اور نور معرفت سے باطن روشن ہوجائے گا۔


اصلاح
معدہ وجگر پیکیج
قیمت
440.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
بھوک چمکانے' غذا کو ہضم کرنے
معدے کے تمام امراض
اور پھر سے جزو بدن بنانے کیلئے
عجیب وغریب اثرات کا حامل پیکیج

***

یَاوَاجِدُ کے کرشمات آسان زندگی کا راز

یہ اسم جمالی اور بعض کے نزدیک جلالی ہے۔ اس کے اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرنے کیلئے

طبیعت میں غنا اور اللہ تعالیٰ سے غیر معمولی لگاؤ پیدا کرنے کے لیے آدھی رات کے بعد پانچ

سو(۵۰۰) مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھے۔ بہت مجرب ہے۔

دل کو نورانی بنانے والا آسان عمل

اور اگر کوئی کھانا کھاتے وقت اپنے ہر ایک لقمہ پر اس اسم پاک کو پڑھ کر دم کرتا رہے اور اس کے بعد کھاتا رہے تو جو کھانا وہ کھائے گا، نور بن جائے گا اور اس کا دل روشن ہو جائے گا۔

سخاوت اور دریا دلی پانے کیلئے

اور جو شخص روزانہ پانچ (۵۰۰) مرتبہ وظیفے کے طور پر پڑھتا ہے، اس کا دل غنی ہو جائے اور سخاوت، دریا دلی حاصل ہو۔

بینک بیلنس بھرنے کیلئے

اور اگر کوئی تنہائی میں کثرت سے پڑھے وہ مالدار ہو جائے لیکن شرط یہ ہے کہ خوب توجہ و دھیان سے پڑھے۔

جائز محبت میں دوسرے کو تڑپا دینے والا عمل

اور اگر کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے کسی کو پلاوے تو وہ اس سے محبت کرنے لگے اور ہر وقت اسی کی محبت میں مچلنے لگے یہ عمل صرف جائز مقاصد کیلئے ہے۔

دشمن کے شر سے نجات کیلئے

اور اگر دشمن کو دفع کرنے کیلئے ظاہر و باطن کی پاکی کے ساتھ پانچ سو ستر (۵۷۰) مرتبہ پڑھے، مراد حاصل ہو۔

الواجد کا نقش معظم

نقش حرفی

۷۸۶

و	ا	ج	د
ج	د	و	ا
د	ج	ا	و
ا	و	د	ج

نقش عددی

۷۸۶

۶	۱	۳	۴
۳	۴	۶	۱
۴	۳	۱	۶
۱	۶	۴	۳

***

بُری سنگت کے بُرے نتائج

(حامد غزالی، تلہ گنگ)

بُری صحبت نے نوجوان سے ولایت چھین لی

یہ واقعہ ایک شیخ احمد القطان نے اپنے ایک لیکچر میں ذکر کیا۔ بیان کرنے والا بیان کرتا ہے کہ ہم بحری جہاز پر سوار روزی کی تلاش میں مختلف ملکوں میں گھوم رہے تھے کہ ایک صالح نوجوان ہمارا رفیق سفر بن گیا۔ وہ انتہائی پاکیزہ مزاج اور انتہائی اچھے اخلاق کا مالک تھا۔ خشیت الٰہی کے اثرات اس کے چہرے پر چمکتے تھے۔ اس کے چہرے مہرے سے نور اور چمک دمک عیاں تھی۔ وہ ہر وقت باوضو رہتا، پابندی سے نمازیں ادا کرتا، کسی میں کوئی کوتاہی یا غلطی دیکھتا تو فوراً ٹوکتا اور رہنمائی کرتا، نماز کا وقت ہوتا تو اذان کہتا۔ نماز کی امامت کراتا، اگر ہم میں سے کوئی نماز سے پیچھے رہ جاتا یا لیٹ ہوجاتا تو وہ اسے ڈانٹ ڈپٹ کرتا اور نیکی کی تلقین کرتا۔ تمام سفروں میں اس کا ہمارے ساتھ ایسا ہی برتاؤ رہا۔ اسی دوران سمندری سفر کرتے کرتے ہم ہندوستان کے ایک جزیرہ میں پہنچ گئے۔ ہم نے وہاں اقامت اختیار کرلی۔ سمندری مسافروں کا معمول تھا کہ وہ چندروز کسی مقام پر ٹھہر کر آرام کرتے اور طویل سفر کی تھکاوٹ دور کرتے۔ اس شہر کے بازاروں میں گھومتے پھرتے اور اپنے اہل و عیال اور اولاد کے لیے وہاں سے نادر قسم کی اشیاء خریدتے اور سارا دن گھوم پھر کر رات کو جہاز پر واپس آجاتے۔

ہمارے رفقاء سفر میں سے بعض لوگ برائیوں میں پھنس گئے۔ وہ وہاں کے کھیل کود اور گناہ وزنا کے مقامات پر جاتے اور فسق و فجور کرتے۔ مگر وہ صالح نوجوان جہاز سے نیچے نہ جاتا وہ جہاز کی قابل اصلاح چیزوں کی مرمت کرتا رہتا۔ وہ رسے باٹ باٹ کر رکھتا، قابل مرمت لکڑیوں کی مرمت کرتا اور کمزور لکڑیوں کو باندھ کر مضبوط کرتا اور اللہ کی یاد، قرآن کی تلاوت اور نمازوں میں مصروف رہ کر اپنا وقت گزارتا۔

بیان کرنے والا آدمی بیان کرتے کرتے رونے لگا۔ اس کے آنسو اس کی داڑھی پر گر رہے تھے۔ وہ بولا کہ ایک سفر کے دوران جب کہ وہ نوجوان اپنے انہی کاموں میں مشغول تھا کہ رفقاء سفر میں سے ایک آدمی، جو اپنی خواہشات کا پجاری تھا، بداعمالیوں میں مصروف رہتا تھا، عمدہ اخلاق کو ترک کر کے عادات بد کا خوگر ہوچکا تھا، اس نے اسے چپکے سے کہا ”تم جہاز میں کس لیے بیٹھے رہتے ہو؟ باہر کیوں نہیں جاتے؟ تم نیچے جاکر دیکھا کرو کہ تمہاری اس دنیا کے علاوہ بھی دنیا ہے۔ تم ایسی ایسی چیزیں دیکھو گے جن سے دل کو خوشی ہوگی اور طبیعت بھی ان سے مانوس ہوجائے گی۔ میں تم سے یہ تو نہیں کہتا کہ تم زنا، گناہ اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی والی جگہوں پر جاؤ اور نہ میں تمہیں کسی شراب خانے یا ایسی کسی جگہ جانے کا کہتا ہوں۔

دوست! ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا تاہم تم تماشا گروں کو جاکر دیکھو۔ وہاں کیسے کیسے کرتب اور کھیل تماشے ہوتے ہیں اور لوگ اپنے کرتب دکھاتے ہوئے ڈرتے نہیں۔ تم ہاتھی سوار کو دیکھو گے کہ وہ کیسے ہاتھی کی سونڈ کو سیڑھی بنا کر اپنے پاؤں اور ہاتھ سے اس پر

راہ سلوک پر چلنے والے ہر راہی کی ضرورت۔ اس کتاب میں نہ صرف مبتدی سالکین کیلئے بنیادی نصاب اور رہنمائی کا ذریعہ ثابت ہوگی بلکہ کاملین معرفت کو بھی حلاوت ایمانی دلوانے کا ذریعہ بنے گی۔ اس کتاب میں اخلاقیات معاشرت، کبائر گناہ، اولیاء کے اصلاحی واقعات، شیخ کامل کی پہچان، شیخ سے اکتساب فیض کے حصول کے ذریعے آداب شیخ اور دیگر مفید عنوانات شامل کیے گئے ہیں۔



چڑھتا اور اسے ایک ٹانگ پر کھڑا کرتا ہے۔ اسی طرح اگر تم دیکھو کرتب دکھانے والا کیسے میخوں پر چلتا اور تکالیف برداشت کرتا ہے؟ اور کوئی آگ کے انگاروں کو کھجوروں کی طرح منہ میں ڈالتا ہے اور کوئی بحری پانی کو یوں پی جاتا ہے جیسے شیریں پانی پی رہا ہو۔ میرے بھائی! تم بھی نیچے جا کر لوگوں کو دیکھا کرو''۔

اس نوجوان نے یہ باتیں سنیں تو اس کا دل بھی للچایا، وہ بولا: ''کیا تم جو کچھ کہتے ہو، یہ سب دنیا میں ہوتا ہے؟'' اس بدکار دوست نے کہا ''ہاں، ہاں! اسی جزیرہ میں، تم نیچے جاؤ، تمہیں ایسی ایسی چیزیں دکھائی دیں گی جنہیں دیکھ کر تم خوش ہو جاؤ گے''

وہ صالح نوجوان اپنے اس دوست کے ہمراہ جہاز سے نیچے آیا۔ شہر کی گلیوں اور بازاروں میں سے گزرتے ہوئے، وہ اسے ایک چھوٹی سی تنگ گلی میں لے گیا۔ چلتے چلتے وہ ایک چھوٹے سے گھر کے قریب پہنچے۔ وہ آدمی تو گھر کے اندر داخل ہو گیا اور اس نے اس نوجوان کو باہر رہ کر اس کا انتظار کرنے کا کہا اور بولا: ''میں تھوڑی دیر بعد آؤں گا، مگر خبردار! تم اس گھر کے قریب بالکل نہ آنا''۔ وہ نوجوان گھر کے دروازے سے کچھ دور بیٹھ کر تلاوت اور یادِ الٰہی میں اپنا وقت گزارنے لگا کہ چانک اس نے ایک زوردار قہقہہ سنا، دروازہ کھلا اور وہاں سے حیاء اور مروت سے عاری عورت باہر آئی۔ اور کہا ''یہ تو وہی دروازہ ہے جس میں اس کا ساتھی داخل ہوا تھا''۔ نوجوان کو کچھ شک گزرا تو وہ دروازے کے قریب چلا گیا۔ گھر کے اندر سے آنے والے چیخیں اس کے کانوں کے ٹکرائیں اور ایسی آوازیں مسلسل اس کے کانوں میں آئی۔ اس نے دروازے میں موجود ایک سوراخ سے اندر جھانکا اور بار بار دیکھا تو اسے ایسے مناظر دکھائی دیے جو اس نے آج سے قبل کبھی نہیں دیکھے تھے۔ اس کے بعد وہ اپنی جگہ واپس آ گیا۔

اس کا دوست باہر آیا تو اس سے برداشت نہ ہو سکا، اس نے فوراً پوچھا:

''تجھ پر افسوس! یہ کیا؟ تمہارے یہ کام اللہ کو ناراض کرنے والے ہیں، اللہ کو یہ کام پسند نہیں ہیں''۔

وہ بولا: ''ارے اندھے، بے عقل، خاموش رہ، تجھے ان کاموں سے کچھ مطلب نہیں''۔ بیان کرنے والا کہتا ہے: کافی رات گئے ہم جہاز میں واپس آئے۔ وہ نوجوان ساری رات جاگتا رہا۔ وہ جو مناظر دیکھ کر آیا تھا، وہ انہی کے متعلق سوچوں میں غرق رہا۔ شیطان کا تیر اس کے دل پر چل چکا تھا اور اس کی نظر اس کے دل پر حاوی ہو چکی تھی۔

صبح ہوئی تو وہ نوجوان سب سے پہلے جہاز سے نیچے آیا۔ وہ آج بھی وہی مناظر دیکھنا چاہتا تھا۔ اس کے علاوہ اس کا کچھ بھی ارادہ نہ تھا۔ وہ اسی جگہ پہنچا۔ اس نے وہ مناظر ایک دفعہ دیکھے، دوسری دفعہ دیکھے، یہاں تک کہ دروازہ کھل گیا اور اس نے وہ سارا دن وہیں گزارا اور اگلا دن بھی اس نے وہیں گزارا۔

جہاز کے منتظم نے اسے غیر حاضر پایا تو اس نے دریافت کیا کہ موذن کہاں ہے؟ ہمارا نماز کا امام کہاں ہے؟ وہ صالح نوجوان کدھر ہے؟ ان سمندری مسافروں میں سے کسی نے بھی اسے جواب نہ دیا۔ اس نے ساتھیوں کو حکم دیا کہ اسے تلاش کریں۔ اسے اطلاع ملی کہ فلاں آدمی اسے فلاں جگہ لے گیا ہے۔ اس نے اسے بلا کر خوب ڈانٹ پلائی اور کہا: ''کیا تمہیں اللہ کا ڈر نہیں؟ تم اس کے عذاب سے نہیں ڈرتے؟ جلدی سے جا کر اسے لے آؤ''۔

وہ اسے بلانے کے لیے کئی مرتبہ گیا مگر بے فائدہ، واپس لانے کی تمام تدابیر اور کوششیں ناکام ہوئیں اور وہ اسے واپس لانے میں کامیاب نہ ہو سکا کیونکہ وہ اس جگہ دل لگا چکا تھا اور وہ ان کے ساتھ واپس آنے سے انکاری تھا۔ جہاز کے منتظم کے لیے سوائے اس کے کوئی چارہ نہ تھا کہ اس نے کچھ لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اسے زبردستی واپس لائیں۔ انہوں نے اسے زبردستی قابو کیا اور اٹھا کر جہاز میں لے آئے۔ راوی کہتا ہے کہ جہاز اپنے ملک کی طرف واپس روانہ ہوا۔ سب لوگ اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے۔ وہ نوجوان جہاز کے کونے میں بیٹھا رونے اور آہ بکا کرنے لگا۔ وہ اتنا رو رہا تھا کہ قریب تھا کہ اس کا دل پھٹ جائے۔ لوگ اسے کھانا پیش کرتے مگر وہ کچھ نہ کھاتا۔ کافی دنوں تک اس کا یہی

عالم رہا۔ ایک رات اس کی چیخیں اس قدر بلند ہوئیں کہ اہل جہاز میں سے کوئی بھی سو نہ سکا۔ جہاز کا منتظم اس کے پاس آیا اور اس سے کہا: ’’اللہ کے بندے! اللہ سے ڈر! بتا تو سہی تمہیں ہوا کیا ہے؟ تمہارے رونے اور چیخنے کی وجہ سے ہم تو سو بھی نہیں سکتے۔ تم پر افسوس! کس چیز نے تمہاری حالت بدل دی؟ کس چیز نے تمہیں برباد کر دیا؟ نوجوان نے حسرت بھرے لہجے میں اس سے کہا: ’’آپ مجھے کچھ نہ کہیں۔ آپ نہیں جانتے کہ مجھے کیا ہوا ہے؟‘‘ منتظم نے کہا ’’آخر مجھے بھی تو پتا چلے کہ تمہیں کیا ہوا ہے؟‘‘ بالآخر اس نوجوان نے اپنی شرم گاہ سے کپڑا ہٹا دیا۔ وہاں سے کیڑے نیچے گر رہے تھے۔ منتظم نے یہ حالت دیکھی تو از حد پریشان ہوا اس کا سر چکرا گیا اور اس نے اس کیفیت سے اللہ کی پناہ مانگی اور وہاں سے اٹھ گیا۔ فجر سے کچھ دیر قبل جہاز والوں نے ایک زوردار چیخ سنی، جس کی وجہ سے سب لوگ بیدار ہو گئے اور اس کے ساتھ ہی زندگی اس کا ساتھ چھوڑ گئی۔ لوگ اس کے اس برے انجام سے ششدر رہ گئے اور سب نے اللہ کریم سے حسن خاتمہ کی دعائیں کی۔

* * *

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا عمل

مولانا محمد زید مظاہری ندویؒ

شوہر کا دل نرم کرنے کیلئے

ایک بڑے عالم نے اپنے گھرانہ کی ایک لڑکی کا تفصیلی حال لکھا کہ شادی کے بعد کچھ دن تو میاں بیوی اچھی طرح رہتے رہے لیکن ادھر کچھ دنوں سے ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ لڑکا لڑکی کو تنگ کرتا ہے، ہر طرح پریشان کرتا ہے، تکلیف پہنچانے میں کسر نہ اٹھا رکھی اور اب لے جانے کو بھی تیار نہیں۔ حضرت اقدس سے دعاء تعویذ تدبیر کی درخواست ہے۔

حضرت نے جواب تحریر فرمایا: تعویذ کو روئی لپیٹ کر چھوٹی ڈبیہ میں بند کر کے جس چولہے میں روزانہ کھانا پکتا ہو اور لکڑی جلتی ہو، چار انگل کھود کر گاڑ دیجئے۔ یہ عمل آپ اپنے یہاں کر لیں۔ اگر ایسا چولہا نہ ہو تو اینٹیں لے کر دس یوم کے لیے چولہا بنا لیا جائے اور ڈبیہ گاڑ کر اس کے اوپر لکڑی برابر جلائی جائے۔ دس یوم تک اس ڈبیہ میں آنچ لگتی رہے۔

لڑکی کے والدین ہر نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف کے ساتھ یالطیف ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ اللہ پاک فضل فرمائے۔ تعویذ یہ ہے:

۴۴۰	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۷
۴۵۱	۴۴۶	۴۴۱	۴۵۲
۴۴۵	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۲
۴۵۴	۴۴۳	۴۴۴	۴۴۹

الٰہی، بحرمۃ ایں تعویذ۔۔۔۔۔۔۔۔

مائل فریضہ شود بزوجہ خود۔۔۔۔۔۔۔۔

نوٹ: خالی جگہ پر شوہر کا نام مع والدہ اور بیوی کا نام مع والدہ لکھا جائے۔

* * *



معدہ کا السر
(کورس)

قیمت
400.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

تیزابیت، معدہ کا السر
غذا کی نالی میں جلن
جگر اور ناف کے گرد درد
اور پاخانے کی بار بار حاجت

ان تمام امراض کیلئے
معدہ کا السر کورس بہترین دوا ہے

لاجواب محبت پیدا کرنے کیلئے بے مثال تعویذات

(قاری نفیس الدین، اسلام آباد)

۱۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ۷۸۶ مرتبہ کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلایا جائے۔

۲۔ سوا لاکھ مرتبہ سرمہ پر یَابُدُّوۡحُ پڑھ کر دم کرے اور آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے۔

۳۔ وَهُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّةِ اَیَّامٍ (ھود:۷)

بروز چہارم شنبہ بعد عصر، مطلوب کے پیر کے نیچے کی خاک لا کر اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پھر اس خاک کو اپنے پاس رکھے تو محبوب تڑپ جائے گا۔

۴۔ ''یَابَارِئُ'' پچھتر (۷۵) مرتبہ پھول پر پڑھ کر مطلوب کو سنگھائے۔

۵۔ سورۂ مزمل گیارہ بار شیریں پر پڑھ کر دم کر کے کھلایا جائے۔

۶۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَیۡمٰنَ وَاَلۡقَیۡنَا عَلٰی کُرۡسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ (ص:۳۴)

اس آیت کو ایک سو پینسٹھ (۱۶۵) بار تیل یا عطر وغیرہ میں پڑھ کر دم کرے اور وہ مطلوب کو سنگھائے۔ پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ وہ یہ کہ بعد نماز مغرب سات روز تک پڑھے، اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ انشاء اللہ عامل ہو جائے گا۔

***

صدقہ سے اپنی ہر بیماری دور بھگائیں۔۔!

(ڈاکٹر نذر الرحمٰن، کراچی)

مریض کے نام، مریض کی والدہ کے نام کے اعداد نکالیں۔ جس دن وہ بیمار ہوا ہے، اس دن کے اعداد اور جس دن معلومات کرنی ہو، اس دن کے اعداد، دونوں دنوں کی تاریخیں اور ماہ وسن کے اعداد شامل کر کے 28 سے تقسیم کر دیں اور ذیل کی تفصیلات سے نتیجہ برآمد کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 1 باقی رہے تو مریض بہت دیر میں اچھا ہوگا۔ ایک مرغ سفید، پانچ کلو چاول، ایک کلو مکھن صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 2 باقی رہیں تو مریض کی جان کو خطرہ ہے۔ دو کلو کھانڈ۔ ایک کلو اصلی گھی، ایک مرغ صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 3 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ ایک کلو سرسوں کا تیل، ایک بکری کا بچہ، پانچ کلو لوہا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 4 باقی رہیں تو مریض دیر میں اچھا ہوگا۔ دس کلو گیہوں، دس گز سفید رنگ کا کپڑا صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 5 باقی رہیں تو مریض کو خطرہ ہے۔ اصلی گھی گائے کا 5 کلو اور 15 گز لٹھا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 6 باقی رہیں تو مریض بہت جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ 5 کلو چاول، 5 کلو دودھ صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 7 باقی رہیں تو مریض خطرے میں ہے۔ بکرا ایک عدد، دو کلو اصلی گھی صدقہ کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 8 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ سات طرح کا غلہ چھ چھ کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 9 باقی رہیں تو زندگی ختم ہونے کا خدشہ ہے۔ ایک بکرا، 10 گرام چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 10 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ایک بکرا، پانچ کلو سرسوں کا تیل خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 11 باقی رہیں تو مریض ٹھیک ہوجائے گا۔ سات طرح کا اناج، سات سات کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 12 باقی رہیں تو مریض بہت جلد ٹھیک ہوجائے گا۔ ایک مرغ، ایک کلو گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 13 باقی رہیں تو مریض کو اندیشہ موت ہے۔ دس کلو چاول، 3 کلو ماش کی دال خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 14 باقی رہیں تو مریض دیر سے تندرست ہوگا۔ دو کلو گھی، دس کلو گیہوں خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 15 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوجائے گا۔ دس کلو چنا، ایک کلو گھی، ایک مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 16 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ 10 کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 17 باقی رہیں تو مریض کو خطرہ ہے۔ 10 کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 18 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ 6 تولہ چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 19 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ 7 تولہ چاندی، 5 کلو لوہا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 20 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ دس میٹر کپڑا، ایک سفید مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 21 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ 5 کلو اصلی گھی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 22 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ 6 تولہ چاندی، دس کلو گیہوں خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 23 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ 6 ماشہ سونا، 6 تولہ چاندی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 24 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ ایک بکرا، ایک مرغ خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 25 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ سات قسم کا غلہ، سات سات کلو خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 26 باقی رہیں تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ سات کلو نمک، ایک کلو ہلدی، ایک کلو دہی خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد 27 باقی رہیں تو مریض دیر سے اچھا ہوگا۔ ایک تولہ سونا خیرات کریں۔

اگر تقسیم کے بعد صفر باقی بچے تو مریض جلد اچھا ہوگا۔ 5 کلو گھی، 5 کلو شکر ایک مرغ خیرات کریں۔

***

خاص الخاص عمل کے بعد
جادوشکن پانی
ایسا پانی جس کا رزلٹ ہمیشہ سو فیصد
صدیوں سے آزمودہ اور تجربہ شدہ

کالا جادو، جنات، نظربد، سفلی عمل، بدروحوں کے بُرے اثرات، لاعلاج بیماریاں گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا یا مایوس ہوگئے اور بیماری کی کچھ سمجھ نہیں آرہی، جادو ہے، جنات ہیں یا بیماری جسمانی ہے ایسے حالات میں "جادوشکن پانی" کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔ ہر عمر میں شفائی اثرات ملتے ہیں۔ مایوس مریض چند بوتلیں ضرور استعمال کریں۔ **طریقہ استعمال:** سادہ پانی میں ایک بڑا چمچ ملا کر پی لیں، دن میں چند بار۔ بدن، گھر، دیواروں یا کپڑوں پر بھی چھڑک سکتے ہیں، نہا نہیں سکتے۔ چند دن، چند ہفتے، چند مہینے متواتر استعمال کریں۔ نوٹ: صرف اخراجات اور مزدوری وصول کی جارہی ہے۔ اس لیے قیمت بالکل کم ہے تاکہ مخلوق کی زیادہ سے زیادہ خدمت ہو، پھر بھی نہ دعویٰ نہ وعدہ۔ (قیمت صرف 60 روپے)

خاص الخاص عمل کے بعد
جادوشکن تیل
عنقریب عبقری دواخانہ اور عبقری کے ہر ایجنسی ہولڈر سے طلب فرمائیں!

مردوں اور عورتوں کیلئے طٰسٓمٓ کا خاص چلہ

یہ حروف 19 ویں سپارے میں سورۂ شعراء کے شروع میں آئے ہیں۔ اور یہی حروف سورۂ قصص میں بھی آئے ہیں۔ ان کے اعداد 109 ہیں۔ ان کا چلہ 12 دن کا ہے۔ اس کا چلہ عورت اور مرد دونوں کر سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ سورج نکلتے وقت سورج کی طرف دیکھ کر ایک ہزار مرتبہ ان حروف کو پڑھا جائے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد بستر سے اٹھتے وقت صبح کو صرف 15 مرتبہ روزانہ پڑھیں تا کہ زکوٰۃ کی تاثیر باقی رہے۔ ''طٰسٓمٓ'' کا عمل دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لیے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمن کے برے ارادے بدل جاتے ہیں یا اپنے ارادے میں وہ فیل ہو جاتا ہے اور دشمن کے برے منصوبے زیروزبر ہو جاتے ہیں۔ جب کوئی عامل اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن 45 روپے خیرات کرے۔ اگر عامل دوسروں کے لیے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن نوے روپے ان سے وصول کرے۔ اگر اپنے لیے اس سے کم خیرات کرے گا اور دوسروں کے لیے اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نصف شب کے وقت اندھیرے میں کھڑے ہو کر 109 اُرد (ماش کی دال) کے دانوں پر ''طاسین میم'' پڑھ کر اُرد پر دم کر کے آگ میں پھینکے۔ اسی طرح 109 اُرد پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کر کے آگ میں اُرد ڈال دے۔ آخر میں ایک دشمن ہو تو اس کا نام لے کر اور اگر کئی دشمن ہوں تو ان سب کا نام لے کر یہ کہے کہ فلاں فلاں مغلوب اور مقہور ہوا اور اس کی دشمنی فنا ہوئی اور ان کی دشمنی اور عداوت کے دروازے بند ہوئے۔ اور ان کی زبانیں فلاں ابن فلاں کے حق میں بند ہوئیں۔ یہ عمل لگاتار اسی طرح 9 راتوں تک پڑھا جائے گا۔ دشمن کی مغلوبیت اور ان کی زبان بندی کے لیے بہت ہی پُر تاثیر عمل ہے۔ حیرت ناک طور پر اس عمل کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں اور دشمنوں کو نہ صرف اپنے ارادوں میں منہ کی کھانی پڑتی ہے بلکہ ان کی زبانیں اللہ کریم کے فضل سے بند ہو جاتی ہیں۔

عامل اسکا نقش بھی دے سکتا ہے عامل نوے روپے سے زیادہ وصول نہ کرے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۹	۳۳	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۰	۳۲
۲۵	۲۸	۳۵	۲۱
۳۴	۲۲	۲۴	۲۹

برائے حفاظت وسلامتی فلاں ابن فلاں

اس طرح کے عملیات میں عامل کو من مانی کرنے کا حق نہیں ہے اور ہر عامل کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ طے شدہ ہدیہ لینے کے ساتھ ساتھ سلسلہ چشتیہ کے بزرگوں کو اور اہل بیت کو ایصال ثواب کرتا رہے۔ تا کہ اس کی روحانیت میں روز بروز اضافہ ہو اور اس کے عملیات میں تاثیر پیدا ہو۔ اگر عامل ان باتوں کا لحاظ نہیں رکھے گا تو اس کو نقصان پہنچے گا۔

***

شکوک وشبہات دور کرنے اور دل کو نورانی بنانے والا عمل

(نثار احمد خان، شانگلہ)

انسان کے تمام روحانی اور جسمانی امراض اور اس کی تمام بُری عادتوں اور گندے خیالات اور جسمانی وجنسی بے راہ روی سے نجات کے لیے عرق گلاب میں زعفران حل کرکے اس سے باوضو لکھے۔ اور اس لکھے ہوئے کو بارش یا نہر یا دریا یا چشمہ کے پانی سے دھو کر صبح نہار منہ اکتالیس (۴۱) دن یا اکہتر (۷۱) دن تک باقاعدہ بلاناغہ پلائیں۔ اس کے پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری ختم ہوجائے گی۔ دل سے ڈر، خوف، بزدلی نکل جائے گی۔، دل عبادت الٰہی میں لگے گا، دین کے بارے میں شکوک وشبہات دور ہوں گے، باطن صاف اور مجلّٰی ہوجائے گا، موذی جانوروں سے حفاظت رہے گی، جسمانی کمزوری دور ہوجائے گی۔ بُری عادتیں چھوٹ جائیں گی۔

عمل یہ ہے:

سورۂ فاتحہ۔ آیۃ الکرسی۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق (پوری سورت) سورۂ ناس (پوری سورت) آیات شفاء، سورۂ حشر کی آخری آیات، چہل کاف، تمام حروف مقطعات ''یَاحَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَاحَیُّ''

درود تنجینا، درود ابراہیمی ہر ایک تین تین بار پڑھے۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ اِهْدِنَا الصِّرٰطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ آمین

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ (البقرۃ:۲۵۵)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ۔ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی

نشاطی جدید
خفیہ طاقتوں کو بیدار کرنے والا امیرانہ نسخہ
ہزاروں کی تعداد میں اجڑے ہوئے گھر آباد
قوت کی کمی ڈپریشن ایسی حالت میں ''نشاطی'' قدرتی اجزاء کا وہ فارمولا ہے جو آپ کو ملٹی وٹامنز فراہم کرتا ہے
''نشاطی'' ایسے قیمتی اجزاء کا مرکب ہے جو بوڑھوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتی ہے
مایوس لاعلاج لوگوں کیلئے ''نشاطی'' خوشیوں کا پیغام
خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے سبھی استعمال کرسکتے ہیں۔ سائیڈ ایفکیٹ سے سو فیصد پاک
(قیمت-/520 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
50

الْعُقَدِ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِكِ النَّاسِ۔ اِلٰهِ النَّاسِ۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

آیات شفاء یہ ہیں:

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (التوبہ: ۱۴)
وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ (الشعرآء: ۸۰)
وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (یونس: ۵۷)
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا (بنی اسرائیل: ۸۲)
قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حم السجدہ: ۴۴)
يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل: ۶۹)

سورۂ حشر کی آخری آیات یہ ہیں:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الْخٰلِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (الحشر: ۲۲ تا ۲۴)

چہل کاف یہ ہے:

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلِكًا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكًا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافِ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا

حروف مقطعات یہ ہیں:

الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمّٓرٰ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ يٰسٓ۔ صٓ۔ حٰمٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ
يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

درود تنجینا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

درود ابراہیمی یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى وَاِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

***

گیارہ دن میں سورۂ فاتحہ کا مؤکل حاصل کرنے والا عمل

(استاد کامل حیات، حیدرآباد)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۔ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ۔ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۔ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۔ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۔

طریقہ عمل: ۔ عروج ماہ، نوچندی جمعرات کو کسی بھی صاحب مزار کے پاس بیٹھ کر ایک وقت اور ایک ہی جگہ پر اپنے پاس ایک پاؤ برفی، سات عدد گلاب کے پھول رکھیں۔ اب عمل مذکورہ بالا کو تین سو اکیس (321) بار پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ مدت عمل کل گیارہ یوم ہے۔ گیارھویں روز آپ کے سامنے ایک بزرگ نہایت پروقار شخصیت حاضر ہوں گے۔ سلام وغیرہ کر کے اپنا جائز مدعا بیان کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کا ہر جائز کام کریں گے۔ اس عمل میں پرہیز جلالی و جمالی کریں اور ترک حیوانات وغیرہ کریں اور احقر کو دعاؤں میں ضرور یاد کریں۔ یہ عمل میں نے اپنے استاد کے زیر نگرانی کیا تھا الحمدللہ سو فیصد کامیابی ہوئی یہ عمل ہر جائز کام میں آپ کی بھرپور مدد کرے گا۔ (نوٹ) تسخیر کے تمام اعمال میں سب سے پہلا اصول یہ ہوتا ہے کہ عمل کرنے والا اس قابل ہو کر تسخیر کا عمل کر سکے۔ پھر کروانے والا بھی اہل ہونا ضروری ہے۔ تسخیر کی خواہش تو دنیا کے ہر شخص کو ہوتی ہے۔ مگر تسخیر کے عمل کرنے اور کروانے کا اہل کوئی کوئی ہوتا ہے۔

***

دعائے حزب البحر کے کرشمات

(انتخاب حیدر خان، شاہجمالی)

ایک غیبی الہامی دعا:

حضرت شاہ ولی اللہؒ اور دیگر معتبر علمائے کرام فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ شہر قاہرہ میں تھے کہ حج کے دن قریب آ گئے۔ شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان ایام میں اپنے دوستوں اور مریدوں سے فرمایا کہ ''ہم کو اس سال غیب سے حج کرنے کا حکم ہوا ہے۔ جہاز تلاش کرو''۔ دوستوں اور مریدوں کو بہت تلاش کے بعد ایک بوڑھے عیسائی کے جہاز کے سوا اور کوئی جہاز نہ ملا۔ سب اس جہاز میں سوار ہو گئے۔ جب بادبان اٹھا دیا تو قاہرہ کی آبادی سے نکلتے ہی مخالف ہوا چلنے لگی اور ایک ہفتے تک قاہرہ کی طرف اسی طرح ٹھہرے رہے۔ قاہرہ کے پہاڑ اس مقام سے دکھائی دیتے تھے۔

معجون شفاء یابی
معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
پولیو، لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، ٹیڑھے پاؤں، لنگڑے، گردن مڑ گئی ہو، کمر بوجھ نہ برداشت کر سکتی ہو، جسم کی نشوونما نہ ہو رہی ہو، دماغ کی کمزوری ہو، ہڈیوں کا مڑ جانا، ڈسک پرابلم، مہروں کا درد، عضو کا پھڑکنا، لاغری، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پنڈلیوں کا درد، نقرس، مہروں کا خلا، پٹھوں کا درد، اعصابی درد، پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا، بجلی کا شاک لگنے کے بعد کی کمزوری، بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

مخالف لوگ طعنے دینے لگے کہ ''شیخؒ فرماتے تھے کہ مجھ کو غیب سے حج کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور حالت یہ ہے کہ حج کا وقت قریب آ گیا ہے اور جہاز مخالف ہوا کی زد میں ہے''۔ یہ بات شیخؒ کے دل میں بے چینی کا باعث بنی مگر ضبط کی قوت سے پی گئے۔ اتفاقاً شیخؒ دوپہر کو قیلولہ فرما رہے تھے کہ خدا نے ان کو اس دعا کا الہام کیا اور حضور ﷺ کی زیارت بھی ہوئی۔ شیخ رحمہ اللہ نے نیند سے اٹھ کر یہ دعا پڑھنی شروع کی اور جہاز کے افسر کو بلا کر فرمایا کہ ''خدا کے بھروسے پر بادبان اٹھا دے''۔ اس نے جواب دیا کہ ''اگر ہم بادبان اٹھا دیں گے تو ہوا اسی وقت ہمارا منہ پھیر دے گی اور ہم کو قاہرہ میں پہنچا دے گی''۔ شیخ نے فرمایا ''ہم جو کچھ کہتے ہیں اس پر عمل کرو اور خدا کی عجیب مہربانی دیکھو''۔ جونہی بادبان اٹھایا، فوراً ہی موافق ہوا چلنے لگی۔ یہاں تک کہ اس رسی کو جس کے ساتھ جہاز کو باندھ رکھا تھا، کھول نہ سکے۔ بالآخر اس کو کاٹ دیا اور بڑی جلدی امن و امان اور سلامتی کے ساتھ مبارک و مقدس مقام تک پہنچ گئے۔ یہ دیکھ کر بوڑھے عیسائی کے بیٹے مسلمان ہو گئے اور وہ عیسائی بوڑھا دل میں غمگین ہوا۔ رات کو بوڑھے عیسائی نے خواب میں دیکھا کہ شیخ ایک بڑی جماعت کے ساتھ تشریف لے جا رہے ہیں اور اس کے لڑکے بھی شیخ کے ساتھ جا رہے ہیں۔ اس نے اپنے بیٹوں کے پیچھے جانا چاہا مگر فرشتوں نے جھڑکا اور کہا کہ ''تو ان لوگوں کے دین والوں میں نہیں ہے۔ ان سے تیرا کیا مطلب؟''

صبح کے وقت خدا کی ہدایت اس کی مددگار ہوئی اور اس نے کلمہ توحید پڑھ لیا اور آہستہ آہستہ اس کا مرتبہ یہاں تک پہنچ گیا کہ وہ بڑے باطنی مقامات والا ہو گیا اور اس طرف کے لوگ اس کی نزدیکی اور صحبت کے طالب ہونے لگے۔

اجازت کی برکات

وظائف کی اجازت حضرات مشائخ سے حاصل کرنا موجب برکت و سریع التاثیر ہوتی ہے۔ نااہل کو اس کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ صاحب حرز کا ارشاد ہے کہ ''اجازت دینے سے قبل حزب البحر کا زبانی یاد کرنا ضروری ہے۔ اگر زبانی یاد نہ کر سکے تو دیکھ کر صحیح پڑھ لے۔ تلفظ درست ہوں''۔ جو شخص تمام شرائط کے ساتھ اس دعا کو پڑھے گا، اس کی ہر مراد پوری ہوگی بحکم اللہ۔ اجازت دیتے وقت کچھ شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر چند صلحاء و غرباء کو کھلانا اس طریقہ میں معمول ہے اور اس کا ثواب حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ کی روح پاک کو بخشے۔

طریقہ زکوٰۃ حزب البحر

زکوٰۃ صغیر

پہلا طریقہ: ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو روزے رکھے اور بطریق سنت تینوں روز معتکف رہے۔ اور تین بار اس طرح پڑھے کہ بعد نمازِ مغرب ایک بار، بعد نمازِ عشاء ایک بار اور بعد نمازِ چاشت ایک بار۔ روزانہ تین دن تک اسی طرح مذکورہ تاریخوں میں پڑھے۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی ۸ صفر کے بعد جو رات ہو اس کی مغرب کے بعد) چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزانہ ایک بار پڑھا کرے۔ اس کیلئے مغرب کے بعد کا وقت بہتر ہے۔ آئندہ اختیار ہے جو وقت چاہے مقرر کر لے لیکن روزانہ ایک ہی وقت پر پڑھے۔ ہاں کسی روز خاص وقت کوئی عذر ہو جائے تو کسی دوسرے وقت پڑھ لے۔ زکوٰۃ کے طور پر اس دعا کا پڑھنا ۸ صفر کی چاشت کے بعد ختم ہو جائے گا اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی، جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہوگی اور اس شب کی مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع ہوگا۔ اس طریقہ میں نہ ترک حیوانات ہے نہ کسی اور طرح کا خطرہ ہے۔ سہل اور عمدہ طریقہ ہے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ ''بڑا مطلوب رضائے الٰہی ہے۔ اسی کو طلب کرے اور جہاں جہاں مقہوری اعداء کا تصور ہے وہاں شیطان کا خیال کرے''۔ اور یہ بھی فرماتے تھے کہ ''اس دعا کے پڑھنے سے روزی سے اطمینان میسر ہوتا ہے (گو اس نیت سے نہ پڑھے) اور جمعیت حاصل ہوتی

ہے"۔ ایام زکوٰۃ میں مطلوب فقط رضائے الٰہی رکھے۔ اس کے بعد جو روزمرہ پڑھے، اس میں جو خاص مطالب ہو مثلاً وسعت رزق وغیرہ کا خیال رکھے۔ دعا میں متعدد مطالب بھی مستحسن ہیں۔ اس لئے رضائے الٰہی کو ہر مطلب میں شامل رکھے اور اس طریق میں اعتصام اور اختتام بھی نہیں پڑھا جاتا ہے اور وہ مؤلفہ حزب البحر سے منقول نہیں ہے۔ کسی اور نے شامل کر دیا ہے۔ واضح ہو کہ جس دنیا کے حاصل کرنے کی مذمت وارد ہوئی ہے۔ اس قدر حصول دنیا اور کسی خلاف شرع کام کے لئے اس دعا کو نہ پڑھے۔ اس لئے کہ خلاف شرع کاموں کا طلب کرنا گناہ ہے۔ حزب البحر میں اعوذ باللہ نہ پڑھے بلکہ بسم اللہ پڑھ کر شروع کرے۔ طریقہ کے مطابق اگر زکوٰۃ ادا کی جائے تو ہر سال زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے۔

دوسرا طریقہ: نصاب کا ایک آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ سال بھر تک بلاناغہ روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اور سوائے گائے کے گوشت کے، کسی حلال چیز سے پرہیز نہ کرے۔ نصاب کے بعد روزانہ بعد از نمازِ عصر ایک بار پڑھ لیا کرے۔ بہتر ہے کہ بعد از نماز مغرب روزانہ پڑھے۔

زکوٰۃ کبیر:

پہلا طریقہ: ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ کو روزہ دار ہو کر بطریق سنت مسجد میں معتکف رہے۔ عورتیں گھروں میں برائے زکوٰۃ اعتکاف کر سکتی ہیں۔ ساڑھے پانچ گز کپڑا سبز رنگ کا بغیر سلائی کے احرام کی طرح (یعنی ساڑھی کی طرح) باندھ کر پڑھے۔ بعد از نمازِ مغرب زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع کرے۔ پہلے اور دوسرے روز ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھے۔ تیسرے روز پانچ مرتبہ زیادہ یعنی ایک سو پچیس (۱۲۵) بار پڑھے تاکہ تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری ہو جائے۔ اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی ۸ صفر کے بعد) جو رات ہو، اس کی مغرب کے بعد چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزمرہ ایک بار پڑھے اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہوگی اور اسی شب مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع ہوگا۔ حزب البحر پڑھنے کے دوران صرف نماز پڑھنے کا وقفہ ہوگا۔ بلاضرورت شرعی فضول یا دنیوی کلام کی اجازت نہ ہوگی۔ البتہ زوال کے وقت ملاقات اور دنیوی باتیں کر سکتا ہے۔ پڑھتے پڑھتے جب عامل تھک جائے تو آرام کر سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے:۔

۱۔ دوران اعتکاف ترک حیوانات جمالی و جلالی کریں۔ ہر قسم کے گوشت، انڈے، مچھلی، دودھ، دہی، لسی، مکھن، گھی، لہسن، پیاز، کچی ہینگ کا پرہیز کریں۔ روغنوں میں تل کا تیل یا روغن بادام کی اجازت ہے۔

۲۔ دریا یا تالاب کا پانی استعمال کریں۔ کنویں کے پانی سے پرہیز کریں۔

۳۔ تنہائی میں روزہ رکھ کر اعتکاف میں بیٹھیں۔ حصار ضرور کریں۔ قبلہ رو بیٹھ کر نصاب کی غرض سے باوضو پڑھیں۔

۴۔ روزانہ غسل کیا جائے۔

۵۔ تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری کرنا ضروری ہے۔

۶۔ حسب شرائط تمام کرنے کے بعد، قبولیت عمل کے

بواسیر
کورس
قیمت
500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
لاعلاج خونی وبادی
بواسیر کالاجواب

لئے ایک گائے یا ایک خصی بکرا یا دنبہ، راہِ حق میں قربانی کر کے چند صلحاء وغرباء کو اپنے ساتھ کھانا کھلائے۔ اگر تونگر ہو تو روزانہ ایک مرغ بھی صدقہ کرے اور کچھ نقدی حسب توفیق دے۔

۷۔ اگر اتفاقاً ممنوعہ چیز کھالی گئی تو فوراً ایک تولہ قند سیاہ کھا کر غسل کریں۔

اگر مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ ہوا تو اثر نہ ہوگا بلکہ تاثیر عمل میں نقصان ہوگا۔

دوسرا طریقہ: بارہ (۱۲) یوم۔ تیس (۳۰) مرتبہ روزانہ۔

تیسرا طریقہ: چھ (۶) یوم۔ ساٹھ (۶۰) مرتبہ روزانہ۔

(نوٹ) دونوں طریقوں میں زکوٰۃ کے آخر روز پانچ مرتبہ کی تعداد بڑھالیں تا کہ تین سو پینسٹھ (۳۶۵) کی تعداد پوری ہو جائے۔ باقی ہدایات وہی ہیں جو پہلے طریقے کی ہیں۔

ہر مشکل کیلئے حزب البحر کے عملیات

ذیل میں چند اعمالِ حزب البحر کا ذکر کیا جا رہا ہے تا کہ زکوٰۃ نکالنے والے مستفید ہوسکیں۔

ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص کسی کام میں عاجز ہو گیا ہو اور کوئی صورت سرانجام کی نظر نہ آتی ہو تو اس کو چاہئے کہ ایک مقام خالی اور صاف و پاکیزہ میں دو رکعت نماز قضائے حاجات ادا کرے۔ بعد سلام اس دعا کو پانچ (۵) یا سات (۷) مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہوگی۔

غیبی مدد کے نظارے اپنی آنکھوں سے کریں

اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَیْرُ النَّاصِرِیْنَ۔ پچیس (۲۵) بار ہر نماز کے بعد پڑھنے سے اللہ کی مدد شامل ہو جاتی ہے۔

محبت میں تڑپا دینے والا عمل

روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اور جب مقام ''وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِیْحًا طَیِّبَةً كَمَا هِیَ فِیْ عِلْمِكَ'' پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ پڑھے۔ اس کے بعد کہے ''یاالٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل میں فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضاء اور ہڈی میں ظاہر کر، کہ ایک لحظہ بغیر اس کے اُس کو قرار نہ پڑے۔ آمین آمین آمین''۔ اس عمل کو کرنے کے بعد داہنے ہاتھ کو تین مرتبہ زمین پر مارے۔ اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پر دم کرتے رہیں۔ عمل پورا ہونے کے بعد، عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے۔ پس مطلوب فوراً طالب ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ڈالر کے متلاشیوں کیلئے خاص عمل

تین روز تک روزانہ تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے اور آخری مرتبہ جب مقام اُنْشُرْ هَا عَلَیْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے یَاغَنِیُّ اَغْنِنِیْ یَارَزَّاقُ اُرْزُقْنِیْ رِزْقًا طَیِّبًا وَّاسِعًا بِغَیْرِ حِسَابٍ اور روزانہ سات فقیروں کو روٹی کھلائیں۔ پس چند روز میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے اور رزق ایسی جگہ سے حاصل ہوگا، جہاں سے گمان نہ ہوگا ڈالر کے متلاشی لوگوں کیلئے یہ عمل بہت ہی لاجواب ہے کریں اور قدرت کا نظارہ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

کروڑوں کا قرض اتارنے والا عمل

تین روز تک روزانہ پندرہ (۱۵) مرتبہ پڑھے اور جب مقام وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِيَتِكَ۔ پس چند روز میں قدرت کی طرف سے کسی نہ کسی سبب سے قرض ادا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

لڑکیوں کے مثالی رشتے کیلئے

جب کسی لڑکی کا مقدر کھولنا منظور ہو تو تین روز تک اس کو کنوئیں کے پانی پر پڑھے، جس کا پانی رات کو بھی بھرا جاتا ہو۔ ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور جب مقام وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ پر پہنچے تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے "قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ" اور دم شدہ پانی سے لڑکی کے ہاتھ پیر دھلا کر اس پانی کو ایسے مقام پر ڈال دیں، جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے یا کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ پس جلد ہی اللہ کریم کے چاہنے سے لڑکی کا بخت کھل جائے گا۔

عاجز کر دینے والے دشمن سے نجات کیلئے

اگر آپ کو کوئی شخص ناجائز تنگ کرتا ہو یا سخت ترین ظلم کرتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان بند کرنے کی یا دشمن کو ساکت یا مغلوب کرنے کی ضرورت ہو تو بارہ (۱۲) روز تک تیس (۳۰) مرتبہ حزب البحر (مکمل) کو پڑھے اور مطلب کا خیال دل میں رکھے۔ اور جب اس مقام پر پہنچے وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے "يَاقَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ" اور کہے "الٰہی شر و مکر فلاں بن فلاں سے بچا اور اس کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور اس کی عقل، آنکھ، کان، زبان کو میری طرف سے بند کر دے" اور پھر حزب البحر (مکمل) کو پوری کرے۔ اسی طرح تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے تمام حواس و عقل و فکر زبان وغیرہ بند ہو جائیں گے اور عامل کے حق میں کوئی برے الفاظ نہ کہہ سکے گا۔ مجرب ہے۔ یہ عمل صرف جائز مقاصد کیلئے ہی کیا جائے وگرنہ الٹا آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

برائے ہر مقصد و حاجات

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ ایک سو (۱۰۰) بار صبح و شام پڑھیں۔ ہر کام خوش اسلوبی سے پورا ہوگا۔

ہر موذی بیماری سے شفاء کیلئے

بیمار کے شفا کے لئے ہر روز پچیس (۲۵) بار پڑھے۔ ہر بار جب اس دعا پر پہنچے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ تو اس آیت کو ستر (۷۰) بار پڑھے: وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ



ہر گھر کا ایسا معالج ہے جو تشخیص کے ساتھ ساتھ آزمودہ اور موثر علاج بتاتی ہے جو کرنے میں بے حد آسان ہیں۔ اس تحفہ میں ٹوٹکوں اور طبی علاج کا ایسا خزانہ موجود ہے جو آج سے پہلے آپ نے کبھی دیکھا نہ ہوگا۔ یہ کتاب ہر گھر اور فرد کی ضرورت ہے جو بہت سے تجربات اور نسخوں کا نچوڑ اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اور کہے یَاشَافِیُ اِشْفِ فَلَاں اِبْنِ فَلَانَ مِنْ جَمِيْعِ الْاَسْقَامِ وَ الْاٰلَامِ۔ اگر کوئی مریض کسی علاج سے اچھا نہ ہو سکے تو یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ العزیز تھوڑے ہی دنوں میں صحت کلی نصیب ہوگی۔

برکت رزق وخیر وعافیت کے لیے

نئے چاند کو دیکھتے ہی فوراً دعاء حزب البحر ایک بار اور سورۃ الملک ایک بار پڑھنے سے پورا مہینہ خیر و عافیت سے گزرے گا اور رزق میں برکت رہے گی۔

***

دعا حزب النصر کے کرشمات

(انتخاب شاہد حسین)

دعائے حزب النصر ولی کامل حضرت ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہٗ کی ایک دعا ہے جو اعمال اولیاء میں سے ہے۔ یہ دعا ہر ظاہری و باطنی دشمنوں کے لئے ایک ایسا مخفی ہتھیار ہے جو انتہائی پُر تاثیر ہونے کے ساتھ ساتھ بہت مجرب بھی ہے۔ اور اس پر عمل کرنے والے کی دشمنوں سے نجات ہو جاتی ہے اور دشمن بھی پریشان ہو جاتے ہیں کہ کیوں ہم اس پر فتح نہیں پا رہے۔ جو حضرات اس عمل کی زکوٰۃ نکالنا چاہیں وہ حزب البحر کے ساتھ اس دعا کی بھی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں۔

طریقہ زکوٰۃ

اس دعا کی زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے دو طریقے ہیں:۔(۱) زکوٰۃ صغیر، (۲) زکوٰۃ کبیر

زکوٰۃ صغیر

اس کے تین درجہ میں زکوٰۃ ادا کروائی جاتی ہے۔

پہلا درجہ: بطریق حزب البحر تین اوقات یومیہ پڑھی جاتی ہے۔ حزب البحر ایک دفعہ پڑھی جاتی ہے، یہ تین بار پڑھی جائے گی۔ کل نو بار یومیہ۔

دوسرا درجہ: اوّل وآخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ'' پڑھنا ہے۔ درمیان میں اکیس مرتبہ حزب النصر ایک نشست یا دو نشست میں پوری کرنی ہے۔ دو نشست کی صورت میں بھی اوّل و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ'' پڑھا جائے گا۔

تیسرا درجہ: طریقہ دوسرے درجہ والا ہے صرف حزب النصر اکیس کی جگہ اکتالیس بار پڑھی جائے گی۔

زکوٰۃ کبیر

بطریق حزب البحر 120+120+125 مرتبہ پڑھنا ہے۔ پرہیز جلالی ضرور کرنا ہے۔ سخت جلالی عمل ہے۔ ایک سو بیس (120) کی تعداد کے اوّل و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حسبنا اللہ ونعم الوکیل'' پڑھا جائے گا۔ چار درجوں میں عام دنوں میں زکوٰۃ کا طریقہ درج ذیل ہے:

درجہ اول: گیارہ بار اکیس یوم۔ اوّل و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حسبنا اللہ ونعم الوکیل''۔ پرہیز بڑا گوشت۔

درجہ دوم: اکیس بار اکیس یوم۔ اوّل و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حسبنا اللہ ونعم الوکیل''۔ پرہیز بڑا گوشت و مچھلی۔

درجہ سوم: اکتالیس بار اکتالیس یوم۔ اوّل و آخر چار سو پچاس (450) مرتبہ ''حسبنا اللہ ونعم الوکیل''۔ پرہیز ترک گوشت۔

بہتر ہے کہ ترک حیوانات و پرہیز جمالی کیا جائے۔

درجہ چہارم: زکوٰۃ سوم کے بعد کسی مزار پر جا کر یہ زکوٰۃ نکالی جاتی ہے۔ اس کا طریقہ لکھا نہیں جا رہا کیونکہ جہاں اس کا فائدہ بہت زیادہ ہوتا ہے، وہیں غلط عمل ہونے کی وجہ سے، بہت نقصان بھی ہوتا ہے۔ ویسے بھی وہی لوگ اس درجہ کی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں جنہوں نے زکوٰۃ کبیر کا درجہ سوم کر لیا ہو۔

دعائے حزب النصر (عربی)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ بِسَطْوَةِ جَبَرُوْتِ قَهْرِكَ وبِسُرْعَةِ اِغَاثَةِ نَصْرِكَ وَبِغِيْرَتِكَ لِأنْتِهَاكِ حُرُمَاتِكَ وَبِحِمَايَتِكَ لِمَنِ احْتَوٰى بِآيَاتِكَ اَسْأَلُكَ يَا اَللهُ يَاسَمِيْعُ يَاقَرِيْبُ يَامُجِيْبُ يَاسَرِيْعُ يَامُنْتَقِمُ يَاشَدِيْدَ الْبَطْشِ يَاجَبَّارُ يَاقَهَّارُ يَامَنْ لَّايُعْجِزُهٗ قَهْرُ الْجَبَابِرَةِ وَلَايَعْظُمُ عَلَيْهِ هَلَاكُ الْمُتَمَرِّدَةِ مِنَ الْمُلُوْكِ وَالْاَكَاسِرَةِ اَنْ تَجْعَلَ كَيْدَ مَنْ كَادَنِيْ فِيْ نَحْرِهٖ وَمَكْرَ مَنْ مَكَرَ بِيْ عَائِدًا عَلَيْهِ وَحُفْرَةَ مَنْ حَفَرَلِيْ وَاقِعًا فِيْهَا وَمَنْ نَصَبَ لِيْ شُبْكَةَ الْخِدَاعِ اِجْعَلْهُ يَاسَيِّدِيْ مُسَاقًا اِلَيْهَا وَ مُصَادًا فِيْهَا وَاَسِيْرًا لَدَيْهَا اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ كٰهٰيٰعٰصٰ اِكْفِنَا هَمَّ الْعِدَا وَلَقِّهِمُ الرَّدٰى وَاجْعَلْهُمْ لِكُلِّ حَبِيْبٍ فِدًا وَسَلِّطْ عَلَيْهِمْ عَاجِلَ النِّقْمَةِ فِي الْيَوْمِ وَالْغَدَا۔ اَللّٰهُمَّ شَتِّتْ شَمْلَهُمْ، اَللّٰهُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ اَللّٰهُمَّ اَقْلِلْ عَدَدَهُمْ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الدَّائِرَةَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ اَرْسِلِ الْعَذَابَ اِلَيْهِمْ، اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْهُمْ عَنْ دَائِرَةِ الْحِلْمِ وَاللُّطْفِ وَ اسْلُبْهُمْ مَدَدَ الْاِمْهَالِ وغُلَّ اَيْدِيَهُمْ وَ ارْبُطْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَلَاتُبَلِّغْهُمُ الْاٰمَالَ، اَللّٰهُمَّ مَزِّقْهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ مَزَّقْتَهٗ لِاَعْدَائِكَ اِنْتِصَارًا لِاَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ وَ اَوْلِيَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اِنْتَصِرْلَنَا اِنْتِصَارَكَ لِاَحْبَابِكَ عَلٰى اَعْدَائِكَ، اَللّٰهُمَّ لَاتُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَامِنَّا وَلَاتُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، اَللّٰهُمَّ لَاتُمَكِّنِ الْاَعْدَآءَ فِيْنَا وَلَا مِنَّا وَلَاتُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا، حٰمٓ الْاَمْرُوَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا مِمَّا نَخَافُ، اَللّٰهُمَّ قِنَا شَرَّ الْاَسْوَاءِ وَلَا تَجْعَلْنَا مَحَلًّا لِلْبَلْوٰى، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ يَاهُوَ يَامَنْ بِفَضْلِهٖ لِفَضْلِهٖ نَسْئَلُ اِلٰهِي اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْاِجَابَةَ اَلْاِجَابَةَ يَامَنْ اَجَابَ نُوْحًا فِيْ قَوْمِهٖ وَ يَامَنْ نَصَرَ اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى اَعْدَائِهٖ وَيَامَنْ رَدَّ يُوْسُفَ عَلٰى يَعْقُوْبَ وَيَامَنْ كَشَفَ ضُرَّ اَيُّوْبَ وَيَامَنْ اَجَابَ دَعْوَةَ زَكَرِيَّا وَيَامَنْ قَبِلَ تَسْبِيْحَ يُوْنُسَ بِنْ مَتّٰى نَسْئَلُكَ بِاَسْرَارِ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ اَنْ تَتَقَبَّلَ مَا بِهٖ دَعَوْنَاكَ و اَنْ تُعْطِيَنَا مَا سَئَلْنَاكَ وَ اَنْجِزْلَنَا وَعْدَكَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ لِعِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اِنْقَطَعَتْ اَعْمَالُنَا وَعِزَّتِكَ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَ رَجَاؤُنَا وَحَقِّكَ اِلَّا فِيْكَ۔

اِنْ اَبْطَأَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ فَاَقْرُبِ الشَّيْءِ يَاغَارَةَ اللهِ، يَاغَارَةَ اللهِ جِدِّی



برص پھلبہری کورس

قیمت
500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

برص پھلبہری سے مایوس
افراد اب پریشان مت ہوں
برص پھلبہری اب لاعلاج نہیں

انتہائی کم قیمت بے بہا فائدہ

السَّیْرَ مُسْرِعَۃً فِیْ حَلِّ عُقْدَتِنَا یَا غَارَۃَ اللہِ، عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَارُوْا وَ رَجَوْنَا اللہَ مُجِیْرًا، وَ کَفٰی بِاللہِ وَلِیًّا وَ کَفٰی بِاللہِ نَصِیْرًا وَ حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اِسْتَجِبْ لَنَا آمِیْنَ
فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

***

ہر قسم کی بندش سے نجات

(نعمت اللہ، پشاور)

بندش خواہ کسی بھی قسم یا عمل کی ہو، اس عمل کے کرنے سے جاتی رہے گی اور وہ ہے قل شریف، جس کے حروف خالص بھی 13 ہی ہیں۔ ق ل ھ و ا ح د ص م ی ک ن ف۔ بندشوں میں بند حضرات صبح شام 2,2 تسبیح اپنے ذکر اذکار میں شامل فرمالیں یا بعد نماز عشاء پانچ تسبیح۔ یہ عمل کم از کم 90 دن ضرور کریں۔ جو حضرات علم نقوش سے واقفیت رکھتے ہیں وہ اس کے نقوش ہم مزاج بھی استعمال کریں۔ جو نہیں جانتے، وہ شرف قمر میں 30 عدد سورہ پاک لکھ کر رکھ لیں۔ روزانہ ایک عدد پئیں ہمراہ عرق مکوہ سوا دو تولہ، یہ بھی 90 دن کریں۔ اگر مسلسل کریں تو حروف صوامت کی رجعت بھی نہیں ہوگی۔ عمل کرنے والے حضرات ہر جمعہ کو 600 گرام چینی، 150 گرام سوجی سے دعوت حشرات الارض بھی کریں۔ ہر مہینے میں کم از کم ایک مرتبہ اپنے گھر یا دکان میں لوبان کی دھونی بھی دیں۔ نقوش زعفران سے لکھیں اور عود، عنبر کی اگر بتی ضرور لگالیں۔ نقوش لکھنے والے حضرات پندرہ روپے فی نقش ہدیہ کسی مستحق محتاج کو دے دیں۔ چلتے پھرتے یَا اَللّٰہُ یَا فَتَّاحُ یَا عَلِیْمُ یَا مُعِزُّ یَا سَمِیْعُ کا بلا تعداد بکثرت ورد رکھیں۔

نقش یہ ہے:


یا اللہ یا فتاح یا علیم یا معز یا سمیع

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

***

تسخیرات اروح کے شائقین کیلئے لاجواب تحفہ

(انتخاب: مولانا ابوعمار زاہدان)

یہ دعا ایک بڑے عامل کا آزمودہ عمل ہے واضح رہے کہ جب بھی کوئی تسخیر ارواح کے علم کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو شیاطین اور جنات اس کو نقصان پہنچانے اور عمل چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لیے عامل کو اپنی حفاظت کرنا مقدم ہے تاکہ جنات اس کو اذیت نہ پہنچا سکیں بلکہ اس کے مطیع رہیں اور ہر حکم بجالائیں۔ ذیل میں ایسا حجاب تحریر کیا جا رہا ہے جس سے عامل کی جان ہر ایک آفت اور بلا سے محفوظ رہتی ہے۔ جنات اور شیاطین اس کے پاس سے ایسے بھاگتے ہیں جیسے بکریاں شیر سے بھاگتی ہیں۔ حاضرات ارواح کے عامل کے لیے ضروری ہے کہ ہر روز جب تسخیر ارواح کے عمل کی ریاضت سے فارغ ہو تو ایک بار ضرور اس حجاب کو پڑھ لیا کرے تاکہ جنات اور شیاطین و دیگر ارواح خبیثہ نقصان نہ پہنچا سکیں۔ اگر اس حجاب کو جمعرات کے روز اچھی ساعت میں سبز کاغذ پر مشک و زعفران سے تحریر کر کے عامل اپنے پاس رکھے تو بھی مذکورہ فوائد حاصل ہوں گے۔ واضح رہے کہ اس حجاب کو دوران عمل کبھی بھی اپنے پاس نہ رکھیں بلکہ عمل کی ریاضت کے بعد اس حجاب کو اپنے پاس رکھے تاکہ عامل ہر طرح کی رجعت اور نقصان سے محفوظ رہے۔ یہ حجاب ہیکل حضرت سلیمانؑ سے استخراج شدہ ہے۔ نام اس کا حجاب القفل ہے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِحْتَجَبْتُ وَ اَحْبَبْتُ نَفْسِی بِعِزَّةِ اللهِ الْعَزِیْزِ الْمُعْتَزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّهٖ بَطْوَیَلْ اُیَلْ هُشُاُشٌ هُشُیَشٌ هُشُیَفٌ هُشَاشٌ نَفُیَشٌ وَقِهُیَطٌ تَدْرِاُ کِنَدْرِیَوْشٌ اُصَابَیَا اُعَاُلِیَا عُمِیَشٌ عُمِیَشَا یَاهُشُتَرْ اَقَاشَاشُیَشُلْ اُعْلُمَا اُدْوَنَائِیْ لِاُتَدْنُوْا وَلَا تَقْرَبُوْا مَنْ عُلِّقَ عَلَیْهِ حِجَابِیْ هٰذَا وَلَا تُؤْذُوْهُ فِیْ نَوْمِهٖ وَلَا فِیْ یَقْظَتِهٖ وَلَالُوَ سَوِسَوْالَهٗ وَ اذْهَبُوْا عَنْهُ یُطَاشٌ طُلْشُوَشٌ طُشُیْ طُیَشٌ طُمْضَاهُشُوَشٌ اَهْیَا اَشْرَاهِیًّا هُشُیَوَشٌ هُشُیْ هُشٌ اُهْمَا اَنْ لَّا تَدْنُوْا وَلَا تَقْرَبُوْا مَنْ عُلِّقَ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْحُجُبُ بِحَقِّ یَدْنَیَدْشُ وَ یَنَدْشُ حَامُلُ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ یَحْفَظْ یَدْنَیَشُ بَرْشُلْ رِهُقِ اُیَوَهُهٗ دِرْیٰهٖ کِمَا رِیٰهٖ اٰلِ عِجِیَالٍ بَیَکُوَالٍ هُطُهُیَلٍ شُیَبٍ شَیْنَبٍ شُعْتَدْمُثِیْنَ بَیْرَاُثٍ شُرْهٖ فُقَائِیْلُ مُوَرْمُنَ حِرْیَوَقِدْ قَانَشُ صَمُدْرِشٌ کِرْهُشِ کِرْهُوَشِ لَتَیَغْلِیْکَارِشُ کِیَطُفُلْ طُارِشُ لِشُلْغِیَطُارِشُ اَجِبْ اَیُّهَا الرُّوْحُ الطَّاهِرُ صَفْدَقُیَائِیْلُ وَاَنْتَ یَا عَیْنَائِیْلُ وَاَنْتَ یَا تُوْیَائِیْلُ اَجِیْبُوْا اَیُّهَا الْاَرْوَاحُ الْمُؤَکِّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْحُجُبِ وَاحْجُبُوْنِیْ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ عَلَیْکُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَیْکُمْ اَجِیْبُوْنِیْ بِالْحُجُبِ الْعَالِیَةِ الْغَائِبَةِ عَنِ الْاَبْصَارِ وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ لَا



پاکستان کیسے بنا اور اس کے بننے میں کتنی جانیں گئیں کتنی عصمتیں لٹیں اور گھر خاندان برباد ہوئیں۔ ایسے ہوش ربا سچے واقعات کے ایک ایک لفظ وطن سے محبت اور اس کی قدر بڑھا دے۔

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا۔ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا۔ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا۔ كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ بِحٰمٓعٓسٓقٓ حُمِيْتُ وَوُقِيْتُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَايَقْدِرُ اَحَدٌ عَلَيْنَا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ۔ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ بَهْطَهُيَالٍ بَطْطَهُيَارِشْ بَشْطُهْقِيَالٍ عِطْطُمُيَالٍ نَوَرْ طُمَاخْ طَاخْ هُكِهُكِوَخْ هُكِوَخْ يَاهُ يَاهُ هُوَ هُوَ اَشْرَقَتِ الْاَنْوَارُ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ وَشَخَصَتِ الْاَبْصَارُ وَذَلَّتِ الرِّقَابُ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ جِبْرَائِيْلُ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ شِمَالِيْ وَعِزْرَائِيْلُ مِنْ وَّرَآئِيْ وَاِسْرَافِيْلُ اَمَامِيْ وَاللّٰهُ تَعَالٰى مُطَّلِعٌ يَحْفُظَنِيْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْفَزَعِ وَالْجَزَعِ وَطَعْنِ الْحَدِيْدِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يُّؤْذِيْنِيْ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْقَهَّارِ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ شَدِيْدُ الْبَطْشِ قَهَّارٌ جَبَّارٌ قَادِرٌ مُّقْتَدِرٌ بَارُوْخٌ شَتَدُوْخٌ سُبُّوْحٌ 3 بار قُدُّوْسٌ 2 بار رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ 2 بار لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ زَفَرَتْ جَهَنَّمُ مِنْ غَضَبِ الْجَبَّارِ فَرَمَتْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ وَجَمْرٍ كَالْجِبَالِ وَصَرَخَ اِسْرَافِيْلُ فِي الصُّوْرِ وَصَاحَ مَيْطَطْرُوْنَ زَجْرَ الرَّبَّانِيَّةِ جَهَنَّمَ بِالْعَذَابِ مِنْ غَضَبِ الْجَبَّارِ وَهَلَكَ كُلُّ شَيْطَانٍ طَاغٍ مِنْ مَّرَدَةِ الْجِنِّ وَالشَّيٰطِيْنِ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔ اَجِبْ يَا صَرْفِيَائِيْلُ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَاَنْتَ يَا رَوْقِيَائِيْلُ عَنْ شِمَالِيْ وَاَنْتَ يَا عَيْنَائِيْلُ عَنْ اَمَامِيْ وَاَنْتَ يَا لُوْرِيَائِيْلُ مِنْ وَّرَآئِيْ اَجِيْبُوْا اَيَّتُهَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُوَكَّلُوْنَ بِهٰذِهِ الْحُجُبِ وَاحْجُبُوْنِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَاَوْلَادِيْ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالشَّيٰطِيْنِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ عَلَيْكُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَيْكُمْ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔

جادو جنات کی کاٹ کیلئے بہترین عمل

حضرت ابن الحاج رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے شیخ ابی محمد المرجانی کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ وہ اکثر (نشترہ) کے ذریعے سے علاج کیا کرتے تھے۔ (نشترۃ اس علاج کو کہتے ہیں جس کے ذریعے جادو یا جنون یا دوسرے امراض کا علاج کیا جائے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی پتے یا پاک صاف برتن پر قرآن مجید کی کسی پوری سورۃ کو یا آدھی سورۃ یا کچھ متفرق آیات لکھی جائیں۔ پھر اس کو پانی سے دھویا جائے۔ پھر وہ پانی مریض کے بدن پر ڈالا جائے اور اس میں سے اس کو پلایا بھی جائے اور یہ عمل جس کو بھی سکھاتے، پھر وہ اس عمل کو دہراتے تو وہ ہر بیماری سے شفا پاتا)۔

حضرت مرجانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرمایا کرتے تھے کہ مذکورہ نشرہ نبی ﷺ نے ان کو خواب میں عطا فرمایا تھا اور وہ یہ ہے:

(۱) ''لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ'' (سورۃ التوبہ، آیت: ۱۲۸، ۱۲۹)

(۲) ''وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ'' (سورۃ الاسراء، آیت ۸۲)

(۳) ''لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ۔ هُوَ اللهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ''(سورۃ الحشر، آیت:۲۴،۲۱)

(۴) بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ۔ اَللهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

(۵) بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ۔ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔

(۶) بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِكِ النَّاسِ۔ اِلٰهِ النَّاسِ۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

(۷) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُحْيِيْ، وَاَنْتَ الْمُمِيْتُ، وَاَنْتَ الْخَالِقُ، وَاَنْتَ الْبَارِئُ، وَاَنْتَ الْمُبْلِئُ، وَأَنْتَ الْمُعَافِيْ، وَاَنْتَ الشَّافِيْ، خَلَقْتَنَا مِنْ مَّاءٍ مَّهِيْنٍ، وَجَعَلْتَنَا فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى، وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا، يَامَنْ بِيَدِهِ الْاِبْتَلَاءُ وَالْمُعَافَاةُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ، اَسْاَلُكَ بِمُعْجِزَاتِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ بَرَكَاتِ خَلِيْلِكَ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ، وَ حُرْمَةِ كَلِيْمِكَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِشْفِهٖ۔

***

زاہد نگاہ کم سے کسی رند کو نہ دیکھ۔۔۔اللہ والوں کی اقسام

(صوفی ابوعون محمد، جہلم)

مستور الحال گمنام اولیائے کرامؒ:

بعض اولیاء اللہ ایسے ہیں جن کو ابدال تک بھی نہیں پہچان سکتے ہیں۔ ایسے اولیاء اللہ کو مستور الحال کہا جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ

اللہ تعالٰی کے کچھ چھپے ہوئے اولیاء ہیں جن کے سر کے بال پراگندہ ہیں، اُن کے چہرے غبار آلود ہیں۔ وہ اگر کسی معاملہ میں اجازت چاہیں، اُن کو اجازت نہیں دی جاتی اور اگر وہ نہ ہوں تو اُن کی لوگ جستجو نہیں کرتے ہیں اور اگر موجود ہوں تو اُن کو پکارا نہیں جاتا۔ اور اگر وہ بیمار پڑ جائیں تو ان کی عیادت نہیں کی جاتی اور اگر وہ مرجائیں تو لوگ ان کے جنازے پر حاضر نہیں ہوتے، وہ زمین میں گمنام ہیں لیکن آسمان میں مشہور ہیں''

ایسے ہی مستور الحال ایک بزرگ کا ذکر ہے کہ وہ خانہ

بے اولادی کورس
(صرف مردوں کیلئے)
قیمت
2500.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں ان کے مادہ تولید میں وہ جرثومے کمزور ہیں جو اولاد کا سبب بنتے ہیں۔ وہ یہ کورس ضرور استعمال کریں اور اولاد کی نعمت پائیں۔
آپ بھی باپ بن سکتے ہیں!

کعبہ کے صحن میں مراقبہ میں تھے اور پاس ہی ایک محدث حدیث کا درس دے رہے تھے۔ اسی اثنا میں حضرت خواجہ خضر وہاں پہنچے اور بیٹھ گئے اور ان سے کہنے لگے کہ قریب میں حدیث کا درس ہو رہا ہے آپ اس میں شریک کیوں نہیں ہوتے ہیں اور یہاں تنہا بیٹھے ہیں۔ اس پران بزرگ نے کہا کہ جب ایک نبی پاس ہو تو اس کو چھوڑ کر کسی دوسرے کا درس سننے کی کیا ضرورت ہے۔ حضرت خواجہ خضر نے فرمایا تم کو یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ یہاں کوئی نبی ہے تو انہوں نے کہا کہ کیا آپ حضرت خواجہ خضر اللہ کے نبی نہیں ہیں۔ حضرت خواجہ خضر نے فرمایا کہ میں سمجھتا تھا کہ میں تمام اولیاء کو پہچانتا ہوں لیکن اب معلوم ہوا کہ کچھ اولیاء ایسے بھی ہیں جن کو میں بھی نہیں جانتا ہوں اور وہ مجھے جانتے ہیں۔ (مثنوی مولانا روم دفتر سوم)

قطب

لغت میں چکی کی کیلی کو کہتے ہیں جس پر چکی کا مدار ہوتا ہے۔ اصطلاح میں ایسے ولی کامل کو کہتے ہیں جو انتظام عالم میں ظاہری و باطنی طور پر متصرف ہوتا ہے۔ قطب کی دو قسمیں ہیں: (۱) قطب ارشاد، (۲) قطب مدار۔

(۱) قطب ارشاد

قطب کے اصطلاحی معنی اوپر مذکور ہوئے اور ارشاد کے معنی راہنمائی کے ہیں۔ پس قطب ارشاد سے ظاہری و باطنی طور پر ہر طرح سے فائدہ پہنچتا ہے اور وہ اپنے منصب پر پورا تصرف رکھتے ہوئے انتظام عالم میں متصرف اور خبردار و ذمہ دار ہوتا ہے۔ جس علاقہ اور ولایت میں قطب کا وجود نہ ہو وہاں کا نظام تباہ و برباد ہو جائے۔ اس شان کے بزرگ ولی اللہ کو قطب تعلیم اور قطب ولایت بھی کہتے ہیں۔ ان کا تقرر غوث کے حکم اور اذن سے ہوتا ہے۔

(۲) قطب مدار

قطب مدار وہ ہوتا ہے کہ اپنی جگہ سے نہ ہلے اور بذات خود کامل و اکمل اور مکمل کر دینے والا ہوتا ہے۔ ''مدار'' کے معنی جائے گردش کے ہیں۔ یعنی تمام عالم اور مخلوق اس کی گرویدہ ہوتی ہے۔ ایسے کامل و اکمل اور مکمل ولی اللہ کو قطب مدار، قطب الاقطاب اور قطب زمان بھی کہتے ہیں۔

قلندر

صوفیہ کے ہاں قلندر کا مقام بہت بلند مانا گیا ہے۔ یہ لفظ سریانی زبان میں اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور وہ حالات و مقامات اور کرامات سے تجاوز کرتا چلا جاتا ہے۔ عالم سے مجرد ہو کر اپنے آپ کو گم کر دیتا ہے۔ یہ شخصیت نہ عبارات میں سما سکتی ہے، نہ اشارات کے دامن میں سمٹ سکتی ہے نہ اسے الفاظ کے کوزے میں بند کیا جا سکتا ہے۔ نہ معانی و بیاں کے پیمانے میں ناپا جا سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قلندر کی بلند پروازیاں بہت آگے نکل جاتی ہیں۔ وہ کوچہ محبوب میں پہنچنے کے لیے دیر و حرم سے بہت آگے بڑھ جاتا ہے۔

قلندر کی حقیقت بیان کرنا ممکن نہیں، قلندر ہر قسم کی تعریف و توضیح سے بالاتر ہے۔ قلندر تجرید و تفرید میں یکتائے روزگار ہوتا ہے اور تمام عالم کا حال اُس پر مثلِ آئینہ کے ہوتا ہے اور نظام الاوقات پر اُس کا تصرف ہوتا ہے۔

حضرت شاہ حسین بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

قلندر کسے بیاید در عبارت   قلندر کے بگنجد در اشارت

خضر وقت

مثل خضر علیہ السلام کے اس پر علمِ لدنی منکشف ہوتا ہے اور وہ جملہ اسرارِ الٰہیہ سے واقف ہوتا ہے اور بیک نظر کیمیا اثر کسی جاہل کو کامل عالم و صاحب اسرار کرنے کی قوت رکھتا ہے۔

غوث

اپنے زمانہ میں ساری دنیا میں ایک ہوتا ہے اور اپنے وقت کے جملہ اولیاء اللہ پر حاکم اور سب سے اعلیٰ و افضل ہوتا ہے۔ سارا نظام عالم ظاہر و باطن اس کے تصرف میں ہوتا ہے۔ چودہ ہزار عالم پر اس کی حکومت ہوتی ہے۔ بعض صوفیہ نے غوث اور قطب ایک ہی شخصیت کو قرار دیا ہے۔

غوث کے معنی فریادرس اور مشکل کشا کے ہیں۔ بندگانِ خدا ظاہری و باطنی معاملات میں تصرف فرماتے ہیں۔ مشہور شناخت یہ ہے کہ جب چاہیں اپنے اعضا جدا کر لیتے ہیں۔ یاد رہے کہ کوئی وقت بھی غوث سے خالی نہیں ہوتا لیکن غوثیت غوث جو متفق علیہ ہے، حضور سیدنا محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے سوا کسی ولی اللہ کو نصیب نہیں ہوئی یعنی تمام اولیاء (متقدمین و متاخرین) آپ کی غوثیت پر متفق ہیں، کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ اسی لئے آپ کا لقب غوث اعظم ہے۔

امامان

قطب الاقطاب کے دو وزیر ہوتے ہیں جنہیں امامان کہتے ہیں۔ ایک قطب کے داہنے ہاتھ رہتا ہے جس کا نام عبدالملک ہے۔ اور دوسرا بائیں ہاتھ بیٹھتا ہے اور اس کا نام عبدالرب ہے۔ داہنے ہاتھ والا قطب مدار سے فیض پاتا ہے اور عالم علوی سے افاضہ کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ والا قطب مدار سے فیض حاصل کرتا ہے مگر عالم سفلی پر افاضہ (فائض ہونا) کرتا ہے۔ صوفیہ کے نزدیک بائیں ہاتھ والے امام کا رتبہ دائیں ہاتھ والے امام سے بلند تر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قطب الاقطاب کی جگہ خالی ہوتی ہے تو بائیں ہاتھ والا ترقی پاتا ہے۔ اور اس کی جگہ دائیں ہاتھ والا مقرر ہوتا ہے۔

ابدال

تصوف کی اصطلاح میں جو اولیاء کے مدارج میں سے ایک کے لیے استعمال ہوتی ہے اصل معنی بدل یا متبادل کے ہیں۔ صوفیاء کے نزدیک ابدال پوشیدہ ولی ہوتا ہے، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور کیا جاتا ہے تاکہ اس دنیا کا انتظام کرے۔ اس کے نیچے معاون اوتاد، افراد اور پانچویں درجے پر ابدال ہوتے ہیں۔ انہیں بَدَلَاء بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا میں بیک وقت سات ہوتے ہیں اور سات اقالیم پر متعین ہوتے ہیں۔ یہ سات انبیاء کے مشرب پر کام کرتے ہیں۔ یہ لوگوں کی روحانی امداد کرتے ہیں۔ اور عاجزوں اور بے کسوں کی فریادرسی پر مامور ہیں۔

1	ابدال اقلیم اوّل	برقلب ابراہیمؑ	نام	عبدالحیٔ
2	ابدال اقلیم دوم	برقلب موسیٰؑ	نام	عبدالعلیم
3	ابدال اقلیم سوم	برقلب ہارونؑ	نام	عبدالمرید
4	ابدال اقلیم چہارم	برقلب ادریسؑ	نام	عبدالقادر
5	ابدال اقلیم پنجم	برقلب یوسفؑ	نام	عبدالقاہر
6	ابدال اقلیم ششم	برقلب عیسیٰؑ	نام	عبدالسمیع
7	ابدال اقلیم ہفتم	برقلب آدمؑ	نام	عبدالبصیر

مندرجہ بالا سات ابدالوں میں سے عبدالقادر اور عبدالقاہر کو ان مقامات، ممالک اور اقوام پر مسلط کیا جاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ کا قہر نازل ہونا ہوتا ہے۔ یہ مقہوری بنتے ہیں، ان سات ابدالوں کو قطب اقلیم بھی کہتے ہیں۔ مندرجہ بالا ابدال کے علاوہ



ایک تہلکہ خیز تحقیق
انوکھی بیماریوں کے انوکھے علاج اس کتاب میں دیئے گئے ہیں۔ انوکھی بیماریوں کے ایسے آسان نسخہ جات کہ آپ حیرت کے سمندر میں ڈوب جائیں۔

پانچ ابدال اور بھی ہوتے ہیں۔ جو یمن میں رہتے ہیں اور پورے شام پر ان کی حکومت ہوتی ہے۔ یہ قطب ولایت کہلاتے ہیں۔ قطب عالم کا فیض قطب اقالیم پر اور قطب اقالیم کا فیض قطب ولایت پر اور قطب ولایت کا فیض تمام اولیائے جہاں پر وارد ہوتا رہتا ہے۔

علاوہ ازیں 350 ابدال اور بھی ہوتے ہیں جن میں سے 300 قلب آدم علیہ السلام پر ہیں۔ میر سید محمد جعفر مکیؒ نے چار سو چالیس 440 ابدال کی تعداد بتائی ہے جو مختلف انبیاء علیہم السلام کے مشرب پر ہوتے ہیں۔ اور مختلف خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ ابدال اس لیے کہتے ہیں کہ حالاتِ زمانہ ان کی بدولت تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ نیز یہ افراد کسی ایک مقام پر قیام پذیر نہیں رہتے، اگر ان میں سے کوئی انتقال کر جائے تو اوتاد میں سے مقرر کیا جاتا ہے۔ پہچان ان کی مشکل ہوتی ہے۔ اس جماعت کو رجال الغیب بھی کہا جاتا ہے۔ گم گشتہ راہ لوگوں کی راہنمائی ان کے فرائض میں شامل ہے۔

مفردان

ان افراد کو کہتے ہیں جو قطب عالم ترقی کرتا ہے وہ فرد ہو جاتا ہے۔ مقام فردانیت پر پہنچ کر تصرفات سے کنارہ کش ہو جاتا ہے۔ قطب مدار عرش سے تحت الثریٰ تک متصرف ہوتا ہے اور فرد متحقق ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ تصرف اور تحقق میں بڑا فرق ہے۔ قطب مدار تو علی الدوام تجلی صفات میں رہتا ہے مگر خود تجلی ذات میں ہوتا ہے۔ قطب مدار خاص ہے۔ فرد اخص ہے۔ فردانیت مقام انبساط و محبت ہے۔ یہاں پہنچ کر مراد باقی نہیں رہتی۔ بعض اولیاء کو تجلی افعالی ہوتی ہے۔ بعض کو تجلی اسمائی۔ بعض کو تجلی آثاری۔ بعض مقام صحو میں ہوتے ہیں۔ بعض مقام سکر میں، بعض بیک وقت دونوں مقامات پر۔ مقامات اولیاء اللہ خارج از حد و حصر ہوتے ہیں۔

اخیار

خیر کی جمع، نیک مرد اور بہت نیکی اور ہر وہ چیز جس میں سب لوگ رغبت کریں۔ ابدال میں سے چالیس اخیار کہلاتے ہیں۔ یہ وہ اولیاء اللہ ہیں جو سلوک کی منزلیں بذریعہ احکام شریعت صوم و صلوٰۃ حج و زکوٰۃ جہاد وغیرہ کے طے کر کے واصل بحق ہوتے ہیں۔

نقباء

نقیب کی جمع نقباء ہے۔ یہ تین سو ہیں، سب کا نام علی ہے۔ یہ اولیاء کرام کا ایک خاص گروہ ہے جن کا بحکم ربی یہ کام ہے کہ مخلوق کے باطنی حالات معلوم کریں اور بحکم ربی کسی مصلحت کے لیے ان حالات کو ظاہر کریں۔ اس گروہ کو اللہ تعالیٰ کے اسم باطن کی فنائیت حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے مخلوق کے باطنی حالات ان پر روشن رہتے ہیں۔

نجباء

نجیب کی جمع نجباء ہے جو انمرد و بزرگ اور ہر چیز سے معزز نجیب کے معنوں میں ہے۔ یہ تعداد میں ستر ہیں۔ نام حسن اور مصر میں رہتے ہیں۔ اولیاء کرام کا یہ خاص گروہ جن کا کام ہے کہ خلق خدا کی حاجت روائی کریں اور ان کے مصائب و تکالیف اپنے پر لے لیں۔

عمد

یہ چار ہیں ان کا نام محمد ہے۔ زمین کے مختلف زاویوں میں کام کرتے ہیں۔

مکتوبان

یہ حضرات چار ہزار کی تعداد میں ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں، ملتے ہیں لیکن یہ لوگ اپنے آپ کو نہیں پہچان سکتے۔ ان پر اپنا حال آشکار نہیں ہوتا۔ ایسے لباس میں ہوتے ہیں کہ اغیار پہچاننے سے عاجز ہوتے ہیں۔ یہ اپنے مقام سے خود نا آشنا یا یوں کہیے کہ حالت اخفا میں ہوتے ہیں۔

اوتاد

اوتاد جمع وتد کی ہے۔ جس کے معنی میخ کے ہیں۔ اوتاد کھونٹے اور ستون کے بھی معنی میں بھی آتا ہے۔ یہ اپنے مقام پر جمے رہتے ہیں یعنی ایک جگہ مستقل قیام پذیر رہتے ہیں۔ اگرچہ ظاہراً اُن سے کچھ فائدہ محسوس نہیں ہوتا مگر ان کی برکات تمام عالم میں منتشر رہتی ہیں۔ اوتاد دنیا میں چار ہوتے ہیں۔ یہ عالم کے چاروں آفاق (گوشوں) پر متعین ہیں۔ مغربی افق والے اوتاد کا نام عبدالودود ہے۔ مشرقی افق والے اوتاد کا نام عبدالرحمن ہے۔ جنوبی افق والے اوتاد کا نام عبدالرحیم ہے اور شمالی افق والے اوتاد کا نام عبدالقدوس ہے۔ قیام عالم میں یہ اوتاد میخوں کا کام دیتے ہیں اور پہاڑوں کی طرح زمین پر امن برقرار رکھنے کا کام دیتے ہیں۔

ابرار

بر کی جمع ہے اور ابرار کے معنی نیکوکار اور پرہیزگار لوگ ہیں۔ یہ وہ اولیاء اللہ ہیں جو احکام شریعت معمولہ کے علاوہ عبادت میں بڑی بڑی ریاضت اور سخت سے سخت مجاہدہ کر کے نفس کی بُری صفات کو ختم کرتے ہیں۔ اور صفاتِ حمیدہ حاصل کرتے ہیں اور اسی ذریعہ سے مراتب سلوک پورے کر کے واصل بحق ہوتے ہیں۔

***

تمام پریشانیوں کا علاج

(ش، م گجرانوالہ)

روئے زمین پر بسنے والی اتمام انسانیت میں شاید ہی کوئی ایسا فرد ہو جو پریشان نہ ہو، افراتفری کے جو مناظر سامنے آرہے ہیں وہ سب پر عیاں ہیں۔ قرآن کریم میں واضح ارشاد ہے:

وَ مَآ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ

''جو بھی تکلیف و مصیبت اور پریشانی آتی ہے، ہماری ہی شامت اعمال ہے'' (سورۃ الشوریٰ: ۳۰)

قرآن مجید کے انیسویں پارے کے آخری رکوع میں پروردگار عالم نے انتہائی محبت اور پیار کے انداز میں یہ بھی فرمادیا:

لَوۡلَا تَسۡتَغۡفِرُوۡنَ اللّٰہَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ

(سورۃ النمل: ۴۶)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ''تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کیوں نہیں کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے''۔



قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

نماز توبہ

ہر روز ہر گھر میں دو رکعت نماز توبہ ادا کی جائے اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور درود شریف پڑھ کر، ہو سکے تو ندامت کے دو آنسو نکال کر، گڑگڑا کر، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اگر رونا نہیں آتا تو رونے والی شکل ہی بنالیں وہ کریم ذات بہروپیے کو بھی قبول فرما لیتے ہیں، اسکے بعد اپنے گناہوں پر خوب شرمندگی ہو اور اللہ کریم کے رحمت ہمارے سامنے ہونی چاہیے۔

نماز تمام پریشانیوں کا علاج ہے

ہر گھر میں تمام بچوں کو پنج وقتہ نماز کی طرف متوجہ کیا جائے۔ نماز جو کہ مومن کی معراج، اللہ تعالیٰ کے قہر وغضب کو دور کرنے والی اور تمام مصائب کو رفع کرنے والی اور تمام پریشانیوں کا علاج ہے۔

***

یَامُنْتَقِمُ کے ذریعے نفس کی سرکشی سے نجات پائیں

یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد چھ سو تیس (٦٣٠) ہیں۔

نفس کو قابو میں رکھنا

نفس اور شیطان کی چالوں سے بچنے اور اپنے نفس کو قابو میں رکھنے کیلئے روزانہ ہزار (١٠٠٠) مرتبہ پڑھے، اللہ کریم کے فضل سے نفس قابو میں آجائے۔

قلوب مسخر ہوں، دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ ہو

اور قلوب کو مسخر کرنے اور دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لیے نماز جمعہ کے بعد متصلاً قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک ہزار (١٠٠٠) مرتبہ پڑھے، دلی مراد پوری ہو۔

دعا قبول ہو

اگر کوئی نصف شب میں ایک ہزار (١٠٠٠) مرتبہ پڑھے، جس کام کے لیے دعا کرے، اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں۔

المنتقم کا نقش معظم:

٧٨٦

م	ت	م	ن	ق
ت	ن	ق	م	م
ق	م	ت	م	ن
م	م	ن	ق	ت
ن	ق	م	ت	م

''یَامُنعِمُ ''لوگوں سے بے نیاز کر دینے والا وظیفہ

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد دوسو (۲۰۰) ہیں۔

کبھی کسی کا محتاج نہ ہو

طبیعت میں استغناء پیدا کرنے کے لیے اور غیروں کی طرف سے توجہ ہٹانے کے لیے روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، مستغنی ہو جائے۔

بے پناہ مال کے حصول کیلئے

اور اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ مالدار ہو جائے، روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار یا اپنے نام کے عدد کے موافق، جو اس کے والدین نے رکھا ہو، ان دونوں صورتوں میں جس طرح چاہے، اس وظیفہ کو پڑھے۔ انشاءاللہ، مالدار ہو جائے۔ علماء کثیر کے نزدیک یہ اسم باری تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اور تیر بہدف ہے۔ اور کوئی جو اس کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہو۔

ہر مراد پوری کرانے کیلئے خاص نقش

اور اگر اتفاق سے یہ نام یا کوئی اور نام، جو اپنے نام کے عدد کے ساتھ پڑھ رہا ہے، موافق نہیں تو اس کے ساتھ ہم معنیٰ ایک نام بڑھالیں اور اسی طرح بڑھاتے بڑھاتے چار پانچ نام بڑھاتے اور پڑھتے جائیں۔ انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب رہے گا۔ المنعم کا نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۴۲	۵۷	۵۶	۴۵
۵۴	۴۷	۴۸	۵۱
۴۹	۵۲	۵۳	۴۶
۵۵	۴۴	۴۳	۵۸

***

سورۂ مآئدہ کا نقش سکھی زندگی کا عکس

تسبیح خانہ کا وظیفہ رزق کی فراوانی کا ذریعہ

سورۂ مائدہ ہی کی ایک آیت کا ورد رزق کی فراوانی کیلئے بے حد مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ بعض اکابرینؒ نے تو یہاں تک فرمایا کہ اس آیت کو روزانہ



ایک ہے جینے کیلئے کھانا اور ایک جب سے امت کھانے کیلئے جیتی ہے اس وقت سے اب تک ہر انسان معدہ کے مرض میں شکار ہے اور نوبت معدے سے دل شوگر اور ہائی بلڈ پریشر تک پہنچ چکی ہے۔ بظاہر انسان صحت مند نظر آئے گا لیکن جونہی کھانا کھایا اور ساتھ دوائی کھائی تو پتہ چلا تبخیر معدہ کا مرض یا السر ہے یا کچھ اور مرض ہے اس کتاب میں ہم نے معدہ کی تمام بیماریاں اور علاج تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔

گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے دست غیب کی دولت حاصل ہوجاتی ہے۔

آیت یہ ہے ''اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ''(مآئدہ: ۱۱۴)

دشمن سے حفاظت اور فتح یابی کیلئے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سورۂ مائدہ کے نقش کو نیلے کاغذ پر لکھ کر اگر دشمن کے راستے میں دبادیں تو دشمن سے حفاظت ہوتی ہے اور آپ کو فتح نصیب ہوگی۔

ناجائز محبت کو ختم کرنے کیلئے

اگر اس نقش کو لکھ کر دو ناجائز محبت کرنے والوں کو پلا دیا جائے تو ان کے درمیان عداوت قائم ہوجائے۔ لیکن اس طرح کے عمل ناجائز محبت کو ختم کرانے کے لیے کرنے چاہئیں۔ جائز محبت کو ختم کرنا، کرانا گناہ ہے اور سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

رزق اتنا کہ نسلیں بھی کھائیں۔۔۔!

بعض اکابرینؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس کے نقش کو اوجِ مشتری یا شرفِ مشتری میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے اور اس کے بعد آٹھ (۸) دن تک لگاتار بعد نمازِ ظہر سورۂ مائدہ کی تلاوت کرتا رہے تو اس کی زندگی میں انشاء اللہ کبھی رزق کی تنگی نہیں ہوگی۔ مال میں اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ دیکھنے والوں کی عقلیں حیران ہوں گی۔

مستجاب الدعوات بننے کا عمل

سورۂ مائدہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں۔

جھوٹ بولنے کی عادت چھوٹ جائے

بعض اہل اللہ سے نقل کیا گیا ہے کہ اس سورۃ کے نقش کو اگر اس بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے جو جھوٹ بولنے کا عادی ہو تو اس نقش کی برکت سے اس کی جھوٹ بولنے کی عادت چھوٹ جائے گی، اسی طرح اگر اس کی زندگی میں اور بھی اگر کوئی بری عادات جیسے بعض بچے ہر وقت کاٹون یا فلمیں دیکھتے ہیں، کہنا نہیں مانتے، ضد کرتے ہیں، بلاوجہ روتے ہیں، ماں باپ کو تنگ کرتے ہیں تو اس قسم کی تمام بری عادات سے چھٹکارہ مل جائے گا۔

وہم اور وسوسوں کا علاج

اگر کسی شخص کو وسوسوں کی بیماری ہو تو وہ یہ عمل کرے، پہلے دن آٹھ (8) مرتبہ سورہ مائدہ کی تلاوت کرے، دوسرے دن چار (4) مرتبہ تلاوت کرے، تیسرے دن پھر آٹھ (8) مرتبہ، چوتھے دن پھر (5) مرتبہ تلاوت کرے۔ پانچویں دن پھر (3) مرتبہ تلاوت کرے۔ چھٹے دن (6) مرتبہ تلاوت کرے۔ انشاء اللہ وساوس کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔

ہر نشے اور بری عادت سے چھٹکارے کا عمل

بعض اکابرین نے فرمایا کہ اگر کسی کو شراب پینے کی یا اور کسی نشے کی عادت ہو تو سورہ مائدہ کے نقش کو گلاب و زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر لگاتار گیارہ دن تک پلایا جائے۔ انشاء اللہ شراب نوشی اور دوسرے نشے کی عادت چھوٹ جائے گی۔

چھپڑ پھاڑ روزی کیلئے

اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی ناموں کا تذکرہ ہوا ہے۔ ایک نام ''خَيْرُ الرَّازِقِين'' ہے۔ اگر اس نام کو کوئی شخص سو (۱۰۰) مرتبہ

روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالے اور نیت یہی رکھیں کہ آپ اپنے مالک کی صفت بیان کر رہے ہیں تو اس عمل کی برکت سے آپ پر روزی کے دروازے انشاءاللہ، ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

کائنات کے غیبی راز جاننے کیلئے

دوسرا صفاتی نام ''علام الغیوب'' ہے۔ اس نام کو اگر اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لاتعداد مرتبہ پڑھتے رہیں تو قدرت خداوندی کے اسرار پڑھنے والے پر منکشف ہوں گے اور حکمت وفراست کی دولت عطا ہوگی۔ سورہ مائدہ کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۳۶
۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۴۱
۲۱۲۱۳۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۱
۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۸

اس نقش کو ساعتِ مشتری میں لکھنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جس کام کے لیے بھی لکھیں۔ بدھ کے دن ساعت مشتری میں لکھیں۔ مختلف امور میں جیسا بتایا گیا ہے۔ انشاءاللہ ایسا ہی ثابت ہوگا۔

***

مخصوص ومجرب عملیات

(قاری محمد صدیق، لانڈھی)

زندگی کو دکھوں سے نکالنے، پریشانیوں کو راحتوں میں تبدیل کرنے کیلئے اولیائے کرامؒ کے مجرب اعمال میں سے ایک خاص عمل روحانی جنتری پڑھنے والے دوستوں کیلئے پیش کر رہا ہوں قدردان، ہی اس عمل سے فائدہ اٹھائیں گے اور ناقدرے عقل کی ترازو پر تولتے رہ جائیں گے۔

آپ دوستوں کیلئے

پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے کی تسبیح

(۱) هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۔ نمازِ فجر کے بعد 100 بار

(۲) هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۔ نمازِ ظہر کے بعد 100 بار

(۳) هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ نمازِ عصر کے بعد 100 بار

(۴) هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ نمازِ مغرب کے بعد 100 بار

(۵) هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ نمازِ عشاء کے بعد 100 بار پڑھیں۔


قیمت
120.00
بستر پیشاب
شفاء
موسم سردی کا ہو یا گرمی کا
اب بستر گیلا نہیں ہوگا!
بچوں، بڑوں اور بوڑھوں کیلئے یکساں مفید

احراز باقریہ شریف

امام عالی مقام سیدنا حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے جو سلسلہ قادریہ عالیہ کے امام ہیں، طالبانِ طریقت کو حسب ذیل احراز، مشکلات ظاہری و باطنی اور فتوحات کاملہ کے لیے تعلیم فرمائے ہیں۔

(۱) بروز ہفتہ	یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۲) بروز اتوار	یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۳) بروز پیر	یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۴) بروز منگل	یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۵) بروز بدھ	یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ الْاَرْضِ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۶) بروز جمعرات	یَااَللّٰهُ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ
(۷) بروز جمعہ	لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ	ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

***

درود شریف کے فضائل

قرآن حکیم میں نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام کی تاکید کی گئی ہے اور آیت قرآنی سے یہ ثابت ہے کہ بذات خود حق تعالیٰ اور ان کے فرشتے رسول خدا ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ اس لیے حق تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بھی اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ رسول خدا ﷺ پر درود و سلام کے شغل کو جاری رکھیں اور دوسری عبادات کی طرح، اس طرح بھی اپنے رب کی رضا حاصل کریں۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اس پر دس رحمتیں نازل کی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور جنت میں اس کے دس درجے بلند ہو جاتے ہیں''۔

ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ ''قیامت میں وہ شخص مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا''۔

ایک حدیث میں یہ فرمایا کہ ''جو شخص میری قبر کے قریب کھڑے ہو کر مجھ پر درود بھیجتا ہے، اسے میں خود سنتا ہوں اور جو دور سے دور بھیجتا ہے، وہ قبر تک پہنچا دیا جاتا ہے''۔

ایک حدیث میں ہے کہ رسول خدا ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص صبح و شام دس دس مرتبہ مجھ پر درود شریف بھیجے گا، اس کو قیامت کے دن میری شفاعت نصیب ہوگی''۔

ایک حدیث میں یہ فرمایا رسول خدا ﷺ نے کہ ''سب سے بڑا بخیل وہ ہے کہ اس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے''

اکابرینؒ سے یہ ثابت ہے کہ کوئی بھی عمل ہو، اس کے شروع اور آخر میں اگر درود نہ پڑھا جائے تو وہ عمل بے اثر ہو جاتا ہے۔ حد یہ ہے کہ اگر دعا کے شروع اور آخر میں درود شریف نہ پڑھا جائے تو وہ بھی بے اثر ہوتی ہے اور درجہ قبولیت کو نہیں پہنچ پاتی۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اپنے اعمال میں نورانیت اور اثر پیدا کرنے کے لیے محسن اعظم محمد ﷺ پر درود سلام کا اہتمام کرتے ہیں اور درود پاک کے ذریعہ اپنے اعمال کو وزن دار بناتے ہیں۔

***

ہر بیماری کا نورانی آسان علاج

خونی و بادی بواسیر ایک انگوٹھی سے دور

نوچندی جمعہ کو ایک کاغذ پر کالی روشنائی سے یہ کلمات تحریر کریں:

پھر اس کاغذ کو ایک جگ پانی میں ڈال کر خوب حل کر لیں۔ اس کے بعد اپنے بائیں ہاتھ چھوٹی اُنگلی کی انگوٹھی (جو چاندی کی ہونی ضروری ہے) آگ میں ۲۰ منٹ تپا کر اس پانی میں ڈال دیں۔ دس منٹ کے بعد پانی کسی گملے یا کیاری میں ڈال دیں اور یہ انگوٹھی بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ انشاء اللہ بواسیر بادی ہو یا خونی، یک لخت بند ہو جائے گی۔

منہ کے چھالوں کا آسان نورانی علاج

سو(۱۰۰) گرام چینی پر سورۂ والضحیٰ (پارہ ۳۰) اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور سات دن تک تھوڑی تھوڑی چینی مریض کو کھلائیں۔ اس سے کہہ دیں کہ خوب چبا کر چینی کھائے۔ انشاء اللہ سات دنوں ہی میں چھالوں سے نجات ملے گی اور امید کی جا سکتی ہے کہ آئندہ یہ بیماری مریض کو کبھی نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ۔

خاص موسم میں خارش سے نجات کی صورت

اگر ایسا ہو کہ کسی خاص موسم جیسے موسم گرما میں خارش کا مرض کسی کو ہو جاتا ہو اور ہر موسم میں ہوتا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ بارش کے پانی پر صبح و شام سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر دم کر کے پیا کریں اور اس عمل کو مرض سے پہلے ہی اگر شروع کر دیں گے تو انشاء اللہ مرض کے حملے کی نوبت نہیں آ سکے گی۔ اور اگر مرض شروع ہونے کے بعد عمل کریں گے تو انشاء اللہ اس کی شدت سے بھی محفوظ رہیں گے۔ اور جلد ہی اس سے نجات مل جائے گی۔ اگر اس عمل کو سال میں دو مرتبہ مرض کے حملے سے پہلے ہی کر لیا کریں تو انشاء اللہ خارش کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔ اور آپ کو اس ستانے والے مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ (مرض کے حملے سے مراد اس موسم سے پہلے کریں، جس میں خارش کا مرض بڑھ جاتا ہے)

دھاگے کا گنڈا۔۔۔ چیچک، خسرہ اور تپ دق کا علاج

نیلے رنگ کے سات دھاگے لے کر سورۂ رحمن کی تلاوت کریں۔ جہاں جہاں "فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ" آئے، گرہ کے دائرہ میں پھونک مار کر گرہ لگا دیجئے۔ اس طرح کل ۲۹ گرہ لگیں گی۔ یہ گنڈا جس بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے گا، وہ بچہ بفضل رحمن و رحیم چیچک، خسرہ، طاعون اور تپ دق وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔


اسلاف اہل حدیث
کی رواداریاں
حلم، رواداری، خداترسی، نرم دلی
محبت، بھائی چارگی، امن وآشتی
کی فضا قائم کرنے کیلئے بے مثال کتاب

معاشرے میں حلم، رواداری، خداترسی، نرم دلی محبت، بھائی چارگی، امن و آشتی کی فضا قائم کرنے کیلئے شیخ الوظائف کی لاجواب کاوش، بے مثال کتاب

جوانی کے روگ کا آسان علاج

آج کل اس مرض میں اکثر نوجوان مبتلا ہیں اور اس کی وجہ خود اپنی غلطیاں بھی ہیں اور کچھ غذاؤں میں ایسی چیزوں کی ملاوٹ بھی جو مردانگی کو اور مثانوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ اور ان میں ضعف پیدا کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ جریان مسلسل قبض سے بھی پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے اگر قبض کی بیماری ہو تو اس کا بھی علاج کرا لینا چاہیے۔

جریان سے نجات حاصل کرنے کیلئے ۳ روحانی فارمولے نقل کیے جا رہے ہیں۔ ان تینوں ہی پر عمل کرائیں۔ انشاء اللہ جریان سے نجات ملے گی۔

پہلا فارمولا: ایک بوتل پانی پر تین مرتبہ سورۂ حجرات پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور اکتالیس (۴۱) روز تک صبح و شام یہ پانی اپنے دوست کو پلائیں۔ آدھی بوتل ہونے سے پہلے پانی اس میں اور بھی ڈال سکتے ہیں۔

دوسرا فارمولا: سو (۱۰۰) گرام اسپغول پر سورۂ فاطر دم کر کے رکھ لیں اور اس کی اکیس (۲۱) خوراکیں بنا لیں اور نہار منہ اکیس (۲۱) دن تک اسپغول کھلائیں۔ پانی سے کھلائیں یا دودھ سے۔

تیسرا فارمولا: عصر کی نماز کے بعد اپنے دوست کو سو (۱۰۰) مرتبہ یہ آیت پڑھنے کی تاکید کریں۔ ''رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ'' (سورۃ التحریمہ: ۸) انشاء اللہ، ان تینوں فارمولوں پر عمل کرنے سے جریان کے موذی مرض سے چھٹکارا نصیب ہو جائے گا۔

***

عاملین کے لیے خاص تحفہ

(انتخاب: محمد عثمان طالبعلم روحانیت)

کیمیا کا حصول آسان ہے۔ جن اور ہمزاد کو مسخر کرنا سہل ہے۔ مگر تسخیر کا صحیح عمل ملنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ اس میں شک نہیں کہ علمائے جفر کے پاس ایسے ایسے اعمال موجود ہیں، جن کے کرنے سے سو فیصد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ مگر کاملین حضرات ایسے اعمال کی ہوا بھی نہیں لگنے دیتے۔ اور ایسا ہونا بھی چاہئے کیونکہ آج کا طالب علم جائز و ناجائز کی زبان نہیں سمجھتا۔ ہم نے ماہرین فن کو بخل کا الزام دیا۔ لیکن فی الحقیقت دیکھیں تو وہ اس الزام سے فی الجملہ بری ہیں۔ جو اسرار و رموز مدت کی سرگردانی اور استادوں کی خدمت اور فرمانبرداری کے بعد حاصل ہوتے ہیں، ایسے خزینہ کا گنجینہ بہ نسبت سفینہ کے سینہ بہ سینہ زیادہ موزوں ہے۔ بشرطیکہ یہ اسرار ہر زمانہ میں سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے رہیں۔ حقیقت کی نگاہ سے دیکھو تو علمائے جفر بخیل نہیں بلکہ ہم ہی کم ہمت ہیں کہ محنت و خدمت کر کے ان سے یہ علم حاصل کرنے کی بجائے اس بات کے خواہاں ہوتے ہیں کہ اساتذہ کرام ہماری دستار فضیلت دیکھ کر یا طمع دنیاوی کے لالچ میں آ کر بلا محنت اپنا کلیجہ نکال کر ہمارے ہاتھ پر رکھ دیں اور وہ ہم کو ایسے اسرار و رموز سے واقف کر دیں جن کا وہ ہم کو اہل تصور نہیں کرتے۔

اس میں شک نہیں کہ عاملین جفر کے پاس ایسے ایسے اعمال و قواعد موجود ہیں کہ اگر آپ کے سامنے رکھ دیئے جائیں تو آپ کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے۔ مگر اس مادہ پرستی کے دور میں خاموش رہنا ہی بہتر ہے۔ ایک ایسا ہی عمل لکھ رہا ہوں۔ اس عمل کو حکمائے عالم تریاق الاجل، نور قاطع، کوکب ثاقب، سر قاطع و اکسیر اعظم وغیرہ کے ناموں سے پکارتے تھے۔ یہ عمل تمام حاجات خیر و شر، جلب، طرف، شفاء، ارسال ہاتف، تسخیر خلق، تسخیر رزق، ادائے قرض، عمل حاضرات، دافع البلیات، ردِ سحر غرض تمام مقاصد میں تیر بہدف پایا گیا ہے۔ اب میں مثال دے کر سمجھاتا ہوں۔ اسی سے تمام مقاصد کو سمجھیں۔ مثال کے طور پر آپ سحر زدہ مریضہ کا علاج کرنا چاہتے ہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ طالب بمعہ والدہ کے اعداد لیں پھر مقصد کے اعداد مثلاً:

مریض: شازیہ ۳۲۳، مقصد ابطال سحر ۳۱۱

اب ان اعداد کے حروف نکالیں۔ جیسے ۳۲۳ سے ''ج ک ش'' بنا اور ۳۱۱ سے ''ای ش'' بنا۔ اب اسے امتزاج دے کر تکسیر دیں۔ پھر تکسیر کے چاروں طرف حروف کے مطابق اسمائے حسنہ لیں۔ اس کے بعد تکسیر کے چاروں کونوں کے حروف کے مطابق، اسمائے حسنہ لیں۔ اس کے بعد تکسیر کے چاروں کونوں کے حروف کے مطابق، اگر عمل خیر کا ہے تو موکل علوی لیں، اگر شر کا ہے تو موکل سفلی نکالیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ حروف کے اعداد ملفوظی لیں جیسے ''الف'' کے اعداد ''۱۱۱'' نکلیں گے۔ ان کے بھی حروف نکال کر آگے ائیل کا اضافہ کر دیں۔ اگر سفلی موکل مطلوب ہو تو حروف کے آگے ''طیش'' کا اضافہ کر دیں جیسے ۱۱۱ کے حروف ''ای ق'' نکلے۔ موکل علوی ''ایقائیل'' بنا اور موکل سفلی بطریق مقلوب ''قیاطیش'' بنا۔ اب اسے نقش کے چاروں طرف لکھیں، جیسے مثالی نقش میں لکھا ہے:



ج	ا	ك	ی	ش	ش
ش	ج	ش	ا	ی	ك
ك	ش	ی	ج	ا	ش
ش	ك	ا	ش	ج	ی
ی	ش	ج	ك	ش	ا
ا	ی	ش	ش	ك	ج

اب اس نقشے کے نیچے یہ عزیمت لکھیں:

بسم الله الرحمن الرحیم۔ اجب یا فلاں (یہاں چاروں موکلات لکھیں) بحق من قال للسمٰوت والارض ائتنا طوعاً او کرهًا قالتا اتینا طائعین۔ اجیبوا وافعلوا (یہاں مقصد کا نام لیں) بارك الله فیکم و علیکم حق (یہاں اسمائے حسنہ لکھیں)۔ یہ تمام عمل عروج ماہ ساعت سعید، رجال الغیب و دیگر شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھیں۔

اب مریض کو سامنے بٹھا کر عزیمت کو نام و مقصد کے اعداد کے برابر بمعہ اوّل و آخر ۱۱۔ ۱۱ بار درود شریف کے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور نقش بنا کر گلے میں ڈالیں۔ اب اس کے ساتھ اس نقش کو چالیس چینی کی

بلڈ پریشر شفاء

شوگر فری

بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے اور دائمی فائدہ کرتی ہے خون کو صاف کرتی ہے اور دماغ کو سکون دیتی ہے

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

پلیٹوں پر لکھیں اور نہار منہ چالیس دن تک دھو کر اور شہد ملا کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ سخت سے سخت جادو بھی صرف چند یوم میں کٹ جائے گا۔ اسی طرح آسیب زدہ، عقد بستہ، روحانی ترقی وغیرہ تمام امور کو سمجھیں۔ یہاں میں ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ یہ کوئی معمول عمل نہیں۔ یہ عمل جفر کا انتہائی پرتاثیر قاعدہ ہے۔ نیز جفر کے دیگر اعمال کی طرح لمبے چوڑے قواعد پر مشتمل بھی نہیں۔

قارئین کی سہولت کے لیے موکلات و اسمائے حسنہ تفصیل کے ساتھ لکھ رہا ہوں۔

حروف ابجد	اعداد	اعداد ملفوظی	موکل علوی	موکل سفلی	اسمائے حسنہ
ا	۱	۱۱۱	ایقائیل	قیاطیش	اللہ، اوّل، آخر
ب	۲	۳	جائیل	جطیش	باسط
ج	۳	۵۳	جنائیل	نجطیش	جواد، جبار، جامع، جلیل
د	۴	۳۵	ہلائیل	لہطیش	دائم، دیان، دافع
ہ	۵	۶	وائیل	وطیش	ہادی
و	۶	۱۳	جیائیل	تجطیش	ودود، واسع، وہاب، ولی
ز	۷	۱۸	حیائیل	تحطیش	زکی
ح	۸	۹	طائیل	ططیش	حیی
ط	۹	۱۰	یائیل	یطیش	طیب، طاہر
ی	۱۰	۱۱	ایائیل	یاطیش	یاہ، یوہ
ک	۲۰	۱۰۱	اقائیل	قاطیش	کبیر، کریم
ل	۳۰	۷۱	اعائیل	عاطیش	لطیف
م	۴۰	۹۰	صائیل	صطیش	متعال، مومن، ملک، متین
ن	۵۰	۱۰۶	وقائیل	قوطیش	نور، نافع
س	۶۰	۱۲۰	کقائیل	قکطیش	سلام، سریع، سمیع
ع	۷۰	۱۳۰	لقائیل	قلطیش	عزیز، علیم، عظیم، عادل
ف	۸۰	۸۱	افائیل	فاطیش	فرد، فاطر، فتاح
ص	۹۰	۹۵	ہصائیل	صہطیش	صمد، صادق، صبور
ق	۱۰۰	۱۸۱	افقائیل	قفاطیش	قادر، قوی، قہار، قابض
ر	۲۰۰	۲۰۱	ارائیل	راطیش	رب، رحیم، رحمٰن، رؤف، رشید

ش	۳۰۰	۳۶۰	سشائیل	شسطیش	شہید، شکور
ت	۴۰۰	۴۰۱	اتائیل	تاطیش	تواب
ث	۵۰۰	۵۰۱	اثائیل	ثاطیش	ثابت
خ	۶۰۰	۶۰۱	اخاطیش	خاطیش	خبیر، خالق
ذ	۷۰۰	۷۳۱	اجذائیل	ذجاطیش	ذوالجلال والاکرم
ض	۸۰۰	۸۰۵	ہضائیل	ضہطیش	ضار
ظ	۹۰۰	۹۰۱	اظائیل	ظاطیش	ظاہر
غ	۱۰۰۰	۱۰۶۰	سغائیل	غسطیش	غفار، غنی، غفور

***

مؤکلات کے ذریعے استخارہ کریں

(استاد عبدالغنی قادری، ٹیکسلا)

اوّل چاہیے کہ بروز بدھ غسل کرے اور روزہ رکھے اور بوقت افطار یہ کہے کہ یہ روزہ میں نے بہ نیت استخارہ رکھا ہے، ترک حیوانات کر کے روزہ کو پھیکے چاول خود پکا کر افطار کرے، جو بچے کسی غریب کو دے دے، بعدہٗ بارہ بجے شب نوچندی جمعرات کے شب اوّل میں ایک ہزار بار سورۂ کوثر اوّل وآخر ایک ایک تسبیح درود شریف کی پڑھ کر ختم کے دوران ہمیشہ مینڈک کی چربی سے چراغ جلتا رہے یا سلائی بکس پاس رکھے۔ اگر بتی برابر روشن رہے، اگر چراغ گل ہو جائے روشن کرے اسی طرح دوسرے روز روزہ رکھ کر ساڑھے سات سو بار سورۂ کوثر مع اوّل آخر درود شریف ایک ایک تسبیح کے ادا کرے، تیسرے روز موافق معمول روزہ رکھ کر ساڑھے پانچ سو بار سورۂ کوثر معہ اوّل آخر درود شریف ایک ایک تسبیح پڑھے۔ پڑھنے کا وقت بارہ بجے شب سے چار بجے شب تک ہے۔ تیسرے روز موکل پڑھنے کے درمیان اگر بصورت حبشی کند ہے پر سوار ہوگا، کچھ خوف نہ کرے، اس سے کلام بھی نہ کرے۔ اگرچہ وہ خوفناک صورت میں ہوگا جب پڑھنا ختم ہو جائے گا وہ چراغ گل کر کے چلا جائے گا۔ چراغ روشن کر کے اس کا انتظار کرے، وہ ایک لڑکے کی



وہ لوگ جنہوں نے دن رات پلٹ پلٹ کر دیکھے پھر انہیں پرکھا جانچا کھولا برتا اور آخر کار جس نتیجے پر پہنچے وہ نتیجہ ایک سنگ میل اور نشان منزل ثابت ہوا۔ بہت تلاش اور کوشش کے بعد یہ کتاب لکھی گئی۔

شکل میں آئے گا اس وقت جو کام ہو، لے لیں جو عامل پوچھے گا جواب دے گا، مگر خلاف شرع جواب نہ دے گا۔ اس لیے ایسے سوالات کا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ خلاف شرع نہ ہوں۔

ہر مشکل سے نکلنے کا با موکل عمل

اس عمل میں موکلات گھوڑ سوار حاضر ہو کر عامل کی ہر طرح کی مشکلات حل کرتے ہیں لیکن سوائے حقیقی حاجت مند کے کوئی اس کو نہ کرے ورنہ خطا کھائے گا۔ ترکیب یہ ہے کہ عامل طلوع فجر سے پہلے یعنی تہجد کے وقت اٹھ کر غسل کرے اور آبادی سے دور نکل کر کسی صحرا وغیرہ یا لق ودق ویران مقام پر جا کر جہاں پہلے سے عمل کی جگہ مخصوص اور صاف کر رکھی ہو پر بیٹھے، اوّل اپنا حصار کر لے پھر منہ بطرف مغرب کر کے درج ذیل عمل ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ عامل کو ہر چہار طرف سے گھوڑے کی قدموں کی آواز آئے گی اور بروقت تکمیل چار موکلات ہر چہار طرف سے حاضر ہوں گے اور مقصد دریافت کریں گے۔ خوف نہ کرے، مکمل تفصیل سے اپنا مقصد بیان کر دے۔ عقل مند کیلئے اشارہ کافی است عزیمت یہ ہے:

يَاشَوْقَا طُوْسًا يَاشَوْقَا عُوْسًا يَاشَوْقَا قُوْسًا يَاشَوْقَا لُوْسًا عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَآاَيُّهَا الْمُوَكِّلُوْنَ الظَّاهِرُوْنَ اُجِيْبُوْا وَتَوَكَّلُوْ اقِيمَا اَمُرُكُمْ بِحَقِّ الْاَسْمَاءِ عَلَيْكُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَيْكُمْ مَافِيْرَوْا مِنَ الْاَسْرَارِ وَمَنْ تَخَلَّفَ مِنْكُمْ اُحَرِّقُ بِالنَّارِ هَيَّا الْعَجَلُ اَلسَّاعَةِ يَاعَصْعَلْعَيَائِيْلُ وَيَاهَمْقَحْيَائِيْلُ يَا هَطْمَقْيَائِيْلُ وَيَا كَفَحْمَقْيَائِيْلُ صَعْوًا كَاسًّا مَحْوًا كَاسًّا فَحْوًا كَاسًّا قَحْوًا كَاسًّا يَاخُدَّامُ هٰذَا الْاَسْمَاءِ الْمُبَارَكَةِ مَا تَلُوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ لِصَاحِبِكُمْ صَاحِبُ الْعِزِّ وَالْكَرَامَةِ هَيَّا الْعَجَلُ يَا اَيُّهَا الْعَامِلُوْنَ لِقَضَاءِ حَوَائِجِنَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَةِ

نوٹ: کمزور دل اور نادان یہ عمل کرنے کی جسارت نہ کرے۔ جس کے پیچھے کامل کا ہاتھ ہو وہی یہ عمل کرے ورنہ نقصان ہو جائے گا۔

***

کوئی بھی کام رکوانا ہو تو یہ عمل کریں اور کمالات دیکھیں

(ماسٹر مولانا عطاء الکریم، بیدیاں)

تکسیر قطبی کا حیرت انگیز عمل

جفر کے حصہ آثار میں تکسیر قطبی ایک اہم اور بے حد موثر طریق کار ہے۔ فارسی کی ایک مثال ہے کہ ’’قطب از جائے خورتمی جنید‘‘ جو چیز ایک ہی جگہ ٹھہری رہے، اسے بھی عرف عام میں قطب کہتے ہیں۔ اس عمل سے اگر کسی ملازم پیشہ شخص کا تبادلہ ایک جگہ سے دوسری جگہ محض اسے تنگ کرنے اور پریشان کرنے کیلئے کیا جا رہا ہو یا کسی کرایہ دار کو مالک مکان بلاوجہ مکان یا دکان خالی کرانا چاہتا ہو یا کسی شخص کا سفر روکنا مقصود ہو تو اس سب امور میں آپ اس سے مدد لے سکتے ہیں۔ چونکہ اس تکسیر میں پہلا حرف بطور قطب قائم رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے تکسیر قطبی کہتے ہیں۔ اپنا عمل تیار کرتے وقت مختصر مقصد لکھیں۔ مثلاً مظفر حسین کے سفر کو روکنا درکار ہے تو مختصر اس طرح لکھیں گے۔ ’’مظفر حسین سفر یا متین‘‘۔ یا عثمان جاوید کی تبدیلی ملتان سے کسی دوسرے شہر میں ہو رہی ہے اور اسے روکنا مقصود ہے تو اسے یوں لکھیں گے:

’’عثمان جاوید تبدیلی یا تبادلہ ملتان یا متین‘‘۔

عمل تیار کرتے وقت ہمیشہ نام معہ والدہ تحریر کریں اور اس کے بعد اسم الٰہی ''یامتین'' کا اضافہ کر کے تکسیر قطبی کریں۔ واضح رہے کہ تکسیر قطبی میں پہلا حرف قائم رہے گا۔ باقی حروف گردش میں آئیں گے۔ مثلاً مظفر حسین کی تکسیر قطبی یہ ہوگی۔

تکسیر قطبی

سطر اوّل	م	ظ	ف	ر	ح	س	ی	ن
	م	ن	ظ	ی	ف	س	ر	ح
	م	ح	ن	ر	ظ	س	ی	ف
زمام	م	ف	ح	ی	ن	س	ر	ظ
میزان	م	ظ	ف	ر	ح	س	ی	ن

بہتر ہوگا کہ یہ عمل قمر در عقرب، قران شمس و قمر میں تیار کیا جائے۔ یہ دونوں اوقات ہر ماہ آتے ہیں۔ اگر ایسی صورت ہے کہ عمل کرنا فوری درکار ہے اور مطلوب وقت قریب نہیں تو پھر زوال آفتاب کے وقت تیار کریں۔ اب ایک موٹی بڑی نئی لوہے کی کیل ٹوپی والی لیں اور اس تکسیر کے سالم کاغذ کو تعویذ بنا کر گھر میں یا باہر جنگل میں پاک سخت جگہ پر رکھ کر کیل ٹھونک دیں۔ انشاءاللہ اس عمل کا اثر بہت جلد ہوگا۔

***

ایک آیت کے عامل بنیں اور روٹھے محبوب کو منائیں

(انتخاب: مولانا محمد نواز بلوچ، قادری)

اس مضمون میں وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طہٰ:۳۹) کا بنیادی طریقہ زکوٰۃ بتایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ملفوظی اور عددی نقوش کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی ہے تاکہ بوقت ضرورت استفادہ کیا جا سکے۔ نقوش کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور ملفوظی کو کس جگہ اور عددی کو کس جگہ استعمال کرنا چاہیے؟ یہ عاملین کو پتہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔ ایک اہم بات ہمیشہ ذہن نشین رہے کہ بنیادی درجہ کا عامل یا عاملہ صرف اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کے لیے عملیات کر سکتا یا کر سکتی ہے۔ عوام کا علاج معالجہ کرنے کے لیے باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے ورنہ نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

عمل کا طریقہ

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ کا بنیادی درجہ کا عامل یا عاملہ بننے کے لیے نوچندی شب جمعرات یا جمعہ کو کوئی وقت مقرر کر لیں۔ جگہ بھی مقرر ہو۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ عمل کو آٹھ سو ستائیس (۸۲۷) بار اٹھارہ (۱۸) یوم بلاناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کر کے اللہ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس

پیشاب کنٹرول
(کورس)
پیشاب کنٹرول
بار بار پیشاب آنے کی تکلیف سے نجات

پیشاب بستر پر نکل جانا
رات کو پیشاب کا بار بار آنا
پیشاب کی زیادتی

قیمت
400.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

انداز میں مانگیں کہ ”یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کر کے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تا کہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور میرے گھر والے بھی فیض یاب ہوں“ آخری روز سوا پاؤں یا سوا کلو سفید شیرینی (برفی، چم چم وغیرہ) نابالغ بچوں میں تقسیم کر دیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ صبح و شام آٹھ (۸) بار، اوّل و آخر ایک بار درود شریف کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ **وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ** کے عامل ہو چکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیئے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ جائز جگہ دیں۔ محرموں میں محبت کے لیے دیں۔ نامحرم میں محبت کے لیے بالکل نہ دیں، جب تک شرعاً جواز موجود نہ ہو۔

نقوش بھرنے کے طریقے

نقوش بھرنے کا عمل بھی آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا۔ اور اسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔ **وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ** کے مثلث نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۲۷۷	۲۷۱	۲۷۹
۲۷۸	۲۷۶	۲۷۳
۲۷۲	۲۸۰	۲۷۵

بادی چال

۷۸۶

۲۷۷	۲۷۸	۲۷۲
۲۷۱	۲۷۶	۲۸۰
۲۷۹	۲۷۳	۲۷۵

آبی چال

۷۸۶

۲۷۲	۲۷۸	۲۷۷
۲۸۰	۲۷۶	۲۷۱
۲۷۵	۲۷۳	۲۷۹

خاکی چال

۷۸۶

۲۷۲	۲۸۰	۲۷۵
۲۷۸	۲۷۶	۲۷۳
۲۷۷	۲۷۱	۲۷۹

وَٱلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي کے مربع نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۱۹۹	۲۱۳	۲۰۹	۲۰۶
۲۱۰	۲۰۵	۲۰۰	۲۱۲
۲۰۴	۲۰۷	۲۱۵	۲۰۱
۲۱۴	۲۰۲	۲۰۳	۲۰۸

بادی چال

۷۸۶

۲۱۳	۱۹۹	۲۰۶	۲۰۹
۲۰۵	۲۱۰	۲۱۲	۲۰۰
۲۰۷	۲۰۴	۲۰۱	۲۱۵
۲۰۲	۲۱۴	۲۰۸	۲۰۳

آبی چال

۷۸۶

۲۰۹	۲۰۶	۱۹۹	۲۱۳
۲۰۰	۲۱۲	۲۱۰	۲۰۵
۲۱۵	۲۰۱	۲۰۴	۲۰۷
۲۰۳	۲۰۸	۲۱۴	۲۰۲



اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایسے ایمان افزا سچے اور انوکھے واقعات جو شاید پہلے آپ کی نظر سے بھی نہ گزرے ہوں۔ ایسے واقعات جن کے پڑھنے سے آپ کے دل میں اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت اور عزت مزید بڑھے۔ آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری دواخانہ سے طلب فرمائیں

خاکی چال

۷۸۶

۲۰۶	۲۰۹	۲۱۳	۱۹۹
۲۱۲	۲۰۰	۲۰۵	۲۱۰
۲۰۱	۲۱۵	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۲۰۲	۲۱۴

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ کے مربع ملفوظی تعویذات

آتشی چال

۷۸۶

والقيت	عليك	محبة	مني
مني	محبة	عليك	والقيت
عليك	والقيت	مني	محبة
محبة	مني	والقيت	عليك

بادی چال

۷۸۶

عليك	والقيت	مني	محبة
محبة	مني	والقيت	عليك
والقيت	عليك	محبة	مني
مني	محبة	عليك	والقيت

آبی چال

۷۸۶

محبة	مني	والقيت	عليك
عليك	والقيت	مني	محبة
مني	محبة	عليك	والقيت
والقيت	عليك	محبة	مني

خاکی چال

۷۸۶

مني	محبة	عليك	والقيت
والقيت	عليك	محبة	مني
محبة	مني	والقيت	عليك
عليك	والقيت	مني	محبة

عامل بننے کا فائدہ

یہ آیت محبت، حُب سے تعلق رکھتی ہے اور محبت کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت تیز ہوتا ہے خصوصاً زوجین یعنی شوہر بیوی کے معاملات میں یہ بہت مفید اور زود اثر ہے۔ اس آیت کا عامل یا عاملہ بننے کے بعد درج ذیل کام لے لی جا سکتے ہیں۔ چند ذکر کیے جا رہے ہیں:

(۱) شوہر بیوی پر توجہ نہ دیتا ہوں، باہر عورتوں میں دلچسپی لیتا ہو، حقوق واجبہ ادا نہ کرتا ہو، زبان درازی کرتا ہو، گالی گلوچ دیتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو، گھر سے نکال دیا ہو۔ (۲) بیوی زبان درازی کرتی ہو، محبت نہ کرتی ہو، توجہ نہ دیتی ہو، روٹھ کر میکے چلی گئی ہو۔ (۳) اولاد نافرمان ہو، آپس میں بہت جھگڑتے ہوں۔ (۴) والدین اولاد پر ناجائز غصہ کرتے ہوں، بلاوجہ روک ٹوک کرتے ہوں، سخت زبان استعمال کرتے ہوں، مارتے ہوں۔ (۵) دوستوں میں نفرت ہو جائے، لڑائی جھگڑا ہو جائے۔

***

سرکش جنات کا بھاگنا۔۔۔اپنی آنکھوں سے دیکھیں

(متعلم سمیع اللہ، کراچی)

بالوں پر عاشق جن کا علاج

بزرگوں نے کہا ہے کہ بال کھول کر کسی درخت کے سائے میں نہ بیٹھا جائے یا چھت پر کھڑے ہو کر بال کھول کر نہ لہرائے جائیں ورنہ جنات کی گزرگاہ ہو تو وہ چمٹ جاتے ہیں۔ ویسے بھی قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو خاص حکم دیا ہے کہ ''چھپاؤ اپنے بالوں کو''۔

اگر کسی عورت کو ایسا ہو کہ بالوں کے سنوارتے وقت، کوئی چیز بالوں سے کھیلے اور بڑی مشکل سے بالوں کو سنوارنے دے تو اس عورت کو چاہئے کہ تین روز برابر بال سنوارنے سے قبل سورۂ جن پڑھا کرے، پھر بال سنواریں۔ انشاءاللہ اس چیز سے نجات مل جائے گی۔

اگر کسی عورت پر بال کھول کر رکھنے کی وجہ سے اجنہ

پتھری
ڈائیلاسز
کورس

پتھری
ڈائیلاسز
(کورس)

پتھری، ڈائیلاسز اور پیشاب کے غدود لاعلاج نہیں

گردے کی پرانی پتھری
گردے کا درد
پیشاب کی بندش یا رکاوٹ

قیمت
800.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

عاشق ہو جائیں اور شرارت کریں تو روزانہ سات (۷) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کیا کریں اور روز اس پانی سے بلاناغہ اکیس (۲۱) روز تک بال دھوئیں۔ شروع میں دس بارہ روز ذرا سخت تکلیف ہوگی لیکن پھر آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائے گا۔ آئندہ کبھی بال کھول کر نہ رکھیں۔

میاں بیوی کے تعلقات میں حائل جنات کا علاج

اگر کسی شوہر کو جنات اس کی بیوی کے پاس جانے نہ دیں، جب بھی وہ کوشش کرے تو دھکا دے دیتے ہوں، ملاپ نہ ہونے دیتے ہوں تو روزانہ بعد نماز عشاء یا جب اہلیہ سے ملاقات کا ارادہ ہو، پہلے تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر خود پر حضرت شاہ سمنان کی یہ رباعی پڑھ کر دم کریں۔

یاسید اشرف جہانگیر دست من زار و ناتوانگیز
اے اشرف زماں زمانہ مددنما درہائے بستہ راز کلیدم کرم کشا

بیوی کے سینے پر عاشق جن کا علاج

اگر کبھی ایسا ہو کہ کوئی غیبی چیز چھاتی کا دودھ چوس لے اور بچے کے لیے دودھ نہ بچے تو اس کی وجہ عموماً یہ ہوتی ہے کہ ماں نے بچے کو کھلے صحن میں بغیر دوپٹہ یا کپڑے اوڑھے دودھ پلایا ہوگا۔ اس وقت اس خبیث بلا کا گزر ہوگا۔ اس لیے وہ ماں پر آ گئی۔ اس کے علاج کے لیے ایک کلو کالا دانہ یا ہرمل لے کر اس پر اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ الشمس پڑھ کر دم کریں۔ روز صبح و دوپہر اور شام اس کی دھونی ماں کو دیں اور ماں پاک صاف رہا کرے۔ انشاءاللہ یہ خبیث دودھ نہیں چوس سکے گا۔

جسم سے کھیلنے والے جنات کا علاج

اگر کسی کے ساتھ ایسا معاملہ ہو کہ اس کے جسم کو کوئی غیبی مخلوق نوچتی ہو اور سخت تکلیف دیتی ہو تو اس کے علاج کیلئے روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء سات (۷) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر لیا کریں۔ انشاءاللہ، کچھ عرصہ بعد یہ سلسلہ ختم ہو جائیگا۔

جسم کو تکلیف دینے والے جن کا علاج

اگر کسی عورت کے جسم پر ایسے نشان ہوں جیسے کسی نے مارا ہوا اور ان میں تکلیف بھی ہو اور بظاہر کوئی مار پیٹ نہ ہوئی ہو تو اس کا مطلب ہے کہ عورت کے پیچھے آسیب پڑ گیا ہے۔ اس کی عموماً وجہ بال کھول کر پھرنا یا بال کھول کر کسی درخت کے نیچے بیٹھنا ہوتی ہے۔ علاج کیلئے روزانہ صبح شام سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں اور **وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ** گیارہ گیارہ مرتبہ تکرار کے ساتھ پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ طبیعت بالکل ٹھیک ہو جائیگی۔

جنات کے مریضوں کی اقسام

جنات کے مریض تین طرح کے ہوتے ہیں۔ پہلی قسم کے مریضوں پر حاضری ہوتی ہیں۔ دوسری قسم کے مریضوں پر اثر ہوتا ہے اور جن بھی موجود ہوتا ہے لیکن حاضری نہیں ہوتی اور تیسری قسم کو ''گم سایہ'' کا مریض کہتے ہیں۔ یعنی اثر تو ہے لیکن جن موجود نہیں ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ ایک مریض کسی ایسی جگہ گیا جہاں سے اس پر اثر ہو گیا۔ جب وہ واپس گھر آیا تو وہ جن ساتھ نہیں آیا۔ اس طرح کے مریضوں کا علاج کرنا سب سے آسان ہے۔ البتہ کبھی کبھی یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ گم سائے کے مریض کا علاج کرتے ہوئے وہ دوسری قسم میں داخل ہو جاتا ہے کیونکہ جس جن کا اثر ہوتا ہے، وہ آ جاتا ہے۔ اور کبھی کبھی حاضری بھی ہو جاتی ہے۔

حاضری والے مریضوں کے علاج سے پرہیز کریں۔ ویسے بھی حاضری والے مریضوں کا علاج کرنے کے لئے آپ کے پاس مضبوط دفاع ہونا چاہئے۔ اس کے بغیر علاج کرنا بے وقوفی ہے۔ آپ کو پتہ بھی نہ لگے گا کہ کیسے مخالف جنات نے آپ کو اپنے شکنجے میں لے لیا ہے اور پھر نکلنے کا راستہ بھی نہ ملے گا۔ اور آپ خود ایک مریض بن جائیں گا اور علاج انتہائی مشکل ہوگا۔ کوئی بڑا عامل جنات ہی آپ کا علاج کر سکے گا۔

شہنشاہ جنات کوتابع کرنے کاعمل

یہ جنات کا بادشاہ ہے۔ مشرقی، مغربی سمندری اور خشکی کے تمام جنات کا حاکم ہے اور یہ عظیم المرتبہ اور جلیل القدر ہے۔ اس سے تمام جنات ڈرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے اذن سے اُس کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ اگر تم کسی جن کو طلب کرو اور وہ تاخیر کرے یا تمہارے کام کی نافرمانی کرے تو اس ملک طارش کو حاضر کریں اور اسے حکم دیں کہ وہ اسے حاضر کرے۔ اُسی لمحے وہ جن حاضر ہو جائے گا اور وہ آپ کی خواہش کے مطابق کام کرے گا۔ اگرچہ وہ کام جدائی پیدا کرنے کا ہو یا کسی کو ضرب لگانے کا یا کسی کو قید کرنے وغیرہ کا ہو۔

اگر آپ اس ملک سے کام لینے کا ارادہ کریں تو سات یوم ریاضت کے ساتھ روزہ رکھیں۔ اور ہر رات اس قسم کو 59 مرتبہ پڑھیں۔ اُس وقت آپ خوف محسوس کریں گے۔ تو اس وقت ڈرنا نہیں اور اپنے دل کو مضبوط رکھنا ہے۔ اور پختہ عزم کے ساتھ رہیں۔ تو تم بہت سے لوگوں کو دیکھو گے کہ وہ اپنے رخساروں کو مٹی پر ملتے ہوں گے۔ اس کے بعد ملک کو دیکھیں گے۔ وہ آپ کے سامنے حاضر ہوگا۔ اس کے ساتھ کئی مختلف صورتوں والے آدمی ہوں گے۔ تمہیں پہلے سلام کرے گا۔ اور آپ سے رضامندی طلب کرے گا۔ تو آپ اسے کہیں:

اَلطَّاعَةُ لِلّٰهِ وَلِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَطْلُبُ الْمُعَاهَدَةَ مَعِيَ وَاِطَاعَةَ الْمُعَّارِلِيْ

ترجمہ ”کہ فرنبرداری تو اللہ تعالیٰ اور ان اسماء کی ہے۔ میں اپنے ساتھ معاہدے کا طلبگار ہوں اور اپنے لئے جنات کی اطاعت چاہتا ہوں“ وہ آپ سے کچھ شرائط طلب کرے گا۔ پس اگر اُس کی شرائط قبول کرلیں تو آپ کی آرزوئیں پوری ہوں گی۔ بخور تلاوت کے وقت لوبان، کزبرہ ہوگا۔ اور قسم یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَشَالَتِ اَشَالَتِ، دَهْلُوْشًا دَهْلُوْشاً، مُرْشًا مُرْشًا، عَوْشًا عَوْشًا، اَتَا اَتَا، لَتَيِيْثَا ثَلَمًا، لَتَشِيْثَا ثَلَمًا، فَلْفَلِيْنَاشًا فَلْفَلِيْنَاشًا، بَلْثُوْثًا بَلْثُوْثًا، سَمْسُمُوْزٍ سَمْسُمُوْزٍ، بَهْمُوْشٍ بَهْمُوْشٍ، هَيُوْشٍ هَيُوْشٍ، سَمَسْمُوْنٍ سَمَسْمُوْنٍ، اَيُّهَا الرُّوْحُ الطَّيِّبُ الْمَلِكُ الطَّاهِرُ طَارِشْ مَلِكُ الْعُمَّارِ اَجِبْ وَاَحْضُرْ وَاَطِعْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ عَلَيْكَ وَطَاعَتِهَا لَدَيْكَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ۔

اور اُس کی سختی یہ ہے کہ اگر وہ حاضر ہو کر کام کرنے میں تاخیر کرے تو ان اسماء کو پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھے تو وہ فوری حاضر ہو جائے گا اور حکم کی تعمیل کرے گا۔

اسماء یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ طَبِيْبَةٌ طَبِيْبَةٌ، طَبْشِيْشٌ طَبْشِيْشٌ، اَلطَّاعَةُ لِلّٰهِ وَلِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ يَا طَارِشْ اَجِبْ وَاَحْضُرْ اَلْعَجَلْ۔

* * *



اس کتاب میں ایسے انمول وظائف، طبی چٹکلے اور جوہرات سے قیمتی اقوال ہیں جو یقیناً ہر لحاظ سے مخلوق کیلئے مفید ہی نہیں بلکہ باعث رحمت اور شفا بنیں گے۔ یہ کتاب صرف الفاظ ہی نہیں زندگی بھر کے تجربات و مشاہدات کا جامع مجموعہ ہے۔ اس کتاب کا آج ہی مطالعہ کیجئے اور نسلوں کی صحت مندانہ تعمیر کیجئے۔

افسران کے خوف سے نجات کیلئے

افسر شاہی کے اس دور میں ماتحت افراد بے چارے جس طرح گھٹ گھٹ کر جیتے ہیں، الامان والحفیظ۔ ہر افسر فرعون، نمرود، شداد بنا ہوا ہے اور بس ایک ہی لفظ سننے کا عادی بنا ہوا ہے ''یس سر''۔ کسی ماتحت کے منہ سے اگر خدانخواستہ ''نو سر'' غلطی سے نکل گیا تو اس بے چارے کی شامت آ گئی، حالانکہ سینئر حضرات کو سوچنا چاہیے کہ میرا ماتحت بھی بے چارہ انسان ہے۔ ضرورت، خواہشات، مجبوریاں، خوشی، غم سب اس کے ساتھ بھی ہیں۔ لہٰذا ماتحتوں کے ساتھ رویہ نرم رکھنا چاہیے۔ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ان کو اپنا نوکر، خادم یا غلام نہیں بلکہ اپنا چھوٹا بھائی یا بیٹا سمجھنا چاہیے۔ ان کی عزت نفس کا خیال کرنا چاہیے۔ بلاوجہ ان کی بے عزتی نہیں کرنی چاہیے۔ ایک مالک یا سینئر افسر جب جونیئر کو پیار، محبت، اخلاق دے گا تو جونیئر بھی اپنے سینئر یا افسر اور مالک پر جان نچھاور کرے گا۔ بہرحال ایسے تمام افراد، جو اپنے سینئر افسران، مالکان وغیرہ کی بلاوجہ سختی وغیرہ سے تنگ ہیں، ان کو چاہیے کہ یہ لوح خاص بنا کر یا بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اس کے ساتھ بتلایا جانے والا وظیفہ پڑھیں۔ ان شاءاللہ وہی ہوگا جو آپ چاہیں گے۔ افسران اور مالکان کا دل آپ کیلئے نرم اور ان کے دل میں آپ کیلئے چاہت اور محبت ہوگی۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

شمس مریخ تسدیس کے خاص وقت کا آغاز ۲۳ دسمبر شام ۶ بجکر ۵ منٹ پر ہوگا اور اختتام ۳۱ دسمبر صبح ۸ بجے ہوگا۔



یااللہ	الالھۃ	الرفیع	جلالہ
۳۹۲	۶۸	۴۸	۴۶
۶۷	۳۸۹	۴۹	۴۹
۴۸	۵۰	۶۶	۳۹۰

***

لوح شفاء کینسر

یہ لوح شفائے کینسر، شوگر، بواسیر، ٹی بی اور لاعلاج امراض میں عجیب وغریب کمالات کی حامل لوح ہے۔ جو بھی اس کو جس بیماری سے نجات اور چھٹکارے کیلئے پہنے گا، اس کو شفائے کامل نصیب ہوگی۔ جو شخص ہر وقت بیماریوں کے شکنجے میں پھنسے رہتے ہیں، یہ ان کیلئے نسخہ کیمیا ہے۔ لاعلاج امراض کو دور کرنے میں اللہ کریم کے فضل سے بے مثال ہے۔ جو بھی اس کو پہنے گا، بیماریوں سے محفوظ ہوجائے گا اور اگر اس کو کوئی بھی بیماری ہے تو اس سے شفا پائے گا۔ یہ لوح پہننے سے ہر قسم کے کینسر، شوگر، بواسیر، ٹی بی کے مریضوں کو شفاء حاصل ہوگی۔ اس کے وظیفے پڑھنے سے اور لوح پہننے سے اور اس کے زعفران سے تیار کردہ تعویذ مریض لاعلاج کو پلانے سے، ملنے والے حیرت انگیز نتائج کو دیکھ کر ڈاکٹر تک

حیران ہو جاتے ہیں۔ لوح کے ساتھ وظیفہ خاص کا ورد کریں یا مریض کو پڑھنے کیلئے کہیں۔ اور لوح پہننے سے لے کر ٹھیک پندرہ دن تک عرق گلاب یا سات مساجد کے پانی پر ۱۷ بار یہ عمل روزانہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں اور مریض پر دم کریں۔ زعفرانی سیاہی سے اگر ۴۱ تعویذ تیار کروائیں اور ہر تعویذ پر ۱۵ بار یہ عمل لکھ کر مریض کو پلائیں اور لوح گلے میں پہنائیں تو اس کا رزلٹ آپ کو خوش کر دے گا۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

اس لوح کو تیار کرنے کا وقت جنوری، مارچ، اور دسمبر ان تینوں مہینوں کی 28 تاریخ 8 بجے شروع ہوگا اور اس کا اختتام ان تینوں مہینوں کی ۲۹ تاریخ کو سہ پہر ۳ بجکر ۲۵ منٹ پر ہوگا۔



یا بدیع	العجائب	بالقضاء	یا جریع
۲۱۶	۹۶	۹۸	۱۰۷
۹۵	۲۱۳	۱۱۰	۹۹
۱۰۹	۱۰۰	۹۴	۲۴۴

* * *

جادو جنات کے ذریعے دنیا کو ڈسنے والے لوگ

(انتخاب: عبدالعزیز سرگودھا)

انسانی ضروریات بے شمار ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان کی نوعیت بدلتی رہتی ہے۔ زندگی کی ہر منزل، نئے تقاضے اور نئی ضروریات لے کر سامنے آتی رہتی ہے۔ ابھی ایک مقصد پورے طور پر حاصل نہیں ہو پاتا کہ دوسرا نیا مقصد، نئی ضرورت اور نئی الجھن سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔ نیز زندگی کی راہ میں حادثات سے دو چار ہونا بھی ایک فطری عمل ہے جس سے مفر نہیں۔ بعض حادثے تو ایسے ہوتے ہیں کہ آدمی ان کا مقابلہ آسانی سے یا مشکل سے بہرحال کر لیتا ہے لیکن بعض

پوشیدہ کورس

خواتین کے پوشیدہ امراض کیلئے
پوشیدہ کورس

قیمت
600.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
یقینی طور پر پرانی سے پرانی لیکوریا کا خاتمہ
ایام کی کمی یا زیادتی
کمر میں درد
خواتین کے پوشیدہ امراض
کا سو فیصد علاج

حادثات میں آدمی بالکل مجبور اور بے بس نظر آتا ہے۔

لوگوں کی زندگی میں پیش آنے والے حوادث کی نوعیت اکثر مختلف ہوتی ہے۔ اچانک آگ کا لگ جانا، ایکسیڈنٹ ہو جانا، زلزلوں، طوفانوں یا خطرناک امراض کا شکار ہو جانا وغیرہ۔ کچھ حادثے اپنے یا غیروں کی کرم فرمائیوں کا نتیجہ بھی ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ہیں جن کے ہاتھوں میں پیسہ نہیں رکتا، کاروبار میں مسلسل گھاٹا ہوتا رہتا ہے۔ اچھے محنتی، ذہین طلباء امتحانات میں فیل ہو جاتے ہیں یا معمولی نمبروں سے کامیاب ہوتے ہیں۔ دکان یا کاروبار سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ لوگ اسے نوشتۂ تقدیر سمجھ کر خاموش ہو جاتے ہیں اور فی الحقیقت جب تقدیر یاوری نہیں کرتی تو ایسا بھی ہوتا ہے۔ مگر اس صورت حال کو ہمیشہ تقدیر کی طرف موڑ دینا ٹھیک نہیں۔ تجربات شاہد ہیں کہ اس طرح کے نقصانات میں ذلیل دشمنوں، بدخواہوں اور حاسدوں کے بدبختانہ کردار کا بھی دخل ہوتا ہے۔ ان ناعاقبت اندیش لوگوں کا دائرہ عمل صرف ہمارے مقاصد کو فیل کر دینے اور کاروبار کو تباہ کر دینے تک ہی محدود نہیں رہتا۔ بلکہ وہ جسمانی لحاظ سے بھی ہمیں ناکارہ بنا دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کی ہر ممکن کوشش ہوتی ہے کہ وہ ہمارے دماغ کو سوچنے سمجھنے کی اعلیٰ صلاحیتوں سے محروم کر دیں۔ ہمارے ذہنوں کو صحیح سمتوں سے ہٹا دیں اور ہمارے اعصاب اور قوت عمل کی سرگرمی کو ختم کر دیں۔ ان کی خواہش بلکہ ہمہ تن کوشش ہوتی ہے کہ ہم دنیا میں اگر زندہ رہیں بھی تو ایک دائم المریض کی طرح۔ ایک بیکار مفلوج انسان کی طرح رہیں۔ اور ان کے گندے عملیات کے ذریعہ پیدا کردہ امراض یا سحر، ہماری قیمتی زندگی کا چراغ گل کر دے۔ ایسے حالات میں اچھے عاملین کی طرف رجوع کرنا نہ صرف یہ کہ ضروری ہے بلکہ ناگزیر ہے۔

قدرت کا نظام ہے۔ اس نے اپنی اس دنیا میں مختلف المزاج لوگ پیدا کئے ہیں۔ علاج معالجہ کے دوران نئے نئے تجربات ہوتے رہتے ہیں۔ ایک دوا جو کسی خاص مرض کے لیے بالکل مجرب ہے، سینکڑوں بار کے تجربات سے اس کا مفید ہونا ثابت ہو چکا ہے، مگر اسی خاص مرض میں مبتلا لوگوں کے حق میں وہ دوا کامیاب ثابت نہیں ہوتی، بیکار ثابت ہوتی ہے۔ یہی نہیں بلکہ الٹی مضر ثابت ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے مریض کو بے چینی اور تکلیف میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ طبی دنیا کے یہ روزمرہ کے تجربات ہیں۔

جس طرح طب میں ادویات کا معاملہ ہے، اسی طرح روحانی علاج میں بھی ایسے کئی تجربات ہوتے رہتے ہیں کہ ایک ہی علاج، جو کئی مریضوں میں بہت فائدہ مند ثابت ہوا، وہی علاج کسی دوسرے مریض پر بالکل بے اثر بلکہ نقصان کا باعث بن جاتا ہے۔ خاص کر جادو جنات کے متاثرہ مریضوں کے معاملات میں۔ اس لیے جادو و جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کیلئے ضرور فکر کرنی چاہیے۔

* * *

جسمانی امراض کا روحانی علاج

بازو کے درد کے لئے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶	۳۵	۱۱	۲۷	۶
۲۹	۵	۱۵	۱۸	۲۳
۴	۱۰	۲۶	۱۲	۳۳
۳	۱۴	۳۱	۲۲	۲

۳۲	۳۷	۱۳	۳۸	۱۹
۹	۲۴	۳۴	۲۵	۷
۴۵	۲۰	۳۹	۳۶	۳
۱۶	۲۸	۸	۲۱	۱۷

بازو پر باندھ لیں۔

برائے درد ڈاڑھ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴	۷	۲۲	۴۲	۸	۲۹	۳۶	۱
۱۸	۲۶	۳۱	۱۹	۲۷	۳۳	۲۴	۴۷
۱۶	۱۱	۴	۳۴	۵	۱۳	۶	۴۳
۳۷	۱۲	۴۶	۱۵	۳۸	۱۰	۶۵	۲۰
۴۴	۱۷	۳	۳۵	۴۱	۱۴	۳۰	۴۵
۲	۲۳	۳۲	۲۸	۳۹	۲۵	۲۱	۹

دردِ داڑھ کے لئے یہ نقش دانت کے نیچے رکھ دیا جائے اور تین دفعہ **وما أنت بالله العظیم** پڑھ لیں، انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔ پھر تعویذ نکال کر باہر رکھ دیں۔

جسمانی امراض اور مرگی زدہ کے لئے

المص، طٰه کھٰیعص۔ یٰس والقرانِ الحکیم
حٰم۔ عسق۔ ن والقلم وما یسطرون

۳۹	۱۹	۵۱	۱۷	۳۰	۸	۳۷	۴
۴۴	۳۳	۲۵	۱۱	۵۲	۲۷	۱۴	۲۱
۲	۴۷	۴۱	۲۳	۳	۱۹	۴۵	۶
۲۵	۳۱	۴۹	۳۴	۴۸	۱۲	۳۶	۱۰
۱۰	۴۶	۱۸	۷	۳۸	۴۲	۲۴	۴
۱۶	۴۸	۳	۶۶	۹	۳۵	۵	۲۴
۱۰	۵	۴۲	۲۹	۲۲	۴۹	۱	۳۲

چینی کی پلیٹ عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر تین تین دفعہ پلائی جائے۔ یہ نقش جسمانی امراض اور مرگی کے لئے ہے۔ زعفران سے لکھا جائے اور عرق گلاب میں ڈال کر قبل زوال پلانا چاہیے۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

برائے ازالہ خوف

۳	ط	۵	ک	ے
ل	ا	ع	ن	۹
م	۳	۸	۴	ب
۲	ع	ط	۶	ص

یہ تعویذ پلایا جائے۔

پتھروں کے حیرت انگیز کرشمات

(حضور احمد، کوٹلی)

یہ بات یاد رکھیں! یہ تمام باتیں انسانی تجربات کا نچوڑ ہیں حقیقی کارساز اللہ رب العزت ہی کی ذات اقدس ہے
یہ تمام باتیں طبی، یونانی، ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک علاج ہی کی طرح ہیں۔

سیاروں اور پتھروں کے خواص کے

شمس کی روشنی میں موجود سات ابتدائی رنگ دراصل کاسمک شعاعیں ہیں جو ہم ایک ترتیب میں صرف قوس وقزح میں قدرتی انداز میں دیکھ سکتے ہیں یا پھر شمس کی روشنی کو منشور میں سے گزرا کر دیکھ سکتے ہیں۔ ان سات مختلف رنگوں کی شعاعوں کو ہم وابگیور کہتے ہیں۔ یہ رنگ بالترتیب وائلٹ، انڈیگو، بلو، گرین، یلو، اورنج اور ریڈ ہیں۔ یہاں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ سچے بنیادی رنگ صرف تین ہیں اور وہ ریڈ (لال)، بلو (نیلا) اور یلو (پیلا) ہیں۔ باقی رنگ، ان ہی رنگوں کے ملاپ سے بنتے ہیں۔ یہاں ایک بات کی وضاحت اور ضروری ہے کہ وائیلٹ ایک سرد رنگ کی لہر ہے۔ اس کے بعد کے رنگ بتدریج گرم ہوتے ہیں۔ اس طرح سب سے آخر میں موجود ریڈ رنگ سب سے زیادہ گرم ہوتا ہے۔ وائلٹ رنگ کی لہروں سے پہلے الٹراوائلٹ رنگ کی لہریں موجود ہیں جو کہ سرد ترین لہریں ہیں۔ جب کہ ریڈ کے بعد انفرا ریڈ رنگ کی لہریں موجود ہیں کہ گرم ترین لہریں ہیں۔

قیمتی پتھر دراصل کاسمک رنگ کی شاعوں کا خزانہ ہیں۔ یہ پتھر منجمد شکل کی کاسمک رنگوں کی لہریں ہیں۔ یہ پتھر کائنات میں پھیلی ہوئی روشنی سے مسلسل طاقت حاصل کرتے رہتے ہیں جو کہ سیاروں سے ٹکرا کر زمین تک پہنچتی رہتی ہیں۔ کسی بھی قیمتی پتھر کا ظاہری رنگ اس میں موجود کاسمک رنگ کی لہر سے قدرے مختلف نظر آتا ہے۔ تاہم منشور کے ذریعے اسے واضح کرنے سے قدرتی کاسمک رنگ کی شعاع حاصل ہوتی ہے مثلاً ہیرا عام آنکھ سے شیشے جیسا سفید نظر آتا ہے لیکن منشور کے ذریعے ہیرے سے انڈیگو رنگ کی شاعیں حاصل ہوتی ہے چنانچہ ہیرے کو ہم انڈیگو رنگ کی شاع کا منبع کہتے ہیں۔

یاقوت پتھر کے کرشمات

سرخ کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ اس قیمتی پتھر کا تعلق سیارہ شمس سے ہے جو کہ انسانی جسم میں روح سے تعلق رکھتا ہے۔ شمس برج

اسد کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں مندرجہ ذیل اعضاء اس کے زیر اثر ہوتے ہیں: غذۂ نخامیہ، شریانیں، دل، دماغ، آنکھیں، خون کے سرخ ذرات، قوت حیات، کمر، ریڑھ کا نظام، شمس کی شاعیں روح پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔ قوت باصرہ اور قوت عصبی کا تعلق شمس سے ہے۔ اختلاج قلب، دردسینہ، امراض معدہ، دل و دماغ اور حرارت خون سے متعلق امراض شمس سے منسوب ہیں۔

موتی کے کرشمات

بظاہر دودھیا رنگ کا نظام آتا ہے مگر منشور کے ذریعے اس سے نارنجی کاسمک شاعیں مشاہدہ کی جاسکتی ہیں۔ یہ شاعیں ٹھنڈے اثرات رکھتی ہیں۔ موتی آبی عنصر سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا تعلق انسانی جسم کی رطوبتوں سے ہے۔ موتی سیارہ قمر سے منسوب ہے۔ قمر برج سرطان کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم کے مندرجہ ذیل اعضاء اس کے زیر اثر ہوتے ہیں: غذا کی نالیاں، پلازمہ ذہن، پستان، خون کے سفید ذرات، رحم، بیضہ دانی، قوت جاذبہ، قوت ماسکہ، قوت ہاضمہ اور قوت نامیہ قمر کے تحت ہوتی ہیں۔ سیارہ قمر سے متعلق امراض میں سانس کی تکلیف، اسہال، بے خوابی، حیض کی خرابیاں پستان کے امراض، بلغمی امراض اور ہاضمہ کی خرابیاں شامل ہیں۔

مرجان کے کرشمات

اگرچہ دیکھنے میں سرخی مائل نظر آتا ہے مگر درحقیقت پیلے رنگ کی کاسمک شعاعوں کا منبع ہے۔ یہ شاعیں گرم ہوتی ہیں۔ انسانی جسم میں اس کا خاص اثر ہڈیوں کے گودے پر ہوتا ہے۔ یہ شعاعیں جسم کو غذائیت فراہم کرتی ہیں۔ فاضل رطوبتوں کو سکھاتی ہیں اور غیر ضروری مادوں کا جسم سے اخراج کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ مرجان کا تعلق سیارہ مریخ سے ہے۔ مریخ برج حمل اور برج عقرب کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں مندرجہ ذیل اعضاء سیارہ مریخ سے منسوب ہیں: خون کے سرخ ذرات، ہڈیوں کا گودا، اعضاء کو حرکت دینے والے عضلات، اعضائے بول و براز، بیرونی اعضائے تناسل، ناک، مثانہ اور بڑی آنت، قوت شامہ، قوت منصورہ اور قوت مولدہ مریخ کے تحت ہوتی ہیں۔ مندرجہ ذیل امراض مریخ سے منسوب ہیں: گرمی سے پیدا ہونے والے امراض، اسقاط حمل، بلڈ پریشر، بواسیر، دردسر، پھوڑے پھنسیاں، زخم، بڑی آنت کے امراض، قوت حیات کی کمی، خون کے امراض اور جنسی اعضاء سے متعلق امراض۔

زمرد کے کرشمات

زمرد سے ہر رنگ کی کاسمک شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے، یہ مزاجاً سرد ہوتی ہیں، زمرد کا تعلق سیارہ عطارد سے ہے۔ عطارد برج جوزا اور برج سنبلہ کا حاکم سیارہ ہے، انسانی جسم میں غدو ورقیہ، دماغ، زبان اور دیگر اعضاء گفتگو، اعصابی نظام تنفس، سینہ، ناف، کان، بال، بازو، ہاتھ، انگلیاں عطارد کے زیر اثر ہوتی ہیں۔ قوت ادراک، قوت متفکرہ اور قوت ذائقہ عطارد کے ماتحت ہیں۔ عطارد سے متعلقہ امراض دیوانگی، لقوہ فالج، امراض تنفس، اعصابی بیماریاں، مرگی، بالوں کا گرنا اور یادداشت کی خرابیاں ہیں۔

پیچش
شفاء

دست، مروڑ، بدہضمی اور پیچش
کی کامیاب دوا

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

پتلے پیلے اور نیلے دستوں کیلئے بہترین دوا ہے

زرد پکھراج کے کرشمات

آسانی رنگ کی کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ یہ شعاعیں جسم کی چربی اور غدود کے نظام پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ زرد پکھراج کا تعلق سیارہ مشتری سے ہے۔ مشتری برج قوس اور برج حوت کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں رطوبتیں، کف، پاؤں، جگر، انتڑیوں، کولہے اور ران کی ہڈیاں مشتری کے زیر اثر ہیں۔ قوت نفسانی، قوت سماعت، قوت واہمہ، لبلبہ اور دورانِ خون کا نظام مشتری کے ماتحت ہیں۔ جگر، پھیپھڑے اور غدودوں کے امراض میں مشتری سے منسوب ہیں۔

ہیرا کے کرشمات

انڈیگو رنگ کی کاسمک شعاعوں کا مخرج ہے۔ یہ سیارہ عطارد سے منسوب ہے۔ زہرہ پر برج ثور اور برج میزان اثر ہیں۔ گلا، حلق، غدہ تیموسیہ، چہرے کی رنگت، بال، تھوڑی، رخسار، پیڑو، نظام ہضم کا عمل، تناسلی نظام کا کچھ حصہ، مادہ تولید، گردے، قوت بصارت، قوت شہوانیہ اور قوت مجامعت، زہرہ کے تحت ہوتی ہیں۔ جنسی امراض، جماعی تکالیف، حلق اور پیشاب سے متعلق امراض زہرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

نیلم کے کرشمات

نیلم سے وائٹ کاسمک رنگ کی شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے۔ اس کا تعلق سیارہ زحل سے ہے۔ سیارہ زحل برج جدی اور برج دلو کا مالک ہے۔ انسانی جسم کے مندرجہ ذیل اعضاء زحل کے زیر اثر ہیں: غدہ فوق الکایہ، کھال، دانت، ہڈیاں، جوڑ، تلّی، پتہ، بال، ناخن، نسیں، پٹھے، پنڈلیاں، اعصابی نظام اور نظام رطوبت بھی زحل کے ماتحت ہیں۔ قوت لامہ، قوت حافظہ، قوت ماسکہ زحل کے زیر اثر ہوتی ہیں۔ مختلف اقسام کے درد، دانت کے امراض، ہڈیوں کے امراض، لاغری اور گھٹیا کے درد، زحل سے تعلق رکھتے ہیں۔

زرقون کے کرشمات

زرقون سرد ترین کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے، یہ الٹراوئلیٹ شعاعیں ہوتی ہیں، زرقون کا تعلق راس سے ہے، یہ ایک سایہ ہے مگر ہندی نجوم میں اس کے اثرات کو سیارہ کی طرح ہی قرار دیا جاتا ہے۔ پیر کے تلوؤں، غدودوں اور نظام تنفس پر اس کے کچھ اثرات پائے جاتے ہیں۔ جسم کا گرمی سے متاثر ہونا، تیزابیت، جلنے کے محسوسات، نیند کی خرابیاں، دماغی امراض، شہوت کی زیادتی اور غدودی امراض اس کے زیر اثر ہوتے ہیں۔

لہسنیا کے کرشمات

لہسنیا کو عام طور پر کیٹس آئیز بھی کہا جاتا ہے۔ اس سے انفراریڈ کاسمک شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے۔ یہ گرم ترین کاسمک شعاعیں ہوتی ہیں۔ لہسنیا کا تعلق ذنب سے ہے۔ ذنب کی حیثیت بھی راس ہی کی طرح ہے۔ نظام ہضم، جلد اور اعصاب پر اس کے کچھ اثرات پائے جاتے ہیں۔ لہسنیا بہت ہی ضدی، مزمن امراض اور وبائی امراض کو دور کرنے کے کام آتا ہے۔ کینسر، فالج، چیچک، ہیضہ جیسے امراض ذنب سے منسوب ہے۔

پتھر کس انگلی میں پہنا جائے؟

کوئی بھی قیمتی پتھر پہننے کے لئے مناسب انگلی کا انتخاب بہت اہم ہوتا ہے کیونکہ ہر انگلی کسی نہ کسی سیارے کے زیر اثر ہوتی ہے اور اعصاب کے ذریعے جسم کے مختلف حصوں سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔

پہلی انگلی

یہ انگشت شہادت بھی کہلاتی ہے، طبی طور پر اس کا تعلق نظام ہضم اور نظام تنفس سے ہوتا ہے، یہ انگلی سیارہ مشتری سے متعلق ہے، مشتری سے منسوب قیمتی پتھر اس میں پہنا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مشتری کے دوست سیاروں یعنی شمس، قمر اور مریخ سے منسوب قیمتی پتھر بھی اس انگلی میں پہنے جاتے ہیں۔

دوسری انگلی

اس انگلی کا طبی تعلق ہڈیوں، آنتوں اور جلد سے ہے۔ یہ انگلی زحل سے منسوب ہے۔ زحل کے علاوہ عطارد، راس اور زہرہ سے متعلقہ قیمتی پتھر بھی اس انگلی میں پہنے جاسکتے ہیں۔

تیسری انگلی

یہ رنگ فنگر بھی کہلاتی ہے۔ طبی طور پر اس کا تعلق دل، معدہ، تولیدی نظام اور دوران خون سے ہوتا ہے۔ اس انگلی کا تعلق سیارہ شمس سے ہے۔ اس انگلی میں شمس کے علاوہ قمر، مشتری، مریخ اور ذنب سے منسوب قیمتی پتھر بھی پہنے جاسکتے ہیں۔

چوتھی انگلی

اس انگلی کا طبی تعلق جنسی اعضاء، اعصاب، ٹانگوں، گھٹنوں اور پیروں سے ہوتا ہے۔ اس انگلی کا تعلق سیارہ عطارد سے ہے۔ اس انگلی میں سیارہ عطارد کے علاوہ زحل، زہرہ اور راس سے منسوب قیمتی پتھر بھی پہنے جاسکتے ہیں۔

سیاروں کی مختلف بیماریوں سے مطابقت

علم نجوم کے ذریعے بیماری کی تشخیص کرنا اور اس سے علاج کے لئے قیمتی پتھر تجویز کرنا کسی ماہر زائچہ نگار کا کام ہے لیکن ہم یہاں قارئین کی معلومات کے لیے سیاروں کی عام کیفیات کی مختلف بیماریوں سے مطابقت کو زیر بحث لائیں گے اور بیماریوں کے لحاظ سے سیاروں کی ممکنہ کیفیات کا جائزلیں گے تاکہ سیاروں اور برجوں کے متعلق معمولی علم رکھنے والے افراد بھی اس علم سے فائدہ اٹھائیں۔

قلت خون

جسم میں قلت خون کے کئی ایک اسباب ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ اس مرض کے ذمہ دار بھی بہت سے سیارے ہوتے ہیں۔ اگر جگر میں صالح خون پیدا کرنے کی صلاحیت کم ہوجائے یا پھر خون بہنے کے سبب سے خون کی کمی ہورہی ہو تو مشتری کی کمزوری کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگر ہڈیوں کے گودے میں کسی خرابی کے باعث خون کی کمی واقع ہورہی ہو تو مریخ کی کمزوری کا اندازہ لگایا جاتا ہے یا پھر پیدائش کے وقت شمس کمزور ہو یا سرد ترین سیارے زحل کے زیر اثر ہو تو خون کی کمی واقع ہوتی ہے۔ چنانچہ اس مرض میں یاقوت، مرجان اور زرد پکھراج فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں کیونکہ یاقوت ایک گرم تر پتھر ہے۔ اس لئے اس کا استعمال کسی ماہر علم نجوم کے مشورے کے بغیر نہیں کرنا چاہیے۔ البتہ زرد پکھراج اور مرجان 5 کیرٹ وزن کے استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

وجع المفاصل

یہ ایک میٹا بالک خرابی کا مرض ہے۔ جب جسم میں یورک ایسڈ کو باہر نکالنے کی نااہلی پیدا ہوجائے تو یورک



عورت کا روپ جب بھی بدلا تو حیا کا ایک نیا پیکر بن گیا، ماں بن کر مقدس، بہن بن کر مکرم، بیوی بن کر معطر اور اور بیٹی بن کر محترم۔ رشتہ ازدواج سے منسلک ہونا جسم اور روح کی پاکیزگی کیلئے نہایت لازم ہے۔

ایسڈ کے ذرات جوڑوں میں جمنے لگتے ہیں۔ بیشتر اوقات ایسا پیدائش کے وقت مریخ کے کمزور ہونے کے سبب سے ہوتا ہے یا پھر برج جدی سے متعلق لوگ اس مرض کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ یہ برج جوڑوں پر حاکم ہے اور سرد تاثیر رکھتا ہے۔ اس صورت میں مریخ کی گرم لہریں بذریعہ مرجان جسم میں پہنچائی جائیں تو مرض سے آرام آتا ہے۔ اگر سیارہ مشتری یا برج قوس کسی طرح متاثر ہو تو بھی یہ مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ اس مرض کا عام علاج یہ ہے کہ مرجان 9 کیرٹ اور زرد پکھراج 5 کیریٹ مریض کو پہنایا جائے۔

نسیان کا علاج

سر اور دماغ برج حمل سے منسوب ہیں جبکہ دماغ پر سیارہ شمس حاکم ہے۔ عصبی نظام، قوت متفکرہ اور قوت ادراک کا حاکم سیارہ عطارد ہے۔ اگر سیارہ شمس، عطارد اور برج حمل یا پھر برج حمل کا حاکم سیارہ مریخ پیدائش کے وقت کمزوری کا شکار ہو رہے ہوں تو یادداشت کی خرابی کے امراض جنم لیتے ہیں۔ چنانچہ ایسے امراض میں یاقوت، مرجان اور زمرد کارآمد ہوتے ہیں۔ یاقوت کا استعمال اس کے گرم تر اثر کی وجہ سے احتیاط کا متقاضی ہے۔ البتہ مرجان 7 کیرٹ اور زمرد 6 کیرٹ بے فکری سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

دمہ کا علاج

اس تکلیف دہ مرض کا سبب مشتری اور عطارد کی کمزوری ہے۔ پیدائش کے وقت اگر برج جوزا پر سرد تاثیر کا سیارہ زحل اثر ڈال رہا ہو، جب بھی یہ مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ اس مرض میں زمرد 6 کیرٹ اور زرد پکھراج 5 کیرٹ کارآمد ہوتا ہے۔

گنج پن کا علاج

علم نجوم کی رو سے زحل بالوں پر بھرپور کنٹرول رکھتا ہے جبکہ عطارد بالوں کی جڑوں پر اثرانداز ہوتا ہے۔ چنانچہ گنج کو روکنے کے لئے نیلم اور زمرد کا استعمال فائدہ مند ہے۔

نزلہ زکام کا علاج

نزلہ زکام کسی بھی قسم کا ہو، اس کا سبب جسم میں سرد شعاعوں کی زیادتی ہوتی ہے۔ زحل یا قمر کی زیادتی بھی اس کا سبب ہوسکتی ہے۔ مریخ کی شعاعیں جسم میں موجود فاضل رطوبتوں کو سکھاتی ہیں۔ چنانچہ مرجان 7 کیرٹ اس میں فائدہ مند ہے۔

حیض کی خرابیوں کا علاج

حیض کے نظام پر قمر کا بہت گہرا اثر ہے۔ انسانی جسم میں قمر پستان، رحم، بیضۃ الرحم اور فیلوپن ٹیوب پر حاکم ہے۔ مریخ کے اثر سے حیض کا آغاز ہوتا ہے اور مقدار کا تعین ہوتا ہے جبکہ بہاؤ اور دورانیہ کو قمر کنٹرول کرتا ہے۔ چنانچہ خواتین کے لئے قمر بہت اہم سیارہ ہے۔ اگر جسم میں قمر کی شعاعوں کی کمی واقع ہو تو حیض کے نظام میں خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لیے حیض کی خرابیوں پر قابو پانے کے لئے موتی خاص کردار ادا کرتا ہے۔ 10 سے 20 کیرٹ کا موتی استعمال کرانا چاہئے۔ اگر جسم میں گرم شعاعوں کی زیادتی ہو تو کثرت حیض کا عارضہ ہوتا ہے۔ چنانچہ ایسی صورت میں سرد شعاعوں والے قیمتی پتھر نیلم، ہیرا یا ان کے متبادل استعمال کرانا چاہئے۔

پتھر تجویز کیسے کریں؟

یوں تم علم نجوم کی رو سے قیمتی پتھر تجویز کرنے کے لئے بہت سے طریقے رائج ہیں، جن میں سے دو مروجہ طریقے قابل ذکر ہیں۔ نام کے پہلے حرف سے یعنی نام کا پہلا حرف جس برج سے منسوب ہو، اس کے حاکم سیارے سے منسوب قیمتی پتھر پہنا جائے۔ دوسرا طریقہ شمسی برج سے یا تاریخ پیدائش سے، تاریخ پیدائش سے شمسی برج کا پتہ چلتا ہے یعنی پیدائش کے وقت شمس جس برج میں ہو، اس برج کے حاکم

سیارے سے منسوب قیمتی پتھر پہنا جائے۔ مندرجہ بالا دونوں طریقوں میں زیادہ علمی قابلیت کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، نہ ہی ان سے مطلوبہ نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

قیمتی پتھر تجویز کرنے کا مناسب ترین طریقے میں تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور جگہ پیدائش کا معلوم ہونا بہت ضروری ہے تاکہ مکمل زائچہ بنا کر طالع برج، قمری برج اور شمسی برج معلوم کیا جا سکے۔ اور تمام سیارگان کی کیفیات کا مطالعہ کیا جا سکے۔ نیز حامل زائچہ کے لیے مفید اور نحس سیاروں کا تعین بھی کیا جا سکے اور پھر ان تمام معلومات کی روشنی میں کسی بھی حل طلب مسئلہ کے لیے قیمتی پتھر تجویز کیا جائے۔

***

میاں بیوی کے تعلق میں بندش کی کاٹ

(الحاج ناصر الدین، کراچی)

ازدواجی معاملات کی ہر رکاوٹ دور

لڑکی یا لڑکے کی شادی کی بندش کھولنے کیلئے چودہ (۱۴) مرتبہ آیت قطب پڑھ کر پانی پر دم کر کے گیارہ (۱۱) روز تک غسل کرائیں۔ انشاء اللہ بندش کھل جائے گی۔ روز چودہ (۱۴) مرتبہ پڑھیں اور غسل کرائیں۔ آیت قطب یہ ہے:۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

بالکل ناکارہ شوہر کا علاج

جو شخص حقوق زوجیت ادا کرنے سے محروم ہو اور جسمانی طور پر فٹ بھی ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ میٹھے انار کے پتے پر ''یَامُمْسِكُ'' لکھ کر شہد کے ساتھ سات (7) پتے روز کھائے۔ پھر ایک کپ گرم دودھ پی لے۔ تین (3) روز کے بعد پہلے حبِ جواہر منہ میں رکھ کر چوسیں۔ پھر فائدہ اٹھائیں۔

بچوں کے دورہ کا شافی علاج

جن بچوں کو دورے پڑتے ہوں، ہاتھ پاؤں مڑ جاتے ہوں تو جب بچے کو دورہ پڑے، فوراً اس کے جسم پر جو کپڑے ہوں، وہ پھاڑ کر اتاریں اور جلا کر ان کا دھواں اس بچے کے جسم پر لگائیں۔ پھر کبھی دورہ انہیں پڑے گا۔

پته
پتھری
شفاء



صرف ایک
رات میں پتھری ختم

قیمت
90.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

ضدی بخار پھر کبھی آپ کے قریب نہ آئے

جس بچے کو بخار ہو اور دوائیوں سے آرام نا آرہا ہو تو پیپل کے سات عدد تازہ پتے لے لیجئے۔ ہر پتہ پر ۱۸ کے عدد سے متواتر اعداد ۳۳ تک لکھ کر ایک پتہ روزانہ صبح نہار منہ پانی میں گھول کر پلایا کریں۔ انشاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

سوتے میں دانت چبانے والے بچے کا علاج

اگر کوئی مرد یا عورت رات کو سوتے میں دانت چباتے ہوں تو ان پر سات (۷) روز تک ''ھوھوھو، ھی ھی ھی، ھوھوھو، ھی ھی ھی'' کی تکرار کے ساتھ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ، یہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

حمل کی حفاظت کیلئے باکمال گنڈا

اگر کسی عورت کو جب بھی امید ہو اور دو ڈھائی ماہ بعد حمل ضائع ہو جاتا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ وہ عورت کھڑی ہو کر اکتالیس (۴۱) ڈورے کلاوہ (رنگ دار ڈوری)، سر سے پاؤں تک ناپ کر اس میں اکیس (۲۱) گرھیں لگائیں۔ ہر گرہ پر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے گرہ بند کیا کریں:

هُوَ الَّذِیۡ یُصَوِّرُکُمۡ فِی الۡاَرۡحَامِ کَیۡفَ یَشَآءُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ (سورہ آل عمران:۶)

پھر یہ گنڈا جب اس عورت کو حمل ہو، اس کی کمر سے اس طرح باندھیں کہ گرہ کمر پر رہیں اور آگے کی طرف بند کریں۔ انشاء اللہ حمل ضائع نہ ہوگا۔

***

رزق کی ہر بندش کی کاٹ نہایت مختصر وقت میں

(ڈاکٹر انوار اللہ جمال، پشاور)

بے شمار لوگ اپنی کاروباری بندشوں کا معاملہ لے کر حاضر ہوتے ہیں، کاروبار چلتے چلتے بند ہو گیا، سارا دن کوئی گاہک نہیں آتا، دکان پر بیٹھتے ہوئے بھی اب شرم محسوس ہوتی ہے بجلی کا بل اور دوکان کا کرایہ کیسے دیں، کاروبار تباہ ہو گیا، دوکان بند کرنے پر مجبور ہو گئے۔ ایک صاحب فیصل آباد سے تشریف لائے ایک فیکٹری کے مالک ہیں، اچھا بھلا کاروبار، بیرون ممالک کی منڈیوں تک رسائی، مال کے آرڈر پر آرڈر، بات سننے کو وقت نہیں ملتا تھا، سینکڑوں ملازم تھے لیکن اب سب کچھ ختم ہو گیا، فیکٹری بند ہو گئی، کروڑوں کے مقروض ہوئے، گھریلو اخراجات کیلئے بھی رقم نہیں ہے، گھر فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں۔ ایک اور صاحب سے ملاقات ہوئی جو دو فیکٹریوں کے مالک تھے اچانک ایسا زوال آیا کہ دونوں فیکٹریاں فروخت ہو گئیں، ذاتی 2 کنال کی کوٹھی تک فروخت ہو گئی۔ اب ایک چھوٹی سی دوکان ہے اسی سے گزارہ چل رہا ہے۔ ایسی سینکڑوں داستانیں ہیں، ہزاروں خطوط ہیں، سارا دن رات ایسے پریشان حال لوگوں کے بہت فون آتے ہیں۔ ان کی پریشانیاں دیکھ کر، واقعات سن کر دل بہت دکھتا ہے، اللہ سب کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں آمین۔

آسان علاج

ایسے تمام پریشان حال بھائی سچے دل سے توبہ کریں۔ نماز کی پابندی کریں اور نوچندی جمعرات سے بعد نماز فجر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں، اس کے بعد گیارہ سو مرتبہ ''یا مغنی'' پڑھیں، اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ چالیس دن بلا ناغہ عمل کریں۔ انشاء اللہ کرم ہو جائے گا۔

***

صرف ایک عمل سے ہر بری نظر دور

ہر بری نظر دور کرنے کا پہلا علاج: جس کسی آدمی یا جانور کو بدنظر لگ گئی ہو، اس دعا کو پانچ بار تین بار پڑھ کر دم کرے، انشاءاللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا اور آدمی یا جانور تکلیف سے چھٹکارا پائے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللهِ عَظِيْمِ الشَّانِ شَدِيْدُ الْبُرْهَانِ مَاشَآءَ اللهُ كَانَ حَبَسَ حَابِسٌ مِنْ حَجَرٍ يَابِسٍ وَّشِهَابٍ قَابِسٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ رَدَتُّ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَ عَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فِیْ كَيْدِهٖ وَ كُلِّيَتِهٖ لَهُمْ دَقِيْقٌ وَ عَظْمٌ فِيْمَا لَهٗ يَلِيْقُ۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ

ہر بری نظر دور کرنے کا دوسرا علاج: جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو تو اس مریض پر ان آیات شریفہ کو پانچ بار یا سات بار پڑھ کر دم کرے، انشاءاللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔

وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (المومن:۵۷)

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ (الملک:۳، ۴)

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (القلم:۵۱۔۵۲)

* * *

جھگڑے، لڑائیاں ختم ہوجائیں اگر ہم یہ کام کرلیں

احادیث مبارکہ میں سے انتخاب کرکے 140 ایسے اعمال آپ دوستوں کی خدمت میں لکھ رہا ہوں اگر یہ اعمال ہم لوگ کرنے کا اہتمام کرلیں تو کچھ دنوں میں ہمارے گھروں سے جھگڑے اور لڑائیاں ختم ہوجائے اور ہمارا گھر ایک جنت کا گہوارا بن جائے۔

ا۔ ایک دوسرے کو سلام کریں۔ (مسلم: ۵۴)

۲۔ (رشتے داروں وغیرہ) سے ملاقات کرنے جائیں۔ (مسلم: ۲۵۶۷)



کشف المحجوب معرفت اور عشق الٰہی کی وہ کتاب ہے جو شریعت و طریقت کے طالبوں کیلئے اک پر بہار گلشن اور ظلمتوں کے دور میں روشن چراغ کی مانند ہے۔ اسرارالٰہی کے پردوں میں لپٹی یہ کتاب تسبیح خانہ میں سبقاً پڑھائی جاتی ہے ان ہی دروس کو متلاشیوں کیلئے کتابی شکل میں حلقہ کشف المحجوب کے نام سے شائع کیا جارہا ہے۔

۳۔ ان کے پاس اٹھنے بیٹھنے کا معمول بنائیں۔ (لقمان: ۱۵)
۴۔ ان سے بات چیت کریں۔ (مسلم: ۲۵۶۰)
۵۔ ان کے ساتھ لطف و مہربانی سے پیش آئیں۔ (سنن ترمذی: ۱۹۲۴، صحیح)
۶۔ ایک دوسرے کو ہدیہ و تحفہ دیا کریں۔ (صحیح الجامع: ۳۰۰۴)
۷۔ اگر وہ دعوت دیں تو قبول کریں۔ (مسلم: ۲۱۶۲)
۸۔ اگر وہ مہمان بن کر آئیں تو ان کی ضیافت کریں۔ (ترمذی: ۲۴۸۵، صحیح)
۹۔ انہیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (مسلم: ۲۷۳۳)
۱۰۔ بڑے ہوں تو ان کی عزت کریں۔ (سنن ابوداؤد: ۴۹۴۳، سنن ترمذی)
۱۱۔ چھوٹے ہوں تو ان پر شفقت کریں۔ (سنن ابوداؤد: ۴۹۴۳، سنن ترمذی: ۱۹۲۰، صحیح)
۱۲۔ ان کی خوشی و غمی میں شریک ہوں۔ (صحیح بخاری: ۶۹۵۱)
۱۳۔ اگر ان کو کسی بات میں اعانت درکار ہو تو اس کام میں ان کی مدد کریں۔ (صحیح بخاری: ۶۹۵۱)
۱۴۔ ایک دوسرے کے خیر خواہ بنیں۔ (صحیح مسلم: ۵۵)
۱۵۔ اگر وہ نصیحت طلب کریں تو انہیں نصیحت کریں۔ (صحیح مسلم: ۲۱۶۲)
۱۶۔ ایک دوسرے سے مشورہ کریں۔ (آل عمران: ۱۵۹)
۱۷۔ ایک دوسرے کی غیبت نہ کریں۔ (الحجرات: ۱۲)
۱۸۔ ایک دوسرے پر طعن نہ کریں۔ (الھمزہ: ۱)
۱۹۔ پیٹھ پیچھے برائیاں نہ کریں۔ (الھمزہ: ۱)
۲۰۔ چغلی نہ کریں۔ (صحیح مسلم: ۱۰۵)
۲۱۔ آڑے نام نہ رکھیں۔ (الحجرات: ۱۱)
۲۲۔ عیب نہ نکالیں۔ (سنن ابوداؤد: ۴۸۷۵، صحیح)
۲۳۔ ایک دوسرے کی تکلیفوں کو دور کریں۔ (سنن ابوداؤد: ۴۹۴۶، صحیح)
۲۴۔ ایک دوسرے پر رحم کھائیں۔ (سنن ترمذی: ۱۹۲۴، صحیح)
۲۵۔ دوسروں کو تکلیف دے کر مزے نہ اٹھائیں۔ (سورۂ مطففین سے سبق)
۲۶۔ ناجائز مسابقت نہ کریں۔ مسابقت کر کے کسی کو گرانا بری عادت ہے۔ اس سے ناشکری یا تحقیر کے جذبات پیدا ہوتے ہیں (صحیح مسلم: ۲۹۶۳)
۲۷۔ نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے نکلنا جائز ہے جبکہ اس کی آڑ میں تکبر ریاکاری اور تحقیر کارفرما نہ ہو۔ (المطففین: ۲۶)
۲۸۔ طمع، لالچ اور حرص سے بچیں (التکاثر: ۱)
۲۹۔ ایثار و قربانی کا جذبہ رکھیں۔ (الحشر: ۹)
۳۰۔ اپنے سے زیادہ آگے والے کا خیال رکھیں۔ (الحشر: ۹)

۳۱۔ مذاق میں بھی کسی کو تکلیف نہ دیں۔ (الحجرات:۱۱)
۳۲۔ نفع بخش بننے کی کوشش کریں۔ (صحیح الجامع:۳۲۸۹، حسن)
۳۳۔ احترام سے بات کریں۔ بات کرتے وقت سخت لہجے سے بچیں۔ (آل عمران:۱۵۹)
۳۴۔ غائبانہ اچھا ذکر کریں۔ (ترمذی:۲۷۳۷، صحیح)
۳۵۔ غصہ کو کنٹرول میں رکھیں۔ (صحیح بخاری:۶۱۱۶)
۳۶۔ انتقام لینے کی عادت سے بچیں (صحیح بخاری:۶۸۵۳)
۳۷۔ کسی کو حقیر نہ سمجھیں۔ (صحیح مسلم:۹۱)
۳۸۔ اللہ کے بعد ایک دوسرے کا بھی شکر ادا کریں۔ (سنن ابوداؤد:۴۸۱۱، صحیح)
۳۹۔ اگر بیمار ہوں تو عیادت کو جائیں۔ (ترمذی:۹۶۹، صحیح)
۴۰۔ اگر کسی کا انتقال ہوجائے تو جنازے میں شرکت کریں۔ (مسلم:۲۱۶۲)

* * *

”یامُعِیْدُ“ کے کرشمات ہر شخص کیلئے

ہر بری عادت چھوڑنے کیلئے

اچھے اخلاق و عادات بنانے کیلئے اور بری عادات کو چھوڑنے کیلئے روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ اس اسم پاک کا وظیفہ پڑھے، کچھ دنوں کے بعد مقصد حاصل ہوجائے گا۔

اسرار الٰہی جاننے کیلئے

اگر وقت دوپہر یا جب آدھی رات گزر جائے، ننگے سر کھڑا ہو یا قبلہ رُو بیٹھ کر اکہتر (۷۱) مرتبہ یہ اسم الٰہی روزانہ پڑھا کرے، علوم الٰہی حاصل ہوں اسرار الٰہی پر واقف ہو اور اپنے علمی ارادوں کی تکمیل ہوجائے۔

گمشدہ کی واپسی کیلئے

اگر کوئی بھاگ جائے اور لاپتہ ہو، اپنے گھر کے چاروں کونوں میں سات سات مرتبہ پڑھے اور دم کردے۔ ایک ہفتہ کے اندر انشاء اللہ غائب آجائے لیکن جب چاروں کونوں میں سات سات مرتبہ پڑھ لے، اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور کہے ”یامعید! فلاں شخص اپنے گھر واپس آجائے“۔


ٹھنڈی مراد
گرمی کی جلن
سانس کا پھولنا
تپش منہ کی خشکی
نیند میں بے چینی
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عورتوں، مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

بھاگے ہوئے شخص کو واپس لانے کیلئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ بھاگا ہوا یا تو اپنے گھر آجائے یا اس کا پتہ چل جائے تو ستر (۷۰) مرتبہ ایک ایک کونہ میں گھر کے چاروں کونوں میں پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے **یَامُعِیۡدُ رَدِّ عَلَیَّ** (بحکم خدا سات دن میں واپس آجائے گا)۔

المعید کا نقش معظم:

۷۸۶

۲۳	۳۸	۳۷	۲۶
۳۵	۲۸	۲۹	۳۲
۳۰	۳۳	۳۴	۲۷
۳۶	۲۵	۲۴	۳۹

****

ہر جائز رشتے کو کامیاب بنانے والا بے مثال عمل

اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے یا بیوی شوہر سے محبت کرتی ہو لیکن اس کے گھر والے اس رشتے کو توڑنا چاہتے ہوں تو اس طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر اس (بیوی یا شوہر) کی گزرگاہ میں دفن کر دیں اور چینی کی پلیٹ میں لکھ کر حلوہ سے اس پلیٹ کو صاف کر کے ناراض متعلقین کو جو راضی نہ ہوتے ہوں ان کو وہ حلوہ کھلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ ہر جائز محبت میں یہ عمل تیر بہدف کا درجہ رکھتا ہے۔ طلسم یہ ہے:

(نوٹ) گزرگاہ میں جو طلسم لکھ کر دفن کیا جائے، اس میں یہ احتیاط رکھیں کہ اگر مقدس نام ہوں تو ان کو توڑ توڑ کر لکھیں۔ جیسے محمد۔ م ح م د۔

شیطان و دشمن سے حفاظت کے لیے

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''جس شخص نے سورۂ بقرہ کی پہلی چار آیات، آیۃ الکرسی کے بعد کی دو آیات اور سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات پڑھیں۔

لَمۡ یَقۡرُبۡهُ وَلَا اَهۡلَهٗ یَوۡمَئِذٍ شَیۡطَانٌ، وَلَا شَیۡءٌ یَکۡرَهُهٗ (رواہ الدارمی)

ترجمہ: تو اس دن شیطان نہ تو اس شخص کے پاس اور نہ اس کے گھر والوں کے قریب آئے گا اور نہ کوئی چیز ان کو نقصان پہنچا سکے گی۔

سبحان اللہ! کیا خوب عمل ہے۔ جادوگر زیادہ تر شیاطین ہی کی مدد سے جادو کرتے ہیں۔ یعنی جادو میں زیادہ شیاطین ہی استعمال ہوتے ہیں۔ پھر خود شیاطین بھی انسانوں پر جادو کرتے ہیں اور اللہ کے راستہ سے ہٹانے کے لیے تو شیاطین قیامت تک اپنا کام جاری رکھیں گے۔ ان سب پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لیے کتنا آسان اور مختصر عمل دیا گیا ہے جو ہر شخص با آسانی کر سکتا ہے۔

سب سے بڑھ کر اس کا فائدہ کہ دوسرے اعمال میں آپ عمل کرتے ہیں تو اس کا فائدہ آپ کو ہوتا ہے۔ اس عمل کو پڑھیں گے تو اپنے ساتھ، گھر والوں کی بھی حفاظت ہوگی۔ اوّل و آخر ایک بار درود ابراہیمی پڑھ کر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں اور آیات پڑھیں۔ پھر دعا مانگ لیں۔ اس عمل کو صبح شام معمول بنالیں۔

آپ دوستوں کی سہولت کیلئے آیات مقدسہ پیش خدمت ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۲﴾ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ﴿۴﴾

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۲۵۵﴾ لَآ اِكۡرَاهَ فِى الدِّيۡنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَىِّ ۚ فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَيُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِىُّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يُخۡرِجُهُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَوۡلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ يُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۵۷﴾

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَاِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اَوۡ تُخۡفُوۡهُ يُحَاسِبۡكُمۡ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَـغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓـئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا ؕ وَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا ؕ اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۸۶﴾

* * *

جسمانی و روحانی مسائل سے نجات کیلئے اعمال

(قاری نواز صادق، کوئٹہ)

سانس کی تکلیف کا علاج

''یَاحَمِیۡدُ'' روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور



کسی کی خفیہ ڈائری حاصل کرنا بہت ہی مشکل ہے جبکہ عالم یہ ہو کہ کسی کے پاس اگر ایک نسخہ، فارمولہ یا وظیفہ ہوتا ہے تو وہ کبھی بھی کسی کو نہیں بتاتا۔ حتیٰ کہ مشہور ہے کہ اپنی اولاد تک سے چھپایا جاتا ہے...... یہ بات غلط ہے یا درست فیصلہ کتاب پڑھنے کے بعد کیجئے گا......

چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۂ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

عورت کے دودھ کی کمی کا آسان علاج

پسے ہوئے نمک پر باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ "وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ" (بقرہ: ۲۳۳)۔ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ط نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ (سورۃ النحل: ٦٦)

گم شدہ یا اغواء شدہ شخص کو واپس لانے والا عمل

اَمْسَيْتُ فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِيْ جَوَارِ اللّٰهِ۔

اگر کوئی شخص گم ہو گیا ہو تو سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں اللہ کے فضل سے کچھ ہی دنوں میں کام ہو جائے گا۔

جادو کا علاج

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر "جادو برسر جادوگر" لکھ کر جہاں مریض سویا ہو وہاں اس کاغذ کو چھت پر اس طرح لٹکا دیں کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے اس عمل سے جادو، جادوگر پر کچھ ہی دنوں میں لوٹ جائے گا۔

نابینا یا کمزور نظر والوں کیلئے تحفہ

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِيْبًا بِاللَّمَسِ رَاحَتُهٗ
اَوْ اَطْلَقَتْ اَوْبًا مِنْ رَبْقَةِ اللَّمَمِ

روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کر دیا کریں۔

***

تیر بہدف اعمال

(س،م،ل ساہیوال)

سحر خلائق

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَالْخَلْقُ عَجَزُوْا عَنْ ذَالِكَ۔ اَللّٰهُمَّ سَدِّدْ لِسَانَ اَعْدَاءِ وَلَا تُشْمِتْ بِهٖ الْاَعْدَاءَ وَاظْفُرْ لِيْ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَعْدَآءِ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرَ۔ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اس دعاء کو روزانہ پانچ بار کسی وقت پڑھ لیا جائے۔ عام مخلوق اچھی نظر سے دیکھے گی۔ زبان بندی، صحت یابی، گفتگو اور خیر کی بات زبان سے نکلے گی۔

ہر آفت سے حفاظت کیلئے سورہ یٰسین کا عمل

روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام سورۂ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں۔ تمام آفات سے حفاظت رہے گی اور فراخی رزق ہوگی۔ ہر کام بخیر و خوبی پورا ہوگا۔ تمام لوگ ہمیشہ خوش رہیں گے۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ جو دعا مانگیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

میاں بیوی کے اختلافات ختم انشاء اللہ

اگر زوجین میں اختلاف رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی تو ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ صبح وشام سجدہ میں جا کر دعا مانگیں کہ: ''اے پروردگار! میری بیوی کو میرا مطیع اور فرماں بردار بنا دے''۔ ہفتہ عشرہ نہ گزرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے ''اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیۡ نَزَّلَ الۡکِتَابَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیۡنَ ''(اعراف:۱۹۶)

***

تیس دن میں دلی مراد پوری

مؤکلات کے ساتھ باکمال عمل

فی زمانہ تیز رفتاری کی وجہ سے ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے ازحد پریشان ہے۔ ایسے افسردہ لوگوں کو لوٹنے کے لیے اشتہاری عاملوں نے چرب زبانی اور دھوکے کا جال بچھا رکھا ہے۔ میں ہر پریشان حال مومن بھائی، بہن، نوجوان اور بیٹیوں کو دعوت دیتا ہوں کہ نیا چاند نظر آنے پر نوچندی جمعرات کو (شب جمعہ) بعد نمازِ عشاء اوّل ایک تسبیح درود پاک 99 بار ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ'' پھر ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ورد کریں۔ پھر دو رکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت پڑھیں۔ اسی طرح بارہ بار اوّل تسبیح درد پاک ۹۹ بار، دوم بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ بار، سوم دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ کل ۱۱۸۸ بار درود پاک، ۹۴۳۲ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور ۲۴ رکعت نماز نفل مکمل ہو گی۔ عبادت کی جگہ پاک وصاف ہو اور یکسوئی ہو۔ عمل میں خلل نہ آئے۔ عمل مکمل ہونے پر یہ عزیمت ۹۰ بار پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَقۡسَمۡتُ وَ عَزَّمۡتُ عَلَیۡکُمۡ بِرَبِّ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُقَرَّبِیۡنَ بِحَقِّ یَااَللّٰہُ یَاھَادِیُ یَا کَرِیۡمُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ یَاحَلِیۡمُ یَاعَلِیۡمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیۡمُ یَاحَیُّ یَااِلٰھِیۡ یَافَتَّاحُ یَاقَیُّوۡمُ یَادَائِمُ یَاقَائِمُ یَابَاقِیۡ یَارَزَّاقُ یَاعَالِمُ یَاوَاحِدُ یَاوَلِیُّ یَامَتِیۡنُ یَانَاصِحُ یَامُنۡعِمُ یَاحَیُّ الَّذِیۡ یَرۡزُقُ کُلَّ شَیۡءٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ الٓمٓ وَالٓمٓصٓ وَالٓرٰ وَالٓمٓرٰ وَطٰہٰ وَطٰسٓمٓ وَ یٰسٓ وَ صٓ وَحٰمٓ وَ حٰمٓ وَحٰمٓ وَ نٓ وَ قٓ وَانۡصُرۡنِیۡ اَلۡعَجَلُ اَلسَّاعَۃَ اَلۡوَحَا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِفَضۡلِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ اَرۡفَعۡ قَدۡرِیۡ یَااَللّٰہُ وَیَسِّرۡ اَمۡرِیۡ یَااَللّٰہ وَاشۡرَحۡ صَدۡرِیۡ یَااَللّٰہ وَاَغۡنِ فَقۡرِیۡ یَااَللّٰہُ یَامَنۡ ھُوَ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاغۡفِرۡلِیۡ وَانۡصُرۡنِیۡ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُ۔ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا اِلَّا ھُوَالۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ بِاسۡمِ الۡقُدۡرَۃِ وَالۡقُوَّۃِ وَالۡعَظۡمَۃِ وَاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا وَنَصۡرًا فِیۡ مُصِیۡبَۃٍ یَارَبِّ


جوش
جوشاند
قیمت
10.00 روپے
فی ساشے
نزلہ، زکام، الرجی، کھانسی اور بخار کیلئے
فوری حل، ابالنے کی تکلیف سے نجات

الْعٰلَمِيْنَ وَاَدْرِكْنِيْ بِفَضْلِكَ يَاۤ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

عزیمت مکمل ہونے پر بارگاہ رب العالمین میں دست دعا بلند کر کے اپنے مقصد کی التجا کریں۔ آئندہ چاند نظر آنے سے قبل انشاء اللہ حاجت روائی ہوگی۔ اس نقش کے لوح کے کے فوائد میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔ بار بار مجرب ہے۔ ہر مقصد کے لیے مجرب ہے۔ جو کرم فرما یہ عمل مکمل کرنے سے قاصر ہوں، وہ یہ لوح کاغذ پر نوچندی جمعرات کو محلول زعفران سے بنا کر پلاسٹک کوٹ کر کے اپنے پرس میں رکھیں۔ جس پرس میں لوح رکھیں۔ اس کا رنگ سیاہ نہ ہو بلکہ زرد، سرخ، پیلا، نیلا، سفید، سبز ہو۔ یا اس کو لوح چاندی پر لکھوا کر سونا پالش کروا کر اپنے پرس میں رکھیں۔ لوح میں نقش مربع چال ہادی ہے۔ یہ بسم اللہ الرحمن الرحیم (۷۸۶) کا مکمل اصولی نقش ہے۔ جو میرے سینے کا راز تھا۔ اس کی پشت پر مکمل عزیمت ضرور درج کریں۔ جو اوپر مذکور ہو چکی ہے۔



***

الٓمّٓرٰ کے عمل سے ہر حاجت پوری

(انتخاب، مزمل شاہ گیلانی)

یہ عمل بھی دوسرے عملوں کی طرح بے حد قیمتی اور مؤثر ہے۔ اس عمل کے اعداد ۲۷۱ ہیں۔ اس کا تعلق آسمانی بلاؤں اور آسمانی راحتوں سے ہے۔ جن بیماریوں کا تعلق آسمانی آفتوں سے ہو مثلاً ہیضہ، طاعون، ٹی بی وغیرہ یا گردش لیل ونہار سے متعلق ہو مثلاً ستاروں کی نحوست یا تقدیر کی الٹ پھیر وغیرہ ایسے تمام معاملات میں یہ عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے اور عمل کرنے والے کو ان تمام آفتوں سے بفضل رب، نجات دلاتا ہے۔ اس عمل کو سورج نکلنے کے بعد سے سورج غروب ہونے تک کسی بھی وقت پڑھ لینا چاہیے۔ سورج غروب ہونے کے بعد اس کا پڑھنا ٹھیک نہیں ہے۔ اس عمل کو روزانہ ۹۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ ۷۱ دن تک ایک دن کا بھی ناغہ نہیں ہونا چاہیے، ورنہ سارا عمل بے کار اور بے اثر ہو جائے گا۔ پرہیز کسی قسم کا بھی نہیں ہے۔ چلّے کے بعد اگر عامل کسی ایک شخص کا یا بہت سے اشخاص کا یا کسی بستی اور شہر کا اور وبائی امراض یا ناگہانی آفتوں کے بچاؤ کے لیے علاج کرنا چاہے تو یہ عمل ۲۷۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیدے۔ یہ پانی ان درختوں پر چھڑک دیا جائے اور ان کی

جڑوں میں ڈال دیا جائے جو بستی کے کناروں پر ہوں۔ علاوہ ازیں یہ پانی بستی کے چار داخل ہونے والے راستوں پر چھڑک دیا جائے۔ یہ پانی مریضوں کو پینے کے لیے بھی دیا جائے۔ کسی ایک گھر کے لیے یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ اس صورت میں گھر کے دروازے پر یہ پانی چھڑک دیا جائے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ پانی چھڑک دیا جائے۔ اس عمل کا نقش وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے گھروں میں آویزاں کیا جائے۔ جہاں جہاں یہ نقش آویزاں ہوگا وہاں اللہ کی رحمت سایہ فگن رہے گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۶۰	۷۴	۷۰	۶۷
۷۱	۶۶	۶۱	۷۳
۶۵	۶۸	۷۶	۶۲
۷۵	۶۳	۶۴	۶۹

جس بستی میں وبائی مرض پھیلا ہوا ہو اور بستی کے لوگ عامل کو بلانا چاہیں تو عامل کو چاہیے کہ بے خوف و خطر وہاں چلا جائے اور جانے سے پہلے ۲۷۱ مرتبہ یہ عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔ اس کے بعد اللہ پر یقین کامل رکھتے ہوئے اس بستی میں چلا جائے اور بستی کے کسی بھی مکان کی چھت پر بیت اللہ کی طرف رخ کرکے اس عمل کو ۲۷۱ مرتبہ پڑھ کر سات تالیاں بجائے۔ انشاء اللہ پوری بستی وبائی مرض سے نجات پالے گی۔ یہی عمل بستی کے لوگ رحمتوں کے نزول کے لیے بھی پڑھوا سکتے ہیں۔ اس صورت میں عامل کسی مکان کے صحن میں کھڑے ہوکر یہ عمل کرے گا اور ۲۷۱ مرتبہ پڑھ کر ۹ تالیاں بجائے گا۔

عامل کو چاہیے کہ یہ عمل بغیر ہدیہ کے نہ کرے اور ہدیہ اپنے مریض سے وصول نہ کرے۔ بلکہ یہ تفصیل ذہن میں رکھے۔ اگر عامل اپنے ٹھکانے پر بیٹھ کر پانی پر دم کرکے دے رہا ہے تو وہ ۹۰ روپے وصول کرے۔ اگر عامل اس نقش کو بنا کر اور نقش پر ۲۷۱ مرتبہ مذکورہ عمل پڑھ کر دے رہا ہے تو اس کا ہدیہ عامل ۱۰۹ روپے وصول کرسکتا ہے۔ دوسرے کے گھر یا بستی میں جا کر اگر عامل عمل کرے تو اس کے ۹۰۰ روپے وصول کرسکتا ہے۔ ہر ہر صورت میں عامل کو چاہیے کہ وہ ہدیہ کی رقم کا ۹ فیصد خیرات کردے۔ ورنہ عامل کا عمل بے اثر ہوجائے گا۔ اگر عامل چاندی کی تختی پر یہ عمل کندہ کرا کے نابالغ بچوں کے گلے میں ڈال دے تو وہ بچے آسمانی آفات سے محفوظ رہیں۔ ان کا ہدیہ عامل ۹۰ روپے وصول کرسکتا ہے۔ چاندی کی تختی اس طرح تیار کرائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

ا ل م ر ا

***


دو انمول خزانے کے کرشمات
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

روزگار کی مشکلات۔ گھریلو ناچاقی۔ ترقی میں رکاوٹ۔ رشتوں کی بندش۔ اولاد کی نافرمانی۔ کاروبار میں زوال۔ نظربد کے اثرات۔ جادو اور جنات کے اثرات۔ حاسدین اور دشمنوں کے شر۔ روحانی ترقی اور لاعلاج مریضوں کیلئے بہت آزمودہ۔ یہ کتاب قدم قدم پر آپ کی زندگی کے ہر مسئلہ کی رہنمائی کرے گی۔ لاکھوں آزما چکے اب آپ کی باری۔ آج ہی طلب فرمائیں!

دلی مراد پوری کرانے والا عمل

(نصیر قائم خانی، کنڈیارو)

یہ عمل عام دنوں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔ جب ضرورت ہو، لگا تار تین دن کریں۔ بہتر ہے کہ شب بدھ، شب جمعرات اور شب جمعہ۔ پھر نتیجہ اللہ پر چھوڑ دیں۔ ایک ماہ میں تین دن لگا تار کر لیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہر شب جمعہ کو عمل کر لیا جائے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو، عمل کرتے رہیں۔ یہ عمل سینے کا راز ہے جو عوام الناس کی بھلائی کے لیے تحریر کیا جا رہا ہے۔ یہ عمل ایک ہی حاجت کیلئے کیا جائے۔

یہ عمل قرآن پاک کی چودہ آیات سجدہ پر مشتمل ہے۔ یہ عمل بہت سے اولیائے کرامؒ سے منقول ہے۔

طریقہ عمل: دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں سلام پھیر کر اول 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پھر 14 آیات سجدہ تلاوت کریں اور سجدے کرتے جائیں اور آخر میں 11 مرتبہ درود پڑھ کر اپنے ضرورت کیلئے خوب رو رو کر دعا کریں۔

آیاتِ سجدہ

آیات سجدہ وفقہ حنفی کے مطابق کل چودہ ہیں۔ اسی کے مطابق اس عمل کو کرنا ہے۔ دسویں آیت سجدہ جو سورۂ ص کی ہے، وہ فقہ حنفی کے مطابق ہے، مگر شافعی کے مطابق نہیں۔ فقہ شافعی کے مطابق سورۂ حج کی ۷۷ آیت، آیت سجدہ ہے۔ فقہ شافعی والے سورۂ ص کی آیت نہ پڑھیں، وہ سورۂ حج کی آیت پڑھ لیں آیت یہ ہے ''یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ '' (سورۂ الحج:۷۷)

فقہ حنفی والوں کے لیے آیات سجدہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(۱) ''اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ '' (الاعراف:۲۰۶)

(۲) ''وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ '' (الرعد:۱۵)

(۳) ''یَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ '' (النحل:۵۰)

(۴) ''وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْكُوْنَ وَیَزِیْدُهُمْ خُشُوْعًا '' (بنی اسرائیل:۱۰۹)

(۵) ''اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنْ ذُرِّیَّةِ اٰدَمَ وَ مِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّ مِنْ ذُرِّیَّةِ اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْرَآئِیْلَ وَمِمَّنْ هَدَیْنَا وَاجْتَبَیْنَا اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِیًّا '' (مریم:۵۸)

(۶) ''اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَ كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَ كَثِیْرٌ حَقَّ عَلَیْهِ الْعَذَابُ وَمَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ '' (الحج:۱۸)

(۷) ''وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا '' (الفرقان:۶۰)

(۸) ''اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ '' (النمل:۲۶)

(۹) ''اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ '' (السجدۃ:۱۵)

(۱۰) ''قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَیَبْغِیْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِیْنَ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ‘‘(ص:۲۴)

(۱۱)’’فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ ‘‘(حم سجدہ:۳۸)

(۱۲)’’فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ‘‘(النجم:۶۲)

(۱۳)’’وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ‘‘(انشقاق:۲۱)

(۱۴)’’سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۔ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ‘‘(العلق:۱۹)

***

تسخیر مؤکلات باطنی

تسخیراتی دنیا میں جنات، مؤکلات، ہمزاد، دیوی دیوتا کا موضوع جتنا دلچسپ اور حسین ہے، اس سے کہیں زیادہ اس راستے کی مشکلات اور صبر آزما مراحل ہیں۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کل شاعری میں ہر شخص میر تقی میر، مرزا غالب اور عملیات میں رام پوری اور غوث گوالیار بنا پھرتا ہے۔ حالانکہ چند عشروں پہلے تک ایسا کچھ بھی نہیں تھا۔ آج کل ہر دوسرے شخص کی کوشش ہے کہ وہ ان مخلوقات کا راتوں رات، کروڑ پتی سکیم کی طرح عامل بن جائے اور پھر ہمارے چند لکھنے والے علم دشمن حضرات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں اور مجبور بے بس عوام کی بے بسی کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اس گھناؤنے فعل کی پاداش میں اللہ تبارک تعالیٰ کے حضور اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ان کی ضرور باز پرس ہوگی۔

تسخیراتی دنیا میں سالوں کی ریاضت کے بعد اگر کچھ ہاتھ آجائے تو کامیابی جانیں۔ ہاں ’’نگاہ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں‘‘ کا معاملہ برعکس ہے۔ اس لیے احقر کا مشورہ ہے، جہاں اچھے اساتذہ کی تلاش جاری رکھیں، وہاں کسی کامل ولی اللہ۔ جو مسند ولایت پر فائز ہو کی روحانی نظر کرم کے طالب ضرور بنیں۔

ذیل میں تسخیر مؤکلات باطنی کا آسان سا ابجدی عمل پیش کر رہا ہوں جو مختلف کتب میں موجود ہے مگر ادھورا ہے۔ یہ ان لوگوں کے لیے ایک اچھا عمل ہے جو کہتے ہیں کہ ہمیں ابھی تک عملیات میں کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ عمل کی ابتداء عروج ماہ، پنجشنبہ کے دن سے کریں۔ جمالی پرہیز کریں۔ بعد نماز عشاء مقررہ وقت اور مقررہ جگہ پر کریں۔ بلاناغہ چوبیس یوم عمل کریں۔ اس کے موکلات ظاہری طور پر نہ حاضر ہوتے ہیں نہ آپ کوشش کریں۔ باطنی طور پر حاضر ہوں گے۔ نشانی یہ ہے کہ یا عمل کے دوران یا عمل کے آخری دن آپ کو محسوس ہوگا کہ میرے ساتھ کوئی دوسری ذی روح بھی کمرے میں موجود ہے۔ عمل کی کامیابی کے بعد جب بھی کوئی کام لینا ہو تو تنہائی میں جا کر عزیمت پڑھیں۔

چلڈرن سیرپ
پیچش، پتلے دست، قے، متلی،
فوڈ پوائزنگ اور ہیضہ کیلئے
ایک خوش ذائقہ سیرپ
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

جب آہٹ محسوس ہو تو اپنا مقصد بیان کریں اور کمرے سے باہر آجائیں۔ ایک ساعت کے بعد کمرے میں دوبارہ جائیں۔ اگر یہاں دھیمی دھیمی خوشبو محسوس کریں تو سمجھیں آپ کا کام ہوگیا۔ روزانہ مداومت کے طور پر ایک تسبیح روزانہ ورد میں رکھیں۔ اب طریقہ سمجھ لیں۔

طریقہ عمل

اپنا نام معہ والدہ کے ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ خانہ نمبر 9 پر پہنچیں تو پورے اعداد کی بجائے، احد لیں۔ اگر احد کے بجائے عشرات ہے تو دوسرا عدد لے کر نقش مکمل کریں۔ اب ان آخری 8 خانوں کو جوڑی ترتیب دے کر ان کے حروف بنالیں۔ پھر آگے کلمہ ائیل لگا کر موکل بنائیں۔ آپ کے پاس 4 موکل آجائیں گے۔ ان چار موکلات کو درج عزیمت کے ساتھ اعداد خود، موکلات اور اسمائے حسنیٰ کی تعداد کے مطابق 24 یوم پڑھیں ”عزمت واقسمت علیکم (موکلات کے نام) احضر و واطیعو بحق یاحی یاقیوم“

***

آیۃ کریمہ کا چلہ آپ کی ہر پریشانی کا خاتمہ

حاجت روائی کے لیے آیت کریمہ تریاق مجرب ہے اور اس کے دو طریقے ہیں: ”لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُـۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ“ (الانبیاء: ۸۷ تا ۸۸)

(۱) آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے (اور پھر دعا کی جائے)

یہ طریقہ صرف بڑے اور اہم مقاصد اور پریشانیوں سے نجات کے لیے کیا جائے۔ مثلاً عدالت میں اہم فیصلہ ہونا، کوئی دشمن اور ظالم شخص ہے اور اس سے نجات مطلوب ہے، کسی جادوگر سے نجات مطلوب ہے، کسی جادوگر کی تمام طاقتیں اور اعمال ضائع کرنا چاہتے ہیں، بیمار شخص زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے، کاروبار میں کسی بڑے نقصان کا اندیشہ ہے، مال کہیں پھنس گیا ہے اور کروڑوں کا نقصان ہوسکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

(۲) ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نمازِ عشاء کے تاریک (اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبال قبلہ کے ساتھ پڑھے۔ ایک پیالہ پانی کا بھر کر پاس رکھ لے اور لحہ لحہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے۔ تین، سات، اکیس یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔ انشاء اللہ، جو بھی جائز حاجت ہوگی، وہ پوری ہوگی۔

یہ عمل ہر اس حاجت کے لیے کیا جاسکتا ہے، جس کے حصول میں کسی قسم کی رکاوٹ آرہی ہو۔ مثلاً کوئی شخص پیسے واپس نہیں کررہا جب کہ اس کے پاس موجود ہیں۔ اس کے لیے تین دن یا سات یا چالیس والے طریقے سے عمل کریں۔ تین دن پڑھیں اور چوتھے دن لازمی بات کریں۔ تین دنوں میں اس شخص سے بات نہیں کرنی، جس سے پیسے لینے ہیں۔ اگر بات بن جائے تو ٹھیک ورنہ مزید چار دن پڑھ کر سات دن پورے کریں۔ اس بارے بھی اسی طرح کرنا ہے کہ پڑھائی والے دنوں میں اس شخص سے بات نہیں کرنی اور مدت پوری کرکے اگلے روز لازمی بات کرنی ہے۔ اسی طرح عمل کرتے جائیں انشاء اللہ تین، سات، اکیس یا چالیس روز میں حاجت پوری ہوگی۔

اسی طرح اگر رشتہ کے لیے راضی نہ ہو رہے ہوں تو اس عمل کو کیا جائے۔ اسی ترتیب سے کرنا ہے اور بات کرنی ہے، جیسے لکھا گیا ہے۔ افسر بات جائز نہیں مان رہا، جائز ترقی نہیں ہو رہی، نوکری اہل ہونے کے باوجود کسی اور کو ملنے کا امکان ہے، کسی بیماری سے جان نہیں چھوٹ رہی اور صحیح تشخیص نہیں ہو رہی، امتحان میں کامیابی مطلوب ہے وغیرہ۔ الغرض یہ عمل ہر جائز حاجات کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ سب کو اس کی اجازت ہے۔ نوٹ دونوں آیات کو ملا کر پڑھنا ہے۔

***

رشتوں کی بندشیں ختم کرنے والا لاجواب عمل

(سید توصیف الدین ہجویری، کراچی)

جس کسی بچے یا بچی کا رشتہ بوجہ سحر باندھ دیا گیا ہو اور کسی بھی حالت میں رشتہ نہ آتا ہو یا آ کر ٹوٹ جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیہ روحانی حضرت نظام الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (سنام شریف) بے حد مفید اور زوداثر ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کے تین عدد نقش لکھیں۔ دو سفید کاغذ پر اور ایک سبز ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے ساعت زہرہ میں تیار کریں اور ان پر 313 مرتبہ آیت سحر اور 770 مرتبہ سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ریشمی پارچہ والا نقش خوشبو لگا کر بچے یا بچی کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنا دیں۔

ایک نقش پانی میں حل کر کے اس سے وہ بچہ یا بچی سات یوم تک غسل کرے اور کپڑے پہننے سے پہلے اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ دوسرا نقش کسی گتہ پر چسپاں کر کے اپنے مکان کی بیرونی چوکھٹ کے اندر کی جانب دیوار پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم ایک ماہ کے اندر اندر رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

***

پرسکون زندگی کیلئے طٰسٓ کا پراسرار نقش

(اظہر قادری، جھنگ)

یہ حروف اٹھارہویں پارے کی سورۂ نمل کے شروع میں ہیں۔ ان کے عدد ۶۹ ہیں اور یہ سفر کی کامیابی کے لیے بہت مفید ہیں۔ اگر کوئی عامل خود کہیں کا سفر کرنا چاہے یا اس کے گھر والے سفر کرنا چاہیں تو اس عمل کی تاثیر سے سفر کرنے والا ہر قسم کے خطرات، حادثات اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا اور خدا اس کے سفر کے سب مقاصد پورے کر دے گا لیکن شرط یہ ہے کہ ہر مقصد کے لئے الگ الگ عمل خوانی ہوگی۔

عامل بننے کا طریقہ

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے وقت سورج طلوع ہونے کے رخ آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائے اور گیارہ ہزار مرتبہ طٰسٓ پڑھے اور بارہ دن تک یہ چلہ کرے۔ جب چلہ پورا ہو جائے اور کسی کے لیے یہ عمل پڑھنا ہو تو بارہ دن روزانہ صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہوتے وقت ۶۹ بار پڑھے۔ خدا نے چاہا تو سب مقاصد پورے ہوں گے۔

طٰسٓ (تسخیر محبوب اور دفع سحر کا ایک نادر عمل)

طٰسٓ سے ---المبین... تک اگر گلاب و زعفران سے لکھ کر سحر زدہ کو پلائیں تو شفا ہو اور اگر کسی پاگل کو چند روز پلائے تو وہ صحیح ہو جائے گا۔



کتاب کیا ہے......؟
معلومات اور نتائج کا بہترین کامیاب سنہری مجموعہ ہے جس سے آپ ڈپریشن سے فوری نجات اور اس کا فوری علاج آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹینشن کے مریضوں کیلئے بہترین سرمایہ......

جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

۷۸۷

۲۶	۱۹	۲۴
۲۱	۲۳	۲۵
۲۲	۲۷	۲۰

طٰسٓ کا یہ نقش بچہ کے رونے اور ضد کرنے میں نہایت کارآمد ہے۔ دفع سحر کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔ یہ نقش شادی کے خواہاں مرد یا عورت کے گلے میں ڈالیں تو کامیابی ہو۔ سبز کپڑے میں لپیٹ کر گلے یا بازو پر باندھیں۔

جو کوئی طٰسٓ کو المبین تک لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ اپنے دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے اور فقر و فاقہ سے بچا رہے اور اگر مسحور و محبوس کے بازو پر باندھے، مسحور شفا پائے اور محبوس خلاصی پائے۔ اگر کوئی شخص مجنوں ہو، اس کو ہر روز گھول کر پلا دیا جائے تو اچھا ہو جائے گا۔ اگر قرضہ دار ہو، لکھ کر اپنے پاس رکھے قرض ادا ہوگا۔ اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، لکھ کر اپنے پاس رکھے قرض ادا ہوگا۔ اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے، اس کی شادی ہو جائے گی اور شوہر زوجہ نیک ملے گا۔ اگر کسی کی دوکان پر سودا کم بکتا ہو تو دوکان کے دروازے پر لکھ کر لگا دے، خریدار غیب سے آئیں گے۔ منفعت خوب ہوگی۔ جس لڑکے کے گلے میں ڈالے، خواب میں نہ ڈرے گا۔ اگر بہت روتا ہو، نہ روئے گا۔

***

خوشحالی کے راستے کھلیں

(انتخاب: ذوالفقار احمد، کراچی)

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کر کے لگاتار 21 راتوں تک کرنا چاہیے۔ پہلی رات غسل کرنا ضروری ہے۔ اس عمل کو احرام پہن کو ورنہ سفید لباس پہن کر کریں۔ دوران عمل اگربتی روشن کریں اور کپڑوں کو بھی خوشبو سے معطر رکھیں۔

طریقہ عمل یہ ہے۔ طالب کے نام مع والدہ اعداد نکال کر ان میں ۱۸۱۴ کا اضافہ کریں اور آتشی چال سے حسب قاعدہ نقش تیار کریں۔ اس کے بعد طالب مع والدہ نام کے حروف الگ الگ لکھیں۔ دوسری سطر میں اسم رزاق، کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ کے حروف بھی الگ الگ لکھ کر ان دونوں سطروں کو باہم امتزاج دیں اور چار چار حروف سے کلمات بنا کر انہیں نقش کے چاروں طرف لکھ دیں۔ اور نقش کے چاروں کونوں پر ''یارزاق'' لکھ دیں۔ اس نقش کو مکمل کر کے موم جامہ کرنے کے بعد ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں اور قبلہ رو ہو کر مصلے پر بیٹھ جائیں اور کاغذ کے دس پرزوں پر الگ الگ کاغذ پر یہ حروف لکھیں۔

ک	ہ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
۲۰	۵	۱۰	۷۰	۹۰	۸	۴۰	۷۰	۶۰	۱۰۰

سب سے پہلے حرف ''ک'' والا کاغذ، نظروں کے سامنے رکھ کر قرآن حکیم کی اس آیت کو حروف کاف کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

آیت یہ ہے: ''وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ''(البقرہ: ۵۷)

اس کے بعد کاغذ کا دوسرا ٹکڑا نکالیں جو ''ہ'' ہوگا۔ ہ کے اعداد ۵ ہیں۔ اب مذکورہ آیت کو صرف ۵ مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اسی طرح بالترتیب کاغذ کے ٹکڑے نکالتے رہیں اور ہر حرف کے اعداد کے مطابق مذکورہ آیت پڑھتے رہیں اور ہر بار تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ ۲۱ رات اس عمل کو پابندی سے کریں۔ غربت و افلاس سے نجات ملے گی اور رزق کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

مثال	اعداد
نام طالب۔ اعجاز احمد	۱۳۵
نام والدہ۔ سلمیٰ بیگم	۲۱۲
اضافی اعداد	۴۱۸۱
	۴۵۲۸

وضع ۳۰

تقسیم کے بعد دو باقی رہے۔ نقش میں کسر آ گئی۔ نویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ اس کے بعد طالب مع والدہ کے حروف الگ الگ لکھ کر پہلی سطر رزاق اور کٓهٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کے حروف الگ لکھ کر دوسری سطر بنائیں، پھر تیسری۔ ان دونوں سطروں کے حروف کو امتزاج دے کر بنائیں گے۔

ا ع ج ا ز ا ح م د س ل م ی ب ی گ م
ر ز ا ق ك ہ ی ع ص ح م ع س ق

ارعز	جااق	زکاہ	حیمع
ارعز	جااق	زکاہ	حیمع
دصسح	لممع	یسبق	یگم
دصح	لمع	یسبق	یگم

کل ۸ کلمات بنے۔ نقش کے چاروں طرف دو کلمے تحریر کیے جائیں گے۔ نقش اس طرح بنے گا۔

چوٹ شفاء
ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو
رگڑ کی چوٹ ہو
یا کسی حادثہ کی ہو
جو ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک
قیمت
100.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

۷۸۶

یارزق ارعز جااق یارزق

	۱۱۲۴	۱۱۳۸	۱۱۳۵	۱۱۳۱	
	۱۱۳۶	۱۱۳۰	۱۱۲۵	۱۱۳۷	
یبق یگم	۱۱۲۹	۱۱۳۳	۱۱۴۰	۱۱۲۶	زکاہ جمیع
	۱۱۳۹	۱۱۲۷	۱۱۲۸	۱۱۳۴	

یارزاق دصح لمع یارزاق

عمل کے ۲۱ویں دن کاغذ کے دس ٹکڑوں کی الگ الگ ۱۰ گولیاں بنالیں اور ان کو کسی نہر، بڑے تالاب یا دریا میں ڈال دیں اور مذکورہ آیت روزانہ گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھتے رہیں اوّل وآخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ اس نقش سے اور عمل کی برکت سے حیرتناک فائدہ ہوگا۔ غربت ختم ہوگی اور خوشحالی کے راستے کھلیں گے۔

(نوٹ) رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں میں نوچندی جمعرات، جمعہ یا پیر کو ساعت مشتری میں اس تعویذ کو بنائیں اور روزانہ وظیفہ پڑھتے جائیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم میں جس مقصد کے لیے پڑھ رہے ہیں، وہ حاصل ہوگا یا اس کے حصول کے لیے اسباب مہیا ہوجائیں گے۔

***

اپنی بیماری پہچانیں اور علاج خود کریں

(مولوی فرقان احمد، نارووال)

جب کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو تو یہ دیکھیں کہ وہ کس دن یا کس رات میں بیمار ہوا ہے۔ جس دن یا جس رات میں بیمار ہوا ہے، اس کا اندازہ کر کے حسب ذیل طریقہ سے اس کا صدقہ ادا کریں۔ صدقہ رات بھر مریض کے سرہانے رکھا رہے اور صبح اس کو ادا کر دیا جائے۔ اگلے دن زوال سے پہلے صدقہ ادا کر دینا ضروری ہے۔ انشاء اللہ صدقے کی ادائیگی کے بعد مریض روبہ صحت ہوگا۔ یہ صداقت انسانوں کو دینے ہیں۔

دن	صدقات
اتوار	مریض کا پہنا ہوا کپڑا، دہی، چاول، گیہوں، سات روٹیاں (گھی یا مکھن لگی ہوئی حسب استطاعت)
پیر	سفید مرغ، تل ایک پاؤ، تیل سرسوں کا ایک پاؤ، چاندی سوا ماشہ
منگل	سوا گز کپڑا سرخ رنگ کا، ثابت مونگ ایک پاؤ، تل ایک پاؤ، انار ایک کلو، گیہوں کا آٹا ۷ کلو
بدھ	ایک عدد روغنی روٹی، ایک میٹر کپڑا، چاندی چھ ماشہ
جمعرات	ایک مرغ، سات پھول زرد رنگ کے، ایک کلو آٹا گیہوں کا
جمعہ	گائے کا گھی ایک پاؤ، دال ماش ایک کلو
ہفتہ	۴ میٹر کا لال کپڑا، ۲ کلو کوئلے، پانچ کلو لوہا

رات	صدقات
شب اتوار	بکری کا بچہ، ایک کلو دودھ، ہلدی ایک کلو
شب پیر	ایک کلو چاول، ایک کلو ثابت مونگ، ایک کلو مسور
شب منگل	پکے ہوئے میٹھے چاول، سرخ کپڑا ایک میٹر، ایک کالے رنگ کا مرغ
شب بدھ	مرغی کے انڈے ۳عدد، ایک کلو گوشت، ایک کلو گیہوں
ض	ایک بکرا، گیندے کے ساتھ پھول، تین کلو آٹا گیہوں کا
شب جمعہ	ایک کل نقلی گھی، ایک کلو گیہوں کا آٹا، ایک کلو سرسوں کا تیل
شب ہفتہ	ایک کلو گوشت، ۲ کلو چنے، ایک کلو سیب، ایک پاؤ لال شکر

ان تمام صدقات کو کسی تھیلے میں مریض کے سرہانے رات کو رکھیں اور اگلے دن ان صدقات کی ادائیگی سے پہلے اسی طرح غور کر لیں کہ کس دن بیمار ہوا ہے۔ انشاءاللہ صدقات کے ادا کرنے سے مریض حیرتناک انداز میں روبہ صحت ہوگا۔ اگر مرض شدید ہو تو صدقہ کئی بار بھی دیا جا سکتا ہے لیکن ایک سے زائد بار صدقہ ادا کرنا ہو تو ایک دن چھوڑ کر صدقہ ادا کریں۔

ایک بات یاد رکھیں کہ صدقات میں اگر متعدد چیزیں ہوں تو ان کو ایک ہی دکان سے نہ خریدیں۔ بلکہ دو یا تین دکانوں سے خریدیں۔ خریدتے وقت اگر باوضو ہوں تو بہتر ہے۔ صدقے کا سامنا کسی ایسی عورت اور مرد کے ہاتھ میں نہ دیں جو ناپاک ہوں۔

جب صدقات سے علاج کا فائدہ آپ کے سامنے آئے گا تو اس وقت آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ صدقات کے ذریعہ علاج کس قدر مؤثر ہوتا ہے اور بھیانک امراض واثرات سے کس طرح نجات مل جاتی ہے۔

(نوٹ) شب جمعہ میں نقلی گھی سے مراد بناسپتی گھی ہے جہاں صرف گوشت لکھا ہے وہاں بکرے کا گوشت لیا جائے۔

***

ماں آپ سے کتنا پیار کرتی ہے

ماں اپنی اولاد سے کس قدر محبت کرتی ہے کس قدر اس کیلئے دعائیں مانگا کرتی ہے، ہم سوچ بھی نہیں سکتے ذیل میں ایک ماں کی دعائیں لکھی جاتی ہیں جس سے آپ اس کے جذبات اور احساسات کو بخوبی سمجھ سکیں گے اللہ کریم ہم سب کو اپنی ماؤں کی قدر کرنے والا بنادے امین۔

یا اللہ! میری ساری اولاد کو اور ان کی سات نسلوں کو دنیا، آخرت کی تمام نعمتیں عطا فرما اور ان نعمتوں کو برتنے کا سلیقہ، طریقہ، قرینہ عطا فرما اور ان کو شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔



قبض ان بیماریوں میں سے ایک ہے جو مادیت کے دور کا تحفہ ہیں۔ بظاہر یہ بیماری معمولی سمجھی جاتی ہے لیکن ماہرین نے اسے تمام بیماریوں کی جڑ قرار دیا ہے۔ قبض کیوں، کیسے اور کس طرح ہوتی ہے؟ یہ ہمارے جسم میں کن خرابیوں کا ذریعہ بنتی ہے......؟ ان تمام سوالات کے جوابات کا نام زیر نظر کتاب ہے جو ان شاء اللہ آپ کیلئے سراپا صحت اور شفاء کا ذریعہ ہے۔

جمع وترتیب
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

یااللہ! ان سب کو دونوں جہانوں میں ہر طرح کی کامیابیاں عطا فرما اور ناکامیوں سے بچا۔

یااللہ! ان سب سے تو خصوصی محبت فرما اور ان کو اپنے سے محبت کرنے والا بنا۔

یااللہ! ان سب کو ترقی، خوشی، خوشحالی اور برکت عطا فرما۔ سکون، اطمینان اور آسانیاں عطا فرما۔ دولت، عزت اور اچھی شہرت عطا فرما۔

یااللہ! ان سب کو حلال، پاکیزہ، وافر مقدار میں رزق عطا فرما۔ دنیا، آخرت کی ان کی تمام جائز تمنائیں پوری فرما۔

یااللہ! ان کو اپنے اور اپنے رسول ﷺ کے تمام حکموں پر عمل کرنے والا بنا۔ دین، دنیا کا برکت والا علم، حکمت، دانائی عطا فرما۔

یااللہ! ان سب کو عظیم انسان بنا، بڑا مسلمان بنا۔ ان سب کو ہر قسم کی محتاجی سے بچا۔ مجبوری، معذوری، مفلسی، آزمائش سے بچا۔

یااللہ! ان سب کی جسمانی، ذہنی، روحانی بیماریوں سے حفاظت فرما۔ حسد، نظر، جن، جادو سے بچا۔ دین، دنیا کے نقصان سے بچا۔

یااللہ! ان کو سات نسلوں تک دین، دنیا کے لحاظ سے بہترین رشتے عطا فرما۔

یااللہ! ان کو کبھی مقروض نہ کرنا!

یااللہ! یہ سب سات نسلوں تک آپ کے حوالے، آپ کے سپرد۔ بس تو ان کا والی، وارث، وکیل بن جا۔

یااللہ! ان سب کو بار بار مقبول حج، عمرہ نصیب فرما۔ ان پر اپنے غیب کے خزانے کھول دے۔

یااللہ! ان سب کو وہ تمام بھلائیاں عطا فرما جو تیرے نبی ﷺ نے تجھ سے مانگیں اور ان تمام برائیوں سے ان کو بچا جن سے تیرے نبی ﷺ نے پناہ مانگی۔

یااللہ! ان کے حق میں ان کی سات نسلوں تک میری تمام دعائیں قبول فرما۔ امین امین امین

***

سپیریچوئل ھیلنگ

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی کے ذریعے علاج کا طریقہ کار

میڈیکل میں ایک اچھے ڈاکٹر سے (میڈیکل کے لحاظ سے) صرف 25 فیصد مریض ٹھیک ہوتے ہیں اور یہی حال اطباء اور حکماء اور دیگر طریقہ علاج کا ہے۔ جبکہ سپیریچوئل ہیلنگ انرجی کے ایک اچھے ہیلر سے 75 فیصد سے 85 فیصد ٹھیک ہوتے ہیں۔ سپیریچوئل طریقہ علاج میں (سپیریچوئل انرجی) کام کرتی ہیں اور یہ طریقہ علاج دنیا کا زبردست اور سب سے طاقتور طریقہ علاج ہے باقی طریقوں کی نسبت اس میں زیادہ مریض ٹھیک ہوتے ہیں۔ اور اس طریقہ علاج میں وہ مریض بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں جو دوسرے طریقہ علاج سے لاعلاج ہوں، سپیریچوئل ہیلنگ انرجی کے پہلے لیول سے ہی انسان ادویات سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور اسے کسی بھی مرض کیلئے دوائی کھانے کی ضرورت نہیں رہتی اور اپنا اور دوسروں کا علاج اس انرجی سے کر سکتا ہے۔ پہلے درجہ یا لیول میں سپیریچوئل ہیلر کے دونوں ہاتھوں میں شفا بخش انرجی کی ایک طاقت ورفور آجاتی ہے۔ اور سپیریچوئل ہیلر ہاتھوں کے ذریعے مریضوں کا علاج کرتا ہے۔ بدن انسانی میں جہاں کہیں بھی تکلیف ہوتی ہے۔ وہ ہاتھوں کو رکھتا ہے اور سپیریچوئل انرجی کے ذریعے شفائی لہریں بدن انسانی میں چلنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ہیلنگ (علاج) کے لئے مریض کو آرام دہ جگہ پر بیٹھا دیا جاتا ہے اور سب سے پہلے سر پر دماغ والے حصہ میں ہاتھوں سے انرجی دی جاتی ہے۔ پھر متاثرہ حصے پر ہاتھ رکھ کر انرجی دی جاتی ہے۔ تمام بدن میں جہاں کہیں بھی مرض ہوتا ہے یہ انرجی اس جگہ پہنچ کر تکلیف یا مرض کو ختم کر دیتی ہے اور مریض بغیر ادویات کے تندرست ہو جاتا ہے۔ ہیلنگ انرجی کے ذریعے تمام امراض اور تمام پرابلمز کا علاج بغیر ادویات کے کیا جاتا ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی کے ذریعے کامیاب علاج کریں

(انتخاب: ماسٹر میاں عبدالہادی، کوٹ لکھپت)

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 1

پہلے لیول میں ہاتھوں میں (ایک روحانی شفائی طاقت) ہیلنگ انرجی آجاتی ہے اور ہاتھ دست شفا بن جاتے ہیں۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 2

دوسرے لیول میں سانسوں میں (ایک روحانی شفائی طاقت) ہیلنگ انرجی آجاتی ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 3

تیسرے لیول میں دوسری چیزوں میں ہیلنگ انرجی ٹرانسفر کی جاتی ے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 4

چوتھے لیول میں دور سے علاج کیا جاتا ہے۔ زمینی فاصلہ خواہ جتنا بھی ہو، اس کی کوئی حد مقرر نہ ہے۔ بے شک معالج دنیا کے ایک کنارے اور مریض دنیا کے دوسرے کنارے پر ہو۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 5

پانچویں درجہ میں باڈی میں انرجی سنٹر کو بیدار کیا جاتا ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 6

چھٹے درجہ میں دور سے باآسانی علاج کیا جاتا ہے۔ یہ درجہ لیول 4 سے زیادہ فاسٹ ہے اور طاقتور ہے۔ اس سے علاج کا طریقہ بھی آسان اور فاسٹ ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 7

ساتویں درجہ سے ہر قابل آپریشن امراض کا روحانی انرجی سے آپریشن کیا جاتا ہے گرمی، سردی کو کم کرسکتے ہیں اور نیند کو کنٹرول کرسکتے ہیں۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی لیول 8

آٹھویں درجہ سے جنسی اعضاء کی خوبصورتی اور جنسی امراض کا علاج کیا جاسکتا ہے اور بہت سارے مسائل کا حل کیا جاسکتا ہے۔

علاج میں سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجات کا کردار

علاج میں ہر سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ کا اپنی اپنی جگہ اعلیٰ مقام ہے اور بیماری کے جلد خاتمہ میں ایک

حسن شفاء سیرپ

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

زیادہ سوچیں نہیں!
بس سیرپ پئیں اور
حسن میں نکھار لائیں

دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور ہر درجہ کے ہوپس اور استعمال معالج (Healer) کی ہیلنگ پاور میں اضافہ کر دیتے ہیں۔ سپیر یچوئل ہیلر کے اپنے لئے اس کا زیادہ استعمال دوسروں پر بے حد فائدہ مند ہے۔ سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی دوسروں پر استعمال کرنے سے نئی زندگی اور نئی خوشیوں کا آغاز ہوتا ہے۔ زندگی کے بیشمار مسائل خود بہ خود حل ہوجاتے ہیں۔

سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی درجہ اوّل

پہلا درجہ ایک وقت میں ایک یا دو مریضوں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے، یہ زیادہ تر جسمانی بیماریوں مثلاً سر درد، کمر درد، بڑے جوڑوں کا درد، چھوٹے جوڑوں کا درد، پسلی کا درد، گھبراہٹ، دل ڈوبنا، پریشانی، بخار وغیرہ میں کارآمد ہے سپیر یچوئل پاور ماسٹر جب اس درجہ کے ھوپس ہیلرز کو دیتا ہے تو اس کے ہاتھ دست شفا بن جاتے ہیں اور ہیلرز کے ہاتھوں میں شفائی لہریں آجاتی ہیں اور بوقت علاج ہاتھوں سے نکل کر مریض کے متاثرہ حصے میں منتقل ہونا شروع ہوجاتی جسے ہیلر اور مریض دونوں محسوس کرتے ہیں جیسے تھرتھراہٹ سی ہوتی ہے یا پھر مریض کو تپش سے محسوس ہونا شروع ہوجاتی بعض مریضوں کو دوران علاج ٹھنڈک، گرمی، سنسناہٹ اور تھرتھراہٹ بھی محسوس ہوتی ہے، یہ تھرتھراہٹ شفائی انرجی کو وہاں لے جاتی ہے جہاں تکلیف یا مرض ہوتی ہے اور یہ انرجی ہماری سوچ اور تصور کے ساتھ بھی کام کرتی ہے۔ اس سے نفسیاتی اور روحانی بیماریوں کا علاج بھی ممکن ہے۔ اس درجے کے مددگار دوسرا اور تیسرا درجہ ہیں۔ ان تینوں کے بیک وقت استعمال سے مریض کو فوراً آرام آجاتا ہے اور یہ تینوں مل کر ہر قسم کی بیماریوں کا خاتمہ کرسکتے ہیں۔ پہلے درجہ سے کینسر جیسی بیماریوں کے علاج کے امکانات بہت کم ہے۔ اس طرح لاعلاج بیماریوں کے لئے دوسرے اور تیسرے درجے کی مدد لینی پڑتی ہے اور تینوں مل کر کینسر جیسی بیماریوں کو سو فیصد ٹھیک کرسکتے ہیں۔ تاہم کینسر جیسی بیماریوں کے لئے پانچویں درجہ کا کردار سب سے اعلیٰ ہے۔

سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی درجہ دوم

اگرچہ سپیر یچوئل انرجی دوئم سے تمام تر نفسیاتی اور جسمانی بیماریوں کا علاج کیا جاسکتا ہے لیکن اس کا خاص اثر نفسیاتی بیماریوں پر ہے۔ ڈپریشن، خوف، بے جا خوف، گھبراہٹ، تعلیمی مسائل، حافظہ اور یادداشت کی کمزوری، گونگے بہرے پن، کان کے امراض، عصبی ذہنی اور روحانی امراض میں اس کا اہم کردار ہے۔ یہ روح اور مثالی جسم Aura کو تازگی دیتی ہے۔ بچوں کے علاج میں آسانی پیدا کرتی ہے۔ بچوں کا رونا، ضدی پن، بچوں کا ڈر خوف وغیرہ کے لئے یہ درجہ خوب کام کرتا ہے۔ بچوں اور بڑوں کے سحری آسیبی امراض کے علاج میں ہیلر تیسرے درجہ سے بھی مدد لے سکتا ہے۔ دوسرا درجہ انسان کے مثالی جسم پر بیرونی برے اثرات کو ختم کرتا ہے اور جسم کا دفاع کرتا ہے۔ یہ درجہ حیوانات کے لئے بہت مفید اور زود اثر طریقہ علاج ہے۔ اس سے تمام تر جانوروں کے امراض کا علاج بھی کیا جاسکتا ہے۔ علاوہ ازیں اس درجہ کو نباتات کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لیکن نباتات کے لیے سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی کا تیسرا درجہ زیادہ بہتر ہے تاہم دونوں کو بیک وقت استعمال کرنا نباتات اور حیوانات کے علاج میں موثر کردار ادا کرتا ہے۔

سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی درجہ سوم

تیسرے درجہ کی سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی تمام طریقہ ہائے علاج سے ہم آہنگی پیدا کرتی ہے۔ ادویات کے مضر اثرات کو ختم کر دیتی ہے اور علاج میں ہر درجہ کی ہیلنگ انرجی کی مدد کرتی ہے۔ اس کو ہر قسم کی بیماریوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ نباتات اور حیوانات کے لئے بھی بہت مفید، سریع الاثر اور آسان طریقہ علاج ہے۔ یہ صرف بیماری کو ہی نہیں بلکہ جسم کے تمام فاسد مواد کو باہر نکال دیتی ہے۔ جسم کو ہر قسم کی بیماریوں سے صاف کرتی ہے۔ مکانات کو توانا (Energizi) کرنا۔ مکانات سے منفی (Negativity) ختم کرنا۔ مثلاً گھروں میں سے. شریر جنات اور ارواح، ارواح خبیثہ، بھوت پریت، سفلی اور گندی ارواح کا بسیرا، اور سحر جادو کالے، پیلے، سفلی اور غلیظ گندے علم کے تمام

بداثرات کو بھی اسی درجہ کی انرجی سے ختم کیا جاسکتا ہے۔ گھروں کے کشیدہ ماحول کو اس درجہ کی انرجی سے خوشگوار بنایا جاسکتا ہے اور بے جان چیزوں مثلاً لکڑی، پتھر، پانی، دھاگہ، کپڑے وغیرہ میں اس درجہ کی انرجی ڈالی جاسکتی ہے اور پھر یہ چیزیں جس منفی ماحوال میں رکھی جائیں گی وہاں یہ مثبت انرجی خارج کرتی رہیں گی۔ گویا ایک مقناطیسی لہریں خارج کرنے والا آلہ تیار ہوجاتا ہے۔ اس درجہ سے ہیلر سپیر یچوئل میڈیسن بھی تیار کرسکتا ہے جو ہر مرض سے نجات دلاتی ہے۔ سپیر یچوئل ادویات براہ راست روح پر اثر انداز ہوکر بدن انسانی میں پیدا ہونے والی تمام امراض کو ختم کردیتی ہیں۔

سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی درجہ چہارم

جب اس چوتھے درجہ کے ہوپس ہیلرز کو مل جاتے ہیں تو یہ انرجی بیدار ہوجاتی ہے تو اس کی رفتار روشنی کی رفتار سے کئی سو ارب (Billion) گناہ زیادہ ہوتی ہے اس کا رابطہ کائنات میں پائی جانے والی تیز رفتار توانائیوں کے ساتھ بھی منسلک کیا جاسکتا ہے۔ چوتھے درجہ کی ہیلنگ انرجی سے ہیلر دور فاصلے سے علاج کرسکتا ہے۔ سپیر یچوئل طریقہ علاج ایک ایسا زود اثر اور حیرت انگیز طریقہ علاج ہے کہ ہوپس لینے کے بعد چند مہینوں کے اندر اندر مریض ہزاروں کی تعداد میں آنا شروع ہوجاتے ہیں۔ اس درجہ سے مجموعی علاج یعنی (Group Healing) کی جاتی ہے۔ جو کہ بہت ہی مفید ہے، اس کا مددگار چھٹا درجہ ہے۔ جب سپیر یچوئل ہیلر کے مریضوں کی تعداد ہزاروں لاکھوں تک بڑھ جائے تو چوتھے اور چھٹے درجہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بہت سے مریضوں کو ایک جگہ مثلث کی شکل میں بٹھا کر ہر طرح کی بیماریوں کا علاج منٹوں میں کیا جاسکتا ہے۔ انرجی کے لئے فاصلہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا، مریض چاہے دور ہو یا نزدیک اس کا اثر ایک ہی جیسا ہوتا ہے۔ سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی کی ضرورت مند دنیا میں جہاں کہیں بھی ہوں سپیر یچوئل ہیلر سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے اپنی بیماریوں کے بارے میں بتا کر علاج کرواسکتے ہیں۔ اس طریقہ کار میں سپیر یچوئل ہیلر مریض کو کوئی ٹائم بتا دیتا ہے کہ اس وقت پر آپ بیٹھ جائیں یا لیٹ جائیں میں آپ کو سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی بھیج دوں گا۔ اس طریقہ علاج میں ٹائم سیٹ کرنا بہتر ہوتا ہے کیونکہ کبھی کبھی مریض پر اپنے سکون کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے کہ وہ نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہے۔ اس لئے وقت مقرر کرنا ایک بہتر طریقہ ہے۔

سپیر یچوئل ہیلنگ انرجی درجہ پنجم

اس درجہ کی انرجی کا تعلق جسم کے تمام بڑے انرجی سینٹرز سے ہے۔ جب اس پانچویں درجہ کے ہوپس ہیلرز کو مل جاتے ہیں تو یہ انرجی بیدار ہوجاتی ہے۔ جب یہ انرجی بیدار ہوجاتی ہے تو جسم کی تمام غیر منظم اور غیر متوازن قوتیں منظم اور متوازن ہوجاتی ہیں۔ اس کے بیدار ہونے سے اس درجہ کی انرجی لہریں جسم کے Aura (مثالی جسم) میں شامل ہوجاتی ہیں۔ اس طرح جسم کے کسی بھی حصہ سے دوسرے لوگوں کا علاج کیا جاسکتا ہے مگر اس درجہ سے زیادہ تر ہیلرز اپنے بدن کے انرجی سینٹرز کو طاقت ور کرنے کے لیے استعمال میں لاتے ہیں۔


کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج
تصنیف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

آخر آج کی پر عیش زندگی نے ہمیں صحت جیسی نعمت سے کیوں محروم کردیا......! آج سب کچھ ہونے کے باوجود تندرستی روٹھتی جارہی ہے......! کولیسٹرول کے مریضوں کیلئے حیرت انگیز مثالی کتاب طبی ذوق کا عظیم شاہکار......

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ششم

اس درجہ کی بیداری یعنی سپیریچوئل پاور ماسٹر سے ھوپس لینے کے بعد ہوتی ہے۔ جب اس درجہ کے ہیلرز کو ھوپس مل جاتے ہیں تب اس کی سانسیں جسم سے باہر کی سپیر نیچرل انرجی سے منسلک ہوجاتی ہیں اور سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ چہارم کی طرح دور سے ہی ہیلر سانسوں کے ذریعے مریضوں کا علاج کرسکتا ہے، زمینی فاصلہ خواہ کتنا ہی کیوں نہ ہو چند لمحوں میں مریضوں تک ان شفائی لہروں کو پہنچا کر اسے بیماری سے نجات دلائی جاسکتی ہے۔ ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک مریض اس شفائی انرجی کو کم ازکم پانچ منٹ تک محسوس کرتا ہے۔ یہ درجہ چوتھے درجہ سے زیادہ طاقتور اور زیادہ تیزی سے کام کرتا ہے۔ فاصلاتی مریضوں کا علاج کرنے کیلئے یہ درجہ اللہ تعالیٰ کی ایک خاص نعمت ہے جس سے سپیریچوئل ہیلر چند لمحوں میں مریضوں کو شفائی لہریں بھیج کر انہیں بیماریوں سے نجات دلاسکتا ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ہفتم

اس درجہ کے ھوپس لینے کے بعد اس کی انرجی بیدار ہوجاتی ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ہر طرح کی قوتوں کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ اس درجہ کی انرجی سے مریضوں کے آپریشن کئے جاتے ہیں۔ بدن انسانی میں ضرررساں چیزوں مثلاً گردوں کی پتھری، مثانہ کی پتھری، پتہ کی پتھری، غدودوں کا بڑھ جانا، بدن کے کسی بھی حصہ میں رسولیاں بن جانا، امراض دل، امراض معدہ وغیرہ حتیٰ کہ تمام تر قابل آپریشن امراض کا علاج اس درجہ کی انرجی سے کیا جاتا ہے۔ اس درجہ سے کیے جانے والے آپریشن بے ضرر ہوتے ہیں، پھر لطف یہ کہ مریضوں کو جراحی کے تکلیف وہ مراحل سے بھی نہیں گزرنا پڑتا اور مریض کا آپریشن بھی ہوجاتا ہے۔ مگر چند یوم مریض کو پرہیز ضرور کرنا پڑتا ہے جیسا کہ جراحی آپریشن کے بعد پرہیز ہوتا ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ہشتم

ہیلرز کو جب اس آٹھویں درجہ کے ھوپس سپیریچوئل پاور ماسٹر سے مل جاتے ہیں تب ہیلرز میں اس درجہ کی انرجی بیدار ہوجاتی ہے۔ اس درجہ کی انرجی سے انسان اپنا اور دوسرے لوگوں کا حسن بڑھا سکتا ہے۔ یہ انرجی جنسیات سے متعلق ہے جنس کشش، پیاس اور سرکشی کا باعث یہی انرجی ہے۔ یہ انسانی زندگی اور حیات کو ارتقاء بھی دیتی ہے اور ختم بھی کرسکتی ہے۔ اس انرجی سے انسان زندگی میں اپنی مرضی سے خوشیاں لاسکتا ہے اور اپنی صلاحیتوں کو بڑھا بھی سکتا ہے۔ اس کے ذریعے مرد اور عورت کے تمام تر جنسی امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔ جنسی اعضاء کی خوبصورتی کے لئے بھی اس درجہ کی انرجی کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ جنسی قوتوں کو کنٹرول بھی کیا جاسکتا ہے اور انہیں بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔ چہرے کی خوبصورتی اور کشش کے لئے بھی یہ انرجی خوب کام کرتی ہے۔ علاوہ ازیں اپنے وزن اور عمر پر کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ اس انرجی کے ذریعے آپ اپنے وزن اور قد کو نارمل کرسکتے ہیں۔ چہرے کی جھریاں ختم کرکے انتہائی پرکشش بنایا جاسکتا ہے۔ خواتین اپنے برسٹوں کو اس سے سڈول کرنے کے علاوہ خود کو پرکشش بناسکتی ہے۔

***

دعامانگنے والے اب مایوسی چھوڑ دیں۔۔۔!

(علامہ ابن جوزی)

علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک عجیب حالت پر غور کیا۔ وہ یہ کہ مومن پر جب کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ دعا کرتا ہے پھر مزید الحاح کے ساتھ دعا کرتا ہے لیکن قبولیت کا کچھ اثر نہیں دیکھتا۔ پھر جب مایوسی کے قریب ہونے لگتا ہے تو اس کے دل کی طرف دیکھا جاتا ہے۔ اگر وہ تقدیر کے فیصلوں پر راضی ہو اور اللہ عزوجل کے فضل سے ناامید نہیں ہوا ہوتا تو اس کی دعا قبول ہو جاتی ہے۔ اس لیے کہ یہی وہ موقع ہے جہاں ایمان شیطان کو دبا دے اور ایسے ہی موقع پر لوگوں کے مرتبے ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ اسی طرف سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اشارہ کیا گیا ہے:

حتی یقول الرسول والذین امنوا معه متی نصر الله

''حتیٰ کہ کہنے لگے رسول اور ان کے اصحاب کے مدد اب کب آوے گی''

اور اس طرح کا معاملہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے ساتھ ہوا کیونکہ جب آپ کا ایک بیٹا گم ہو گیا اور اس پر ایک مدت بھی گزر گئی تو آپ مایوس نہ ہوئے۔ اس کے بعد آپ کا دوسرا بیٹا بھی چھن گیا لیکن آپ اپنے رب کے فضل سے ناامید نہ ہوئے اور فرمایا:

ان یاتینی بهم جمیعا

''(امید کہ) بھیج دے گا میرے پاس ان سب کو''

ایسے ہی حضرت زکریا علیہ السلام نے عرض کیا تھا:

ولم اکن بدعائك رب شقیا

''اور اے میرے رب! آپ کو پکار کر میں کبھی محروم نہیں رہا ہوں''

پس قبولیت کی مدت کو گراں سمجھنے سے بچوں اور اس پر نظر رکھو کہ وہ مالک ہے، تدبیریں کرنے میں حکمت سے کام لیتا ہے، مصلحتوں کا زیادہ جاننے والا ہے اور اس پر بھی نظر رکھو کہ وہ تمہارا امتحان لیتا ہے تاکہ تمہارے باطن کو آزمائے۔ اور اس کا بھی خیال رکھو کہ وہ تمہارا تضرع وگریہ وزاری دیکھنا چاہتا ہے۔ اور اس پر بھی غور کرو کہ وہ تمہارے صبر پر تمہیں اجر دے گا (وغیرہ ذالک)۔ اسی طرح یہ بھی سمجھو کہ وہ قبولیت دعاء کی تاخیر میں تمہیں اس لیے مبتلا کرتا ہے تاکہ تم ابلیس کے وساوس سے جنگ کرسکو۔

***

خون صفاء
قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
خون صفاء (بچوں بڑوں کیلئے یکساں مفید)
چہرے پر داغ دھبے
کیل مہاسے، چھائیاں
جلد کی خرابی، پرانی خارش

دنیا میں رہتے ہوئے سب سے جدا رہیں

جو رب میرا تو سب میرا

حضرت حاجی امداداللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ مشہور عارف باللہ اور ولی اللہ ہیں اور برصغیر پاک و ہند کے کئی اکابر علماء ان سے سلوک و معرفت کی منزلیں طے کرتے رہے ہیں۔

حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں: ایک روز مجھے ایک شخص نے کیمیا کا نسخہ بتایا اور کہا کہ اس نسخہ اکسیر سے سونا بنتا ہے۔ میں نے اس نادان سے کہا کہ۔ ''میں ہندوستان کو چھوڑ کر مکہ معظمہ میں جو آیا ہوں تو اللہ تعالیٰ کی تلاش کے لیے آیا ہوں، کیمیا کی تلاش میں نہیں آیا'' (یعنی میں اس پاک جگہ پر اللہ اللہ سیکھنے آیا، اللہ کو خوش کرنے اور اور اس کی رضا پانے آیا ہوں۔ میں یہاں کسی دنیاوی لالچ کے لئے نہیں آیا)۔ سبحان اللہ وبحمدہ سبحن اللہ العظیم

اہل اللہ اپنی ساری توجہات کا مرکز بس اللہ تعالیٰ کی ذات اور مرضیات کو بنا لیتے ہیں۔ اس لیے دنیا ان کے سامنے کچھ حقیقت نہیں رکھتی۔ وہ دنیا سے مستغنی ہو جاتے ہیں۔ کوئی ظاہر بین یوں بھی کہہ سکتا ہے کہ وہ یہ نسخہ لے لیتے تو کیا تھا۔ خوب سونے چاندی سے نفع بھی حاصل ہوتا اور اپنی اللہ اللہ بھی کرتے رہتے۔ لیکن جب نگاہوں میں مٹی اور سونا برابر ہو جائے تو پھر کیا کہیے۔ یوں سوچئے کہ جب اللہ کی رضا اور دوستی مل گئی تو سب کچھ مل گیا۔ اللہ اپنا ہو گیا تو جو چہا۔ جب چاہا اس سے مانگ لیا۔

دین کی نسبت کا خیال رکھیں۔۔۔!

حضرت مفتی محمد حسن صاحبؒ بڑے پائے کے بزرگ اور حضرت حکیم الامت چشتی صابریؒ کے خلفاء میں سے ہیں اور لاہور میں ایک بڑے مدرسے کے بانی ہیں۔ آپ رحمہ اللہ نے ایک دفعہ اپنے صاحبزادے حافظ ولی اللہ صاحب سے بطور سوال فرمایا کہ ''تم دیکھتے ہو کہ میرے پاس ہر قسم کے لوگ آتے ہیں۔ آنے والوں میں امیر، غریب، اعلیٰ افسر اور علماء ہر نوع کے لوگ ہوتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ آخر یہ کیوں آتے ہیں؟'' صاحبزادہ صاحب فرماتے ہیں کہ میں خاموش ہو گیا۔ جب کوئی جواب نہ ملا تو حضرت مفتی صاحب نے خود ہی انتہائی انکساری سے فرمایا۔

''میرے پاس کچھ نہیں ہے، لیکن ان لوگوں کو شبہ ہو گیا ہے کہ میں دیندار ہوں تو گویا یہ لوگ دین کی وجہ سے میرے پاس آتے ہیں۔ اس سے اندازہ کر لو کہ دین میں کتنی عظمتیں پوشیدہ ہیں۔ دین کبھی نہیں چھوڑنا چاہئے۔ دین اللہ کی رحمت و برکت کا سرچشمہ ہے۔ دولت کوئی چیز نہیں۔ وہ ہوا کے جھونکے کی طرح گزر جاتی ہے''۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحن اللہ العظیم

اصل چیز تو دین ہی ہے۔ دین نہیں۔ ایمان نہیں۔ تو کچھ بھی نہیں۔ چاہے ساری دنیا کے خزانے قدموں میں نثار ہوں۔ حضرت رحمہ اللہ نے کیسے اچھے انداز میں اپنے فرزند کو دین کی قدر کا سبق دیا۔

یَاقَوِیُّ کے کرشمات

یہ اسم بعض کے نزدیک مشترک اور بعض کے نزدیک جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۱۶ ہیں۔

تعلق مع اللہ پانے والا عمل

جو شخص اس اسم پاک کو پڑھتا رہے، اسے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی توفیق نصیب ہو جاتی ہے۔

ہر دینی و دنیاوی مراد پانے والا عمل

اور اگر کوئی ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھے، اس کے تمام دینی اور دنیوی مقاصد پورے ہو جائیں۔

دشمن کو ماں کا دودھ یاد دلانے والا عمل

اور اگر کوئی نماز فجر کے بعد ۱۴۰ مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے اور روزانہ پڑھتا رہے تو کوئی دشمن اس پر غلبہ نہ حاصل کر سکے اور اس کے سامنے ہتھیار ڈال دے اور عاجزی اختیار کرے۔

اور اگر کوئی گوندھے ہوئے آٹے کی ایک ہزار گولیاں بنائے اور ہر ایک گولی اس طرح رکھے کہ وہ آپس میں نہ جڑیں اور ہر ایک پر یاقوی پڑھے اور پھر ان گولیوں کو مرغ کو کھلا دے، اگر دشمن کو دفع کرنے کی نیت سے پڑھے گا تو دشمن پر فتح یاب ہو جائے گا اور دشمن مغلوب اور پست ہو جائے گا۔ اگر اس وظیفہ کو کوئی کم ہمت پڑھے زور آور ہو جائے، کمزور پڑھے طاقت ور ہو جائے، مظلوم پڑھے اس سے ظالم مغلوب ہو جائے۔

القوی کا نقش معظم:

۷۸۷

۳۵	۴۳	۳۸
۴۱	۳۹	۳۶
۴۰	۳۴	۴۲

یَامَتِیْنُ کے کرشمات

یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد ۵۰۰ ہیں۔

ذکر اللہ کا شوق حاصل کرنے کیلئے

جو شخص اس وظیفہ کو ۳۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھے، اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کا ذوق و شوق بڑھ جاتا ہے۔

من پسند نوکری اور کاروبار کیلئے

اور جو کوئی ۳۶۰ مرتبہ ہر اتوار کو صبح کو پڑھے، جو منصب و عہدہ حاصل کرنا چاہے، اسے حاصل ہو جائے اور ملازمت میں ترقی ہو۔

ماں کا دودھ بڑھانے والا عمل

جس عورت کی ''چھاتیوں'' میں دودھ خشک ہو گیا ہو یا دودھ نقصان پہنچا رہا ہو وہ ''المتین'' کا نقش لکھ کر اسے پانی سے دھو کر عورت کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دودھ بڑھ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

کینسر کو شکست

تحقیق و تالیف
شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

دنیا کا کوئی مرض نا قابل علاج نہیں، اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کا علاج اس کائنات میں ضرور پیدا کیا ہے۔ کینسر کیا ہے؟ اسے کیسے ختم کیا جائے؟ یہ سب کچھ اس کتاب میں ملے گا۔ پڑھیے اور یہ سوچنے پر مجبور ہو جائیے کہ یہ کیسے، کس طرح اور کب ممکن ہوا۔

ہر برائی اور بُری عادت چھوڑنے کیلئے

اگر کوئی فسق و فجور میں مبتلا ہو یا کسی بدمعاش عورت کی عادت سنوارنے کے لیے پڑھا جائے تو وہ نیک چلن ہو جائے اور فسق و فجور چھوٹ جائے۔ اگر کمزور ہو تو طاقت ور ہو جائے۔ ''المتین'' کا نقش معظم درج ہے۔

۷۸۶

۱۱۷	۱۳۱	۱۲۸	۱۲۴
۱۲۹	۱۲۳	۱۱۸	۱۳۰
۱۲۲	۱۲۶	۱۳۳	۱۱۹
۱۳۲	۱۲۰	۱۲۱	۱۲۷

***

سورہ سجدہ کی چند آیات۔۔۔ سکھی زندگی کا راز

۷۴۹۹	۲۲۴۸۳۵	۵۲	۳۳۶۷	۷۹۴
۵۵	۳۳۶۵	۷۹۲	۷۵۰۲	۲۲۴۸۳۳
۷۹۵	۷۵۰۰	۲۲۴۸۳۶	۵۳	۳۳۶۳
۲۲۴۸۳۴	۵۱	۳۳۶۶	۷۹۳	۷۵۰۳
۳۳۶۴	۷۹۶	۷۵۰۱	۲۲۴۸۳۲	۵۴

وفق ۲۳۶۵۴۷

تمام شر پہنچانے والی چیزوں سے حفاظت کیلئے

حفاظت کے لئے اگر اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف سے آیت لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو اس کو مخلوق میں سے کوئی گزند نہ پہنچا سکے۔

''وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ'' (حم السجدۃ:۱۲)

ظالم سے نجات کیلئے

ظالم سے نجات کیلئے اگر اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس آیت کو پڑھ کر بعد نصف شب دعا مانگے تو مقصود حاصل ہو۔

''فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِيٓ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ أَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُونَ'' (حم السجدۃ:۱۶)

عدالت میں جھوٹی گواہی سے بچنے کیلئے

اگر کسی سے خدشہ ہو کہ وہ فیصلے میں جھوٹی گواہی دے گا تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ان آیات کا ورد کرتا ہوا اس کے سامنے جائے تو وہ حق کی بات کرے گا اور جھوٹ بولنے سے گریز کریگا۔

"حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ"۔ (حم السجدۃ: ۲۰ تا ۲۱)

پاکٹ منی میں بے بہا برکت کیلئے

اگر حصول رزق حلال اور برکت کے لیے اس وفق کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے اور ان آیات کو ان کے ہر چہار طرف لکھا جائے اور ان آیات کو ورد میں رکھا جائے تو رزق میں برکت حاصل ہوگی۔

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ 0 نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ۔

فوری حمل ٹھہرانے کیلئے

جس عورت کو حمل میں بہت تاخیر ہوتی ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر عورت اپنے پاس طہارت کاملہ کے ساتھ رکھے اور صبح و شام پڑھتی رہے تو حمل جلد ٹھہر جائے گا۔

''وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خٰشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ '' (حم السجدۃ: ۳۹)

پوشیدہ بات معلوم کرنے کے لیے

اگر کوئی پوشیدہ بات معلوم کرنی ہو تو اس وفق کو لکھ کر اس کے ہر چہار طرف یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے اور اس آیت کو ورد میں رکھے تو وہ راز کی بات اس پ منکشف ہوگی۔ ''اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ''(حم السجدۃ: ۴۰)

***

اہل اللہ کے کرشماتی نورانی عملیات

(مولانا ابوعون محمد غزالی، جہلم)

رزق کی فراوانی اور مشکلات کے حل کیلئے

جو کوئی نقش سورۂ احزاب کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، مشکلیں حل ہوں۔ فراخی رزق کے واسطے جب نقش لکھے تو چالیس بار سورۂ احزاب پڑھے۔

خاتون
شفاء
سیرپ

حیض کی بندش کے علاوہ خون کو
صاف کرتی ہے چہرے اور جسم سے
غیرضروری بال قدرتی طور پر ختم کرتی ہے

قیمت
120.00 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

موٹاپے کا بہترین علاج ہے
حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

۷۸٦

۸۸۸۰۷	۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۴
۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸	۸۸۸۲۰
۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۳	۸۸۸۰۹
۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱٦

مخلوق کو تابع کرنے اور غیبی رزق پانے والا عمل

جو کوئی اعداد قرآن مجید کو شرفِ آفتاب میں چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے گا، جمیع خلائق اس کی مسخر ہوگی اور رزق غیب سے ملے گا اور سفر وحضر میں جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔ اس رسالہ مختصر میں تشریح کی گنجائش نہیں۔ جس کے پاس رہے گا، اس کو سب منکشف ہوگا۔

۱۰۴۹۸۱۲۱۴	۱۰۴۹۸۱۲۲۷	۱۰۴۹۸۱۲۲۴	۱۰۴۹۸۱۲۲۱
۱۰۴۹۸۱۲۲۵	۱۰۴۹۸۱۲۲۰	۱۰۴۹۸۱۲۱۵	۱۰۴۹۸۱۲۲٦
۱۰۴۹۸۱۲۱۹	۱۰۴۹۸۱۲۲۲	۱۰۴۹۸۱۲۲۹	۱۰۴۹۸۱۲۱٦
۱۰۴۹۸۱۲۲۸	۱۰۴۹۸۱۲۱۷	۱۰۴۹۸۱۲۱۸	۱۰۴۹۸۱۲۲۳

بے پناہ رزق میں کشادگی کیلئے

سورۂ رحمن کے نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور جس روز سے باندھے، اسی روز سے سورۂ رحمن کو ایک بار پڑھے، رزق میں وسعت ہو۔

۷۸٦

۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۱
۲۵۷۴۵	۲۵۷۴۰	۲۵۷۳۵	۲۵۷۴٦
۲۵۷۳۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۴۹	۲۵۷۳٦
۲۵۷۴۵	۲۵۷۳۷	۲۵۷۳۸	۲۵۷۴۳

رزق بارش کی طرح برسے

زکوٰۃ سورۃ مزمل۔ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور دودھ چاول سے افطار کرے۔ اس کے بعد غسل کر کے لباس پاکیزہ زیب تن کرے اور عطر وخوشبو، اگر میسر ہو لگائے ورنہ خوشبودار پھول اپنے پاس پڑھتے وقت رکھے اور مغرب وعشاء کے درمیان شروع کرے۔ اوّل چاروں قل مع بسم اللہ تین تین مرتبہ پڑھ کر مصلے کے چاروں طرف حصار کھینچ لے۔ پھر درود شریف، جو نماز میں پڑھا جاتا ہے، گیارہ بار پڑھے اور سورۃ المزمل پوری مع بسم اللہ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اخیر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ختم کرے۔ شروع کرنے سے پہلے قدرے شیرینی پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر لے اور وہ شیرینی تقسیم کر دے یعنی بہ نیت ثواب روح پرفتوح حضرت قدس سرہٗ (حضرت غوث الاعظم رحمہ اللہ)۔

ایک چلہ یعنی چالیس روز کامل پڑھے اور چلّے کے دوران پیاز ولہسن ودیگر بدبودار اشیاء، گوشت ہر قسم سے پرہیز کرے۔ بعد ادائے زکوٰۃ

روزانہ گیارہ بار سورۂ مذکورہ پڑھتا رہا کرے، بلاناغہ۔ اگر کسی دن ناغہ ہوجائے اگلے روز قضا کرے۔ انشاءاللہ رزق میں فراخی ہوگی۔ یہ عمل کسی کامل بزرگ کی اجازت سے کرنا چاہیے۔

بااخلاق بننے کیلئے

’’یَامُتَکَبِّرُ‘‘ کا مستقل ورد کرنے والا منکسر المزاج، حلیم الطبع ہوتا ہے۔ لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق اور خندہ پیشانی سے پیش آتا ہے۔ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرنا اپنے لئے باعث سعادت اور برکت سمجھتا ہے اور لوگوں میں قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

کشفی نگاہ پانے کیلئے

باوضو ’’یَابَدِیْعُ‘‘ پڑھتے پڑھتے سوجائیں تو سچے خواب نظر آتے ہیں اور مستقبل میں پیش آنے والے حالات وواقعات کا علم ہوجاتا ہے۔

گھروں میں محبت پانے اور رکاوٹیں دور کرنے کیلئے

باوضو ’’یَابَدِیْعُ‘‘ اگر سو مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھا جائے تو غم اور پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔ کاروبار معاش میں رکاوٹیں درپیش ہوں تو وہ ختم ہوجاتی ہے۔ گھر میں خیر وبرکت ہوتی ہے۔ گھر کے افراد آپس میں شیر وشکر بن کر زندگی گزارتے ہیں۔

دل میں سرور اور درازی عمر کیلئے

’’یَاوَارِثُ‘‘ بکثرت پڑھنے سے عمر میں اضافہ، دل میں فرحت اور سرور پیدا ہوتا ہے۔

نیکی کی خواہش رکھنے والے یہ عمل ضرور کریں

وہ لوگ جو راست باز ہیں، نیکی کو پسند کرتے ہیں، دوسروں کے دکھ دردوں کو اپنا دکھ درد سمجھتے ہیں، جو بات اپنے لئے اچھی سمجھتے ہیں۔ تمنا کرتے ہیں کہ دوسرے لوگ بھی وہ کام کریں۔ لوگوں کو ان کے کاموں میں اچھے مشورے دیتے ہیں اور ان کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، ایسے سعادت مند بندوں پر اللہ تعالیٰ کا اسم ’’یَارَشِیْدُ‘‘ حکمران ہوتا ہے۔

ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ ’’یَارَشِیْدُ‘‘ پڑھنے سے آدمی راستی اور نیکی کا پیکر بن جاتا ہے اور اس کے لئے سعادت مندی کی تمام راہیں کشادہ ہوجاتی ہیں۔ کردار میں بزرگی کے آثار نمایاں ہوجاتے ہیں۔

بااخلاق اور باکردار بننے کیلئے

اچھے اور برگزیدہ لوگ حلیم الطبع ہوتے ہیں۔ بڑوں کا ادب کرتے ہیں اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت سے پیش آتے ہیں۔ سخت سے سخت مصیبت میں صبر سے کام لیتے ہیں۔ حالات کتنے ہی اچھے ہوں، غرور اور تکبر کو اپنے پاس پھٹکنے نہیں دیتے۔ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے غریبوں کی مدد کرتے ہیں اور اپنی زندگی کے ہر لمحے میں نیکی ونیکوکاری کی طرف مائل رہتے ہیں۔ ہر نماز



آج ہر شخص بے چین اور پریشان زندگی گزار رہا ہے اور افسوس یہ کہ روحانی دنیا تجارت اور خرید وفروخت کا ذریعہ بن گئی ہے……! ایسے وقت میں لاجواب کتاب……

